سلسلۂ کلیات خسرو مرتبہ بہ سرپرستی اعلیٰحضرت حضور عالی مقام نظام خلد اللہ ملکہٗ

کُنتُم اَعدَاءً فَاَلَّفَ بَینَ قُلُوبِکُم

نامِ ایں نامۂ والا ست قِرانُ السّعدین

کز بلندیش بسعدین سپہرست قِران

مثنوی

قِران السّعدین

حضرت امیر خسروؒ دہلوی

بہ تنقید

جناب خاں صاحب مولوی محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم میرٹھی

و بہ تمہید

مسٹر سیّد حسن برنی بی اے (علیگ) مہتمم دفتر کلیاتِ خسروؔ

و جنرل سپرنٹنڈنٹ صدر دفتر تکمیل مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

باہتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

مطبع انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ کالج میں طبع ہوئی ۱۳۳۷ھ ۱۹۱۸ء

انتساب

یہ سلسلہ نہایت فخر و مباہات کے ساتھ حسب
اجازت اعلیحضرت بندگان عالی متعالی ہز اگزالٹڈ
ہائنس آصف جاہ مظفر الممالک نظام الملک نظام الدولہ
نواب میر سر عثمان علی خاں بہادر
فتح جنگ جی سی ایس آئی، جی سی بی خلد اللہ ملکہ
و سلطانہ و ادام اقبالہ کے نام نامی و اسم سامی
کے ساتھ منسوب و معنون کیا جاتا ہے

مثنوی

قِران السعدین

مختصر فہرستِ مضامین

متن

تمہید

مثنوی قران السعدین خسرو

نوشتہ

سید حسن برنی بی اے

این سخن چند کہ بیخو است ست
شاعری نیست ہمہ راست ست

(از مثنوی قران السعدین)

فہرست مضامین

قِران السعدین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ اللہ آج سے چار برس پہلے جب کلیات امیر خسروؒ کی اشاعت کا خیال پیدا ہوا تو ملک میں ابھی تک وہ بزرگ موجود تھے جو ماضی کو سمجھتے اور اُسے حال و مستقبل سے روشناس کر سکتے تھے۔ حالی، شبلی اور اسمٰعیل اسی کاروانِ قدیم کے سالارِ راہ تھے۔ لیکن یہ قافلہ مرحلہ پیمائی کر چکا تھا، اور اُن کے نقوشِ قدم بہت جلد اُس منزل تک پہنچنے والے تھے جس سے آگے گم شدگانِ عدم کا سراغ نہیں لگتا۔ اُس زمانے میں مولٰنا حالی پیرانہ سالی سے معذور اور پا بہ رکاب تھے۔ مولٰنا شبلی کا قلم ابھی تک ہاتھ سے نہ چھوٹا تھا، لیکن سیّافِ اجل کمیں لگائے بیٹھا تھا۔ مولٰنا اسمٰعیل بھی اپنے دوسرے معاصرین کی طرح آفتابِ لبِ بام تھے۔ لیکن کمرِ ہمّت چُست باندھکر منزلِ مقصود کی رہ پیمائی کے لیے آمادہ ہو گئے۔ گردشِ ارضی کے دو تین دور وہ اس وادی میں مرحلہ پیما رہے۔ جب کہ منزلِ مقصود کے دھندلے نشان

دکھائی دینے لگے تھے اور اُمید کی شعاعیں کوشش کے راستہ کو منوّر کر رہی تھیں، یکایک داعیِ اجل نمودار ہوا، اور مولٰنا لبیک کہکر اپنے ساتھیوں سے، جو کسی قدر پہلے روانہ ہو چکے تھے، جا ملے ؎

مجلسِ یاراں پریشاں شد زبادِ تندِ دہر ✿ برگ ریزی گوئی اندر گلستاں آمدہ

سلسلۂ خسروی میں "حیات" کا قرعہ مولٰنا کے نام ڈالا گیا تھا، بعد میں مثنوی قران السّعدین بھی اُن کے سپرد ہوئی۔ اُن کی عمر کے آخری ڈھائی برس اسی علمی مشغلہ میں گذرے۔ اِس مدّت میں قران السّعدین پر مکمّل تنقید لکھی، حیاتِ خسروی کے لیے بہت سا مواد جمع کیا اور سوانح عمری کے چند اجزا ترتیب دے لیے جن میں معز الدین کیقباد کے اخیر عہد (۶۸۹ھ) تک خسرو کے حالات درج ہیں۔ افسوس قضا نے اتنی مہلت نہ دی کہ یہ عظیم الشان علمی منصوبہ مولٰنا کے ہاتھوں سرانجام پا جاتا۔ یکم نومبر ۱۹۱۷ء کو سہ پہر کے وقت پچھتّر برس کی عمر میں چند روزہ علالت کے بعد اُن کا انتقال ہو گیا۔

مولٰنا اسمٰعیل ہمارے لٹریچر کے اُن معدودے چند مربّیوں میں سے ہیں جن کا نام شہرتِ عام حاصل کر چکا ہے، اور کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ وہ نثر و نظم دونوں میں ملک کے چند بہترین اہلِ قلم میں شمار ہوتے تھے۔ بچّوں کے لیے اُن کا تصنیف کیا ہوا درسیات کا سلسلہ آج تک بے مثل مانا جاتا ہے، اور اُن کی اخلاقی اور نیچرل نظمیں قبولیتِ عامّہ حاصل کر چکی ہیں، اور گھر گھر پھیلی ہوئی ہیں۔

مولانا کی زندگی ملک کے سامنے ایک قابلِ قدر نمونہ پیش کرتی ہے۔ وہ ۱۲ر نومبر ۱۸۴۴ء کو میرٹھ کے ایک گاؤں میں جس کا "لاوڑ" نام تھا پیدا ہوئے تھے۔ ۱۶ برس کی عمر میں ہی فکرِ معاش دامنگیر ہوگئی۔ سرشتۂ تعلیم میں نہایت قلیل تنخواہ پر نوکری اختیار کی۔ لیکن خداداد قابلیت نے اپنے لیے راستہ نکال لیا۔ اواخر ۱۸۹۹ء میں جب اُنھوں نے پنشن لی تو وہ نارمل اسکول آگرہ میں ہیڈ مولوی تھے۔ اپنے قلم کی بدولت اُنھوں نے دنیا کی ثروت اور عزت حاصل کی۔ اُن کی کتبِ درسیہ جو اُردو مدارس میں عرصہ تک داخلِ نصاب رہیں لاکھوں کی تعداد میں نکلیں، اور اب تک رائج ہیں۔ گورنمنٹ نے اُن کے تعلیمی خدمات کے اعتراف میں "خاں صاحب" کا خطاب دیا جس سے زیادہ مناسب اُن کے لیے "شمس العلما" کا خطاب ہوسکتا تھا۔

وہ تعلیم کے خاص طور پر دلدادہ تھے، اور قلمے، قدمے، درمے ہر طرح اپنی زندگی علم اور اشاعتِ تعلیم کے لیے وقف کردی تھی۔ اُن کی یہ تعلیمی خدمت بھی خاص طور پر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ مسلمانانِ میرٹھ میں (جہاں اُنھوں نے سکونت اختیار کرلی تھی) تعلیمِ نسواں نے اُنھیں کی مساعیِ جمیلہ سے ترقی حاصل کی۔ ۱۹۱۰ء میں اُن کی تحریک سے مدارسِ نسواں کا افتتاح ہوا، جن کی نگرانی اُنھوں نے اپنے ذمّے لی، اور اخیر تک نہایت تندہی سے اُسے انجام دیتے رہے۔ علاوہ ازیں وہ ہر قسم کی مفیدِ عام تحریکوں میں حصّہ لینے کی کوشش کرتے تھے۔

وابستگانِ سلسلۂ خسروی پر اُن کا بہت بڑا احسان ہے، اور اُن کی خدمات

پورے طور پر اعترافِ خاص اور اظہارِ شکریہ کی مستحق ہیں۔ اُنھوں نے ابتداءً یہ علمی کام، فخرِ ملک و ملت اور رشیدائے علم و فن نواب حاجی محمد اسحٰق خاں صاحب بہادر آنریری سکریٹری مدرسۃ العلوم کی فرمایش سے مخلصانہ تعلقات کی بنا پر قبول فرمایا تھا۔ آغازِ کار کے بعد مولنٰا کو اس مشغلہ سے ایسا عشق پیدا ہو گیا تھا کہ اخیر تک وہ اسی میں منہمک رہے۔

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ فرمایشی کام (خواہ اُس کی کوئی نوعیّت ہو) لوگوں پر بار ہوتا ہے لیکن مولنٰا کی حالت اس کے بالکل برعکس تھی۔ اُن کے شغف کا اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اکثر ایّامِ علالت میں بھی وہ بستر پر لیٹے لیٹے کچھ نہ کچھ خسرو کا کام کرتے رہتے تھے۔ سلسلۂ خسروی میں اُنھوں نے اپنا تمام قیمتی وقت بغیر کسی قسم کا معاوضہ قبول کیئے صرف کیا، اور جب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ دُنیا میں بہت کم لوگ ایسا استغنا دکھا سکتے ہیں تو مولنٰا کا ایثار خاص طور پر ہمارے دل میں اُن کی وقعت پیدا کر دیتا ہے۔

راقمِ آثم کو کئی دفعہ "خسرو" کے سلسلہ میں مولنٰا مرحوم کی خدمت میں حاضر ہونے کا اتفاق ہوا۔ اُن سے ملکر سچّی روحانی خوشی ہوتی تھی، اور اُن کے بزرگانہ اخلاق اور علم و فضل کا دل پر گہرا اثر پڑتا تھا۔ خسروؒ کے ساتھ تعلّقِ خاطر بہت بڑھ گیا تھا۔ خسروؒ کا کلام نہایت ذوق و شوق کے ساتھ سناتے تھے۔ ایک مرتبہ فرماتے تھے "خسرو عجیب و غریب شخص تھے۔ سچ یہ ہے کہ اس سے پہلے ہم اُنھیں اتنا بڑا نہ جانتے تھے، لیکن اب جو تفصیل کے ساتھ اُن کے کلام کو دیکھنے کا موقع ملا تو معلوم ہوا کہ وہ کیا تھے"۔ ایک دفعہ وسط الحیوٰۃ سے "خانِ شہید" کے مرثیہ کے کچھ بند سنائے اور اس بے مثل ترجیع بند کی

خاص تعریف کی۔ مرثیہ کا ایک بیت بہت پسند تھا جسے کئی کئی دفعہ پڑھکر سنایا ؎

"کشتگاں افتادہ در اطراف آں صحرای سبز — ہمچو صورتہا کہ در دیبایے اخضر بافتند"

ایک مرتبہ فرماتے تھے کہ "امیر کے کلام میں صنایع بدایع بہت ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ ان تکلفات سے دوسروں کی شاعری پر برا اثر پڑجاتا ہے، لیکن خسرو کے یہاں اکثر اسقدر بے تکلف اور بامزہ ہیں کہ اُن کی وجہ سے لطفِ شاعری بڑھ جاتا ہے" مثال کے طور پر قران السعدین سے یہ شعر پڑھا اور کئی دفعہ دہرایا ؎

آبِ دُر از تاج و قبا و کمر — تا بکمر تا بہ گلو تا بہ سر (صفحہ ۸۴)

قران السعدین کی تنقید جو مثنوی مذکور کے ساتھ اس وقت ناظرین کی خدمت میں پیش ہے مولانا اسمٰعیل مرحوم کی اخیر مکمل تصنیف ہے۔ اس کے لکھنے میں مولانا نے پوری جانکاہی سے کام لیا ہے۔ اُن کی تحریر سلیس اور خالص اُردو کا بہترین نمونہ ہوتی ہے۔ زبان شستہ اور خیالات سلجھے ہوئے ہوتے ہیں۔ طول کلام سے وہ ہمیشہ بچتے ہیں لیکن اختصار کے ساتھ کہنے کے قابل جتنی باتیں ہوتی ہیں وہ سب بیان کر دیتے ہیں یہ سب خوبیاں اس تنقید میں موجود ہیں جو ناظرین کے سامنے ہے۔

اس تنقید کے بعد قران السعدین پر کسی مزید تبصرہ کی گنجایش نہیں ہے۔ البتہ اس مثنوی کے متعلق محض ضمناً چند متفرق امور بیان کیے جاتے ہیں جن سے یا تو تنقید کے بعض ضروری نکات کی توضیح و تنقیح مقصود ہے یا اس مثنوی کے بعض تاریخی پہلوؤں پر روشنی ڈالنا مرکوز ہے۔

خسرو نے جس قدر مثنویاں لکھی ہیں ان کی دو جداگانہ قسمیں قرار دی جاسکتی ہیں
اوّل وہ مثنویاں جو اتباعاً لکھی گئی ہیں۔ دوم وہ مثنویاں جو طبع زاد ہیں۔ پہلی قسم میں
خمسہ کی پانچوں مثنویاں ہیں جن میں خمسۂ نظامی کا تتبع کیا ہے۔ دوسری قسم میں متعدد
چھوٹی چھوٹی مثنویاں اور قران السعدین، عشیقہ، نہ سپہر، اور تغلقنامہ داخل ہیں۔

مثنوی نگاری میں خسرو نے جابجا اپنے آپ کو نظامی کا متّبع بتایا ہے۔ اس اتباع
کی دو حیثیتیں ہیں جن میں فرق کرنا ضروری ہے۔ ایک اتباع وہ ہے جو خمسے میں کیا ہے۔
یعنی نظامی کی پانچوں مثنویوں کے جواب لکھے ہیں۔ دوسرا اتباع اس سے بالکل جدا
ہے جو محض زمانی حیثیت سے اُن پر عاید ہوتا ہے۔ ارتقائے تمدن کے دوسرے شعبوں
کی طرح لٹریچر کی تاریخ میں ہر پیچھے آنے والا پہلے آنے والوں کا پیرو ہوتا ہے۔ اس
لحاظ سے مثنوی میں خسرو نظامی کے ایسے ہی تبع ہیں جیسے نظامی فردوسی کے یا فردوسی
دقیقی کے متبع تھے۔ اس اتباع سے خسرو کی "شخصیت" پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مثنوی
نگاری میں اُن کی ذاتی خصوصیات کافی طور پر نمایاں ہیں اور غور کرنے سے صاف نظر
آجاتی ہیں اور اُن کی شاعری کو نظامی (یا کسی دوسرے مثنوی نگار) سے اسی طرح بیّن
طور پر متمائز کر دیتی ہیں جس طرح نظامی کی خصوصیات اُن کی شاعری کو فردوسی یا سعدی
سے جدا کرتی ہیں۔ یہ خصوصیات خسرو کی طبع زاد مثنویوں میں بدرجہ غایت غالب
ہیں۔ اسی وجہ سے طبع زاد مثنویوں کے متعلق یہ کہنا بیجا نہو گا کہ یہاں پر ان کا اتباع

فی الحقیقت محض اُس قسم کا اتباع ہی جو متقدمین کے مقابلہ میں متاخرین پر تاریخی حیثیت سے ہمیشہ عاید کیا جاتا ہی۔

اِس بحث کو زیادہ پھیلانے کا موقع نہیں ہی۔ قران السّعدین (جو بڑی مثنویوں میں سب سے پہلی طبعزاد مثنوی ہی اور جو خمسے سے دس بارہ برس پہلے لکھی گئی تھی) اس وقت ہمارے سامنے موجود ہی۔ یہ مثنوی فارسی لٹریچر میں اپنا جواب نہیں رکھتی اور اپنے رنگ میں بالکل انوکھی کتاب ہی۔ اس مثنوی کے لیے خسرو کے سامنے کوئی نمونہ موجود نہ تھا، اور ہمارے علم میں خسرو کے بعد اس کا جواب نہیں لکھا گیا۔ اگر لکھا گیا ہو تو وہ ایسا ہی جسے کوئی نہیں جانتا۔

ع۵ منیر نے ایک چھوٹی سی مثنوی "درصفت بنگالہ" لکھی ہی، جس میں وصف نگاری کا التزام کیا ہی جو بلاشبہ خسرو کا اتباع ہی۔ لیکن یہ مثنوی قران السعدین کے جواب میں نہیں لکھی گئی ہی، اور نہ بجز وصف نگاری کے خسرو کی مثنوی کے ساتھ اس میں کوئی مشابہت پائی جاتی ہی۔ مثلاً کشتی کی تعریف میں منیر نے بھی چند اشعار لکھے ہیں جو بغرض دلچسپی ناظرین درج ذیل کئے جاتے ہیں:

ز کشتی بل کمانِ دل نشینے ✤ بہر گوشہ درو چلّہ گزینے ✤ ندانم تیر او چوں می کند کار ✤ کہ نے پیکانش کس دیدہ نہ سوفار ✤ کمانش گفتم و الحق ہمانست ✤ سیہ ملّاح او زاغِ کمانست ✤ اگر سہراب باشد ور بہ بیمن ✤ نیارد ایں کماں تنہا کشیدن ✤ نہ آنستایں کماں تنہا ایں کماں ہ ✤ ولی ہرگز نہ شد شایستۂ زہ ✤ گر اندیشہ امن و امان ست ✤ کہ طوفاں چاشنیِ ایں کمان ست ✤ بود چنگے کنارِ آب جایش ✤ ز فیضِ رود ہا سازِ نوایش ✤ مگر زیں چنگ رو رہ گشتہ خوشحال ✤ کہ کف بر کف زند ہر دم چو قوال ✤ ازاں مانند بچنگِ نغمہ پرداز ✤ کہ باشد باد بانش پردہ ساز ✤ شبیہِ او ہمہ از چنگ جویند ✤ ولیکن اہلِ ہندش ناؤ گویند ✤ بود پیر کہن سالیش زیباست ✤ ز شوقِ آب جانش ناشکیباست ✤ محاسن از قطاسش گشتہ پیدا ✤ بر وہم پیر وہم برناست شیدا ✤ بروں آورد ریشِ دلپسندی ✤ بجنبد گر کسے دارد ریش خندی ✤ کند با موج بحرِ آہنگِ آشوب ✤ تراشد دست و پای خویش از چوب ✤ بیابد تا سراغِ آشنائی ✤ زند ہر دم بدریا دست و پائی ✤ گزارش تا سوئے آب اوفتادہ ✤ عنانِ خنج در دستِ باد دادن ✤ دمادم علمِ دریا کردہ تکرار ✤ معلم تختۂ او شستہ صد بار ✤ پرستارش بر غم چرخ پیر ✤ پزد ہر لحظہ سودائے ہریسہ ✤ ندانم چہ بیماریش دیدند ✤ کہ آلیش از شکم بیروں کشیدند ✤ بود او را سبک رفتاری ایں ✤ رود رہ با ہزاراں پائے چوبیں ✤ سبک پا نیست بار او گرانست ✤ ولی پایش بدستِ دیگرانست ✤ ازاں دریا بہ او سر کردہ آشوب ✤ کہ دریا را گرفتہ در تہِ چوب

ہم یہاں مختصر طور پر خسرو کی طبعزاد مثنویوں کی خصوصیات بیان کرنا چاہتے ہیں اور اسی بحث کے ضمن میں قران السعدین پر بالتخصیص نظر ڈالینگے۔ اس کو پڑھتے وقت یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ان خصوصیات میں سے بعض جُدا جُدا دوسرے شاعروں کے یہاں بھی پائی جاتی ہیں، لیکن ان کا اجتماع جس طرح خسرو کے یہاں ہوا ہے دوسری جگہ نہیں ہے۔

سب سے پہلی خصوصیت خسرو کی طبعزاد مثنویوں کی یہ ہی کہ تقریباً تمام تاریخی مثنویاں ہیں۔ ان مثنویوں کی بنیاد واقعات پر ہی۔ محض شاعرانہ خیال آفرینی پر نہیں ہی۔ عشیقہ حُسن و عشق کی ایک سچی اور دردناک داستان ہی جس میں عہد علائی اور مابعد کے مستند تاریخی حالات درج ہیں۔ نہ سپہر میں علاء الدین کے رنگیلے جانشین قطب الدین مبارک شاہ کی تخت نشینی کے بعد کے مفصّل واقعات ہیں جو اُس عہد کی کسی دوسری تاریخ میں نہیں ملسکتے۔ تغلق نامہ میں خلجیوں کی بربادی اور تغلقوں کی سر براٰرائی کی پوری داستان ہی۔ وسط الحیوٰۃ میں بلبن کے عہد کی مثنویاں ہیں جن میں طغرل پر فوج کشی اور بلبن کے بڑے بیٹے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۷)

بکلاسے ودسوٹے ادسیاہاں
نشستہ چوں وسوسے چشم مژگاں

قران السعدین میں صفتِ کشتی کے اشعار صفحہ ۱۴۵ تا صفحہ ۱۴۸ کو ان اشعار سے مقابلہ کر کے دیکھو زمین آسمان کا فرق نظر آے گا۔ ..... ہندوستان میں کشتی سال کی لکڑی سے بنائی جاتی ہی۔ اس کو خسرو نے کس خوبی کے ساتھ بیان کیا ہی ؎ ماہِ نوے کاصلِ وے از سال خاست + گشت یکے ماہ بدہ سال راست۔ اس کے مقابل میر کا شعر ہی ؎ بود پیر کہن سالیش نہ پیاست + ز شوقِ آب جانش ناشکیباست۔ اس شعر میں مصرع اولی اور مصرعۂ ثانی میں کوئی خاص ربط نظر نہیں آتا علاوہ ازیں سال کا لفظ بالکل بھرتی معلوم ہوتا ہی وہ لطافت و موزونیت کہاں جو خسرو کے شعر میں اس لفظ سے پیدا ہو گئی ہی جس کے لطف نے جامی کو عرصہ تک سرگرداں رکھا تھا۔ اس کا ذکر آگے آتا ہی۔

سلطان محمد (سلطان شہید) کے غزوات درج ہیں۔ غرۃ الکمال میں جلال الدین خلجی کی فتوحات کی تاریخ ہے۔

چھوٹی مثنویوں کو بھی اگر شمار کیا جائے تو عہد بلبنی سے لے کر خاندانِ تغلق کے آغاز تک تقریباً پچاس برس کی ہندوستان کی مسلسل تاریخ امیر خسرو کی مثنویوں سے مرتب ہو سکتی ہے جو سند اور اعتبار کے لحاظ سے اس عہد کے متعلق قطعاً بے مثل ہے۔ یہ مثنویاں اُنھیں ایام میں تصنیف ہوئی ہیں جب کہ وہ واقعات پیش آئے جو ان مثنویوں میں درج ہیں، اور بیشتر واقعات خود خسرو کی چشم دید ہیں، جن کے دربارِ دہلی سے ذاتی اور خاندانی تعلقات ابتدا ہی سے اسقدر گہرے تھے۔

قران السعدین میں جو واقعات درج ہیں وہ تمامتر خسرو کے چشم دید ہیں۔ جس وقت کیقباد کا لشکر دہلی سے چلا ہے خسرو بھی اُس کے ہمراہ تھے اور باپ اور بیٹے کی ملاقات کے وقت بھی وہ موجود تھے۔

مولنا اسمٰعیل صاحب مرحوم نے بدایونی کی طرح خسرو کے ایک قصیدے سے کیقباد اور ناصرالدین کی ملاقات کے وقت خسرو کی موجودگی کا قیاس کیا ہے۔ یہ قیاس بالکل صحیح ہے، اور اس کے متعلق خسرو کے دوسرے بیانات صراحت کے ساتھ موجود ہیں۔ دیوان غرۃ الکمال میں اپنے بھائی تاج الدین کے نام ایک خط ہے جس میں اُنھوں نے لشکرِ شاہی کے ساتھ دہلی سے روانہ ہونے اور اپنے اودھ پہنچنے کے مفصل حالات بیان کیے ہیں۔ اعجازِ خسروی میں ایک اور خط ہے جس میں کیقباد اور ناصرالدین محمود کی

ملاقات اور اس موقع کے متعلق اپنے ذاتی حالات لکھے ہیں۔ چونکہ ان دونوں خطوں کا قران السعدین سے براہِ راست تعلق ہے اور بعض جزئیات پر ان سے روشنی پڑتی ہے اس لیے ان دونوں خطوں سے ضروری مقامات نقل کیے جاتے ہیں۔

تاج الدین زاہد کے نام

(از غرۃ الکمال)

خوانند زمن خراب سینہ   خسرو نہ کہ بندۂ کمینہ

می گوید و می نہد شغبناک   چوں قطرۂ اشک روئے برخاک

کانروز کہ گشتم از برت دور   ق   محروم شدم چو سایہ از نور

برعزمِ سفر عناں کشادم   خونابہ ز دیدگاں کشادم

با لشکرِ شاہ کوچ بر کوچ   در گریہ ہمی شدم بہر کوچ

تا بعدِ دو ماہ از رہِ دور   آمد باودھ سپاہِ منصور

سلطاں نظرے بلطف بکشاد   واقطاعِ اودھ بخانِ ما داد

شد شہر اَوَدھ حوالۂ خاں   شد دہرِ ابد نوالۂ جان

باآں کہ نداشتم صبوری   افتاد سکونتم ضروری

اس کے بعد شہر اَوَدھ کی تعریف اور ملک امتیاز الدین علی بن ایبک (حاتم خاں) کی توجہات کا ذکر ہے۔

ہردم نظرے بتربیت نو   از چشمِ کرم بکارِ خسرو

آخر میں دردِ فراق کا اظہار اور عزیزوں دوستوں اور دارالسلطنت کی یاد ہے۔

لیکن از غمِ دوریت چنانم
کز تن بلب آمدست جانم

شبہا من و دل بغم نوازی
با یادِ تو در خیال بازی

دل سوختہ چوں چراغ گشتہ
صد جائے درونہ داغ گشتہ

در سینہ ہزار آہِ جانسوز
آہے و ہزار تیرِ دلدوز

دل رفتہ و تن بخاک ماندہ
جاں بر شرفِ ہلاک ماندہ

با آں کہ ازیں ولایتِ خوش
یارے دو سہ اند نغز و دلکش

از حالتِ من در آرزویت
عاشق شدہ ہمچو من بر رویت

با من ہمہ انست شب و روز
دل سوختہ را قناعت آموز

نے قاصدِ تو رسد بسویم
نے باد رساند از تو بویم

گو آں بوفا ہم نشستن
دل در طرب و نشاط بستن

گہ دادنِ دُرِّ نظم چوں نوش
از دُرجِ دہن بحلقۂ گوش

گاہے بدیہۂ دل آویز
سفتن گہرے بخامۂ تیز

گاہے غزلے جواب گفتن
گاہے سخنِ شراب گفتن

گہ جامِ نشاط نوش کردن
گہ زمزمۂ تر بگوش کردن

گہ گردنِ گشت سوئے بستاں
گاہے بطوافِ حوضِ سلطاں

ہر شب منم و سلے و دردے
غم را بدو چشم آب خوردے

شبے وز غم ز آهِ جانسوز — زین گونه بود شبِ مرا روز

یکشب من و دل چراغ در پیش — جانے بہزار داغ در پیش

بودیم بہم بگفت و گویے — محرم نہ کسے جز آرزویے

گفتم که ازین اسیرِ بیداد — یاد آیدت یا نیایدت یاد

تا حال بدانیم که چونم — وز دیده چگونه غرقِ خونم

روشن کندت زبانِ خامه — حالِ من ازین فراق نامه

ماهِ رجب و شبِ سه شنبه — یک هفته حسابِ رفته بر نه

تاریخ ز ہجرت ار کنم یاد — بر ششصد و ہفت بود و ہشتاد (۶۸۷)

غدار شبے ز ابرِ تاریک — بارنده بقطرہاے باریک

عینِ بنگال و وقتِ باران — خیمه زده ابر را سواران

بگشاده بنالہ رعد را کام — بردہ دہلِ خروش بر بام

می گفت ترانہ ابرِ سرمست — بود آب برقص و برق می جست

باران بهوا بقطره سازی — قطره بزمین بحباب بازی

گریه ز من وز ابر ہم یاد — بیرون و درون خانه نم باد

تا وقتِ سحر قلم در انگشت — در تاریکی ہمی زده مشت

چون نیست تکلفے بدردم — در نامه تکلفے نکردم

صنعت بسخن نکردم آغاز — تا قصه نماند از غرض باز

چوں رنگ پذیر شد مقالات　　صنعت بود آں نہ حسب حالت

یک بیت ز گفتۂ نظامی　　تضمیں کنم اندریں تمامی

کارائیش کہ دنی ز حد بیش　　رخسارۂ قصہ را کند ریش

یہ خط سہ شنبہ ۱۶ رجب ۶۸۷ھ کا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ لشکر شاہی دو مہینے کے سفر کے بعد اَوَدھ پہنچا۔ جس وقت بادشاہ اپنے باپ سے مل کر دہلی کو واپس ہوا ہے، برسات کا موسم تھا، اَوَدھ پہنچنے پر اغلباً اپنے بھائی کے نام ان کا یہ پہلا خط ہے۔ خسرو محبّت و الفت کا مجسّمہ تھے قدرت نے انھیں درد و سوز کی غیر معمولی مقدار عطا فرمائی تھی۔ عزیزوں اور وطن کی محبّت نے انھیں زیادہ دن اَوَدھ میں نہیں رہنے دیا اور اس خط کے لکھنے سے تین چار مہینے بعد ہی وہ اَوَدھ سے روانہ ہوکر ذوالقعدہ ۶۸۷ھ میں دہلی پہنچ گئے۔ اس کی تفصیل آگے آئیگی۔

بنام "خداوند و برادرم ..... نجم الملۃ والدین"

(از اعجازِ خسروی رسالۂ خامس)

دوستدارِ یگانہ خسروِ سلطانی . . . . برآں رائے انور . . . . مصوّر می گرداند کہ . . . . . خداوند ملک ملوک الشرق و قطب ارکان الملک اختیار الحق والدین . . . . . علی ایبک سلطانی ..... از اوجِ ارتفاع بچشم سعادت درکارِ بندہ ناظر ست ولیکن دلِ بندہ کہ از تافتگیِ آفتابِ فراق در ہوائے

دوستان فرزه ذرّه شده است۔ نه در آسمان ست نے در زمین۔

..... مقرو، آں ضمیر مستنیر می گرداند که اندر انچه سلطان مشرق ناصر الدین

والدنیا... ازمقام محمود چوں نیرِ اعظم برعزم کشورکشائی تیغ زناں راہ قطع

کرده باقطاعِ اَوَدھ دررسید ہلالِ رامیش در آبِ سرو چوں ماه از برج سرطان

رویت نمود..... وازیں جانب سایۂ عنایت پروردگار جہانگیر مشرق و مغرب

معزالدنیا والدین کیقباد..... چترِ خورشید تابِ ظلِ الٰہی را ہم برلبِ آب

مذکور چوں آفتاب درخانۂ ماہی مستقیم گردانید۔

آں چه لشکر بود کز جنبید نش　　زلزله در چار ارکان در گرفت

لرزهٔ بیرق زبندِ نیزہا　　گوئی آتش در نیستاں در گرفت

پائے در گِل ماند خیل آسماں　　گرد کاندر چرخِ گرداں در گرفت

روز اوّل ایں دو بحر زاخر بوجہِ توجہ اگرچہ آئینۂ آب درمیان بود مواجهه نمودند۔

مرج البحرین یلتقیان بینهما برزخ لا یبغیان۔ روزِ دیگر قران السعدین و اجتماع

نیرین گردشِ دوراں ارزانی داشتند، و برہان جمع الشمس و القمر بر عالمیان

مبرہن و مبین گردانیدند۔ شبه نیست که بواسطۂ مباینت بینهما دیدار قیامتے افتاده

بود۔ و قیامت ایں بود که رویتِ آخرت ہم بلقیه ولی درحساب آمد۔ مگر یوم النشور

بود که آں دو آسمانِ رفعت آیتِ اذا الکواکب انتثرت باقلام جاریۂ مژگاں بر

صفحات وجنات می نگاشتند و جمهور خلایق بدیں باعث دراں محشر حشر کرده دراں

عرصات می گشتند۔

ناگاہ ذاتِ منورِ شمس الدین دبیر نور اللہ الی یوم الدین چوں آفتاب قیامت برسرِ این ذرہ آمد طلعت الشمس کشمس الطلعہ از گرمی آں مہر برخود بسوختم و خونم از حرارتِ درونی بیروں جوشید۔ از احتراق طاقتِ آن نداشتم کہ سوئے او توانم دید۔ مع ہذا چشم بجالش تیز کردم۔ آب در چشم من بگشت۔

آب در چشم بگردد چو بنی خورشید خاصہ خورشیدے کش خانہ بود اندر چشم

دیدم کہ از عفونتِ ہوائے ہندوستان آں چشم برآب خود نماندہ بود، بلکہ آفتاب مرا بدید و از جائے خود برفت۔ بحیلہ بسیار بجالش آوردم۔ لختی ثبت شکایت از دورانِ روزگار درمیان آوردکہ شیوۂ آبای علوی و امہات سفلی است کہ ابنائے جنس اخوانِ انس را چوں بنات النعش از ہمدیگر متفرق و متغرب می دارد۔ قدرے از قدرِ اقتدارِ خویشں بزبانِ حال لا بلسان المقال بلیاسے ہر چہ پوشیدہ تر کشف می کرد کہ در چہ ازانچہ بود عالی شدہ بود و از برآید دولتِ خویش اَلشَّمسُ لَا یَخْفیٰ فِی کُلِّ مکَانٍ گشتہ دفعہ اللہ فی مشارق الارض و مغاربہا۔ ہر یک از اصحاب را یادکرے علی العموم می کرد، علی الخصوص آں نجم ثاقب را۔

بگریہ گفت کہ آمد بسے ستارہ بچشم
ستارۂ کہ مرا باید آں بچشم نیامد

آں روز بوقتِ غروب بمقامِ خویش باز گشت۔

روز دیگر بہوائے اثیر الدین محمد محمد آثارہ ازبس کہ اثیر حرقت در باطن این سوختہ ظاہر شدہ بود خویشتن را در آب زدم و گذرانہ عزم گذارا کردم حالے کہ این خاکے از آب بگذشت سراسیمہ وار در ہوائے اثیر مُعلّق بَین السَّمَاءِ وَالاَرْضِ می رفت تا باثیر رسید۔ چوں یاراں محیط آتش طبیعت گرم ہنگامِ نمازِ خفتن بنود، بہ تعجب می گفت ؎

این تو ئی یا بخواب می بینم
کہ بشب آفتاب می بینم

شبا روزے بدیدار آں عزیز شب را بروز و روز را بشب آوردہ شد ؎

خجستہ روزے کاید بشب بروی عزیزاں
پس از ہزار شب و سہ ہزار روز جدائی

الغرض روز سوم ہم از بامداد ملک الآفاق شمس الدین عزیمت کشتی کرد و بندہ خسرو کہ قایم مقام تیر ست در آں کشتی با قامت بندگی راست بایستاد ؎

گرد بر چشم خیالِ یار من کشتی رواں
آفتابے بود کاں بر روے دریا می گذشت

شک نیست کہ آں ذات چوں موج از بحر بالاتر بود، بلکہ از بحر می گذشت و بحر را کہ خراج گذارِ جود او ست از وجود او غیرت بحاصل می آمد۔ فی الحاصل نزدیک

رفیقش

چو تره تابشی که در رفعت سر بفلکِ فلک می رسانید، بر سید و پرسید تا کشتی را بر لبِ آب بر کنار اُمیدِ آشنایان بایستانند۔ تا اگر آشنائے بر روئے آب می آید که آشنائی آشنائے گزشته بر آبِ خویش باز آورد۔ و بیشترے راندنِ کشتی از برائے آں نجم علا بود۔ چوں زمانے بر آمد و بعد از زمانے چوں ستارۂ مقصود بر نیامد می گفت ؎

چگونه رانم کشتی ستاره پیدا نیست
مگر ستاره نهاں شد درابرِ دیدۂ من

از هنگامِ طلوعِ آفتاب تا زوالِ نهار بر کرانۂ نهر آں مردم دیده را چشم می داشت و از کواکبِ مراد عکسے هم در آب نمی دید ؎

آرے نتواں ستاره دیدن در روز

بر روئے من بارقه از مهر یار رقت تمام روشن می کرد و در معاینه ایں سرود معاینه می گفت ؎

من که شمسم همه تن مهر شدم از سرِ سوز
ذوقِ آں دست نهاں ماند چو سیاره بمهر

بعد از انتظارِ بسیار بنده را وداع کرد و آیت العود احمد بر خواند۔ و دیوانِ خاص که نظمش از نثره و شعرے سخن میگوید یادگار بکاتب سپرد، و خود بمقر دولت رسانید، و نا دیدنِ آں عزیز را بر تقدیرِ خدائے علیم حواله کرد۔
وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۔ بنده باقلبِ کثیر

و قلبِ بے سکون از اں میثاق بوثاق آمد.......

تمامت روز دریں تحیر می بودم کہ یارب اگر مجلسِ شمسی آں نجمِ علا بچشم آمدی نوراً علیٰ نور بودے۔

روزِ دیگر بدرِ منیرِ مملکت را از حضیضِ مشرق باوجِ ارتفاع رجعت افتادہ داہِ اعلامِ اعلیٰ بر سمتِ دار الملکِ جلال منزل بمنزل بر طریقے سریع السیر گشت کہ در ہیچ منزل باآں نجم مقابلۂ سعادت میسر گشت کہ سوختگیِ شمس و اثیر دیدہ بر روے آب آورد ے

سوزے کہ بسینہ دارم آخر روزے
در خدمت تو بروے آب آرد چشم

ہم در اثنای راہ مخدومِ بندہ بمنزلتِ اقطاع اودھ شرفِ دست بوسی یافت بندہ کہ چوں عطارد در شعاعِ آں آفتاب ست نتوانست کہ بخانہ خویش راجع شود ضرورت باستقامت آں طرف رضا داد۔ ملکِ بے مثال لطلبِ مثالِ ولایت بر موافقت رکابِ فرقد سائے اعلیٰ منطقہ جوزا بر دیبان بست و در ظلِ ظلیل ہمائے ہمایونِ چتر کہ نسرِ طائر سایہ نشین اوست، طیران نمود۔ و بندہ را کہ بلبلِ حدیقۂ حداثت ست باز گردانید۔ باشارت رلئے مختار اختیارے از اتصالِ کوکبۂ اصحابِ لشکر نقلِ ضروری اختیارے افتاد و بہ ظلمتِ ہندوستان کہ اقلیمِ زحل ست اہبوط کردہ شد۔

(بقیہ)

موسمِ باراں بود وچشمۂ خورشید با سرطان آشنائی در آمد و سرطان منقلب آبی گشته۔ در عینِ باران و بارانِ عین چوں آبِ سرو بجانب اودھ داں کردہ شدہ

ابری بار و من می شوم از یار جدا * چوں کنم دل بچنیں وقت ز دلدار جدا

ابر باران و من و یار ستادہ بوداع * من جدا گریہ کناں ابر جدا یار جدا

باران آیتِ وَ اَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بہ بانگِ بلند می خواند، و باد و اضح فِیۡهَا عَیۡنٌ جَارِیَۃٌ بر صحیفۂ آبِ مسلسل روان و ان نقش می کرد و سبزہ بخطِ ترِ تفسیرِ لِنُخۡرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا بر تختۂ خاک ثبت می فرمود، و آب پیرامنِ خطِ مسلسلِ سبزہ جدولِ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ می کشید با چنداں آب رسوادِ لبتاں

تر گشت خطِ سبزہ و لے پاک نہ شد

مردمِ چشم از شرحِ فراقِ دوستاں رشحے منیرا ویدو ابر چوں ہوا خواہاں می گریست پائے مرکبم در آبِ چشمہا می لغزید، و برق چوں مسخرگاں می خندید

چگونہ برق نخندد کہ ژالہ سنگ انداز

حبابِ شیشہ گری را کشادہ کرد دکاں

تقاطرِ قطرات از عبراتِ من عبارتی می نمود، و بارقۂ برق از احتراقِ من حرفی.....

تا بریں طریق ایں خراب از معمورۂ اودھ آمد تا ایں قصۂ غصہ را بداں جناب رفیع رقم کرد فی الغرۃ من شہر رجب المرجب عظم اللہ ترجیبہ سنہ سبع وثمانین وستمائۃ انتظارِ قطرہ اراں و اثر دوات آں کہ قلمِ شہاب

۶۸۷ھ

سیر مجاریِ احوال جاری دارد، و اخبارِ متواتر را کہ موجبِ علمِ قطعی ست
چوں کتابی کہ از بالا آید فرود فرستد، و از درجۂ محبت دقیقۂ فرو نگزارد۔ مدارجِ
ارتفاع بعتبۂ علیا مدرّج باد۔ آمین۔

یہ خط قران السعدین کے اصل واقعہ سے تعلق رکھتا ہے۔ مضمون سے ایسا
معلوم ہوتا ہے کہ کیقباد اور محمود کی ملاقات کے موقع پر مکتوب الیہ کے آنے کی توقع
تھی لیکن وہ کسی وجہ سے وہاں نہیں پہنچ سکا۔ یہ خط یکم رجب ۶۸۷ھ اور پچھلے خط سے
پندرہ روز پہلے کا لکھا ہوا ہے جس میں خسرو نے خاص طور پر اپنے دوستوں شمس الدین
دبیر اور قاضی اثیر الدین سے ملاقات کے واقعات بیان کیے ہیں۔

نانا کے مرنے کے بعد جس وقت خسرو کا ملک چھجو کے یہاں تعلق ہوا ہے ان دونوں
سے اُسی زمانے میں دوستانہ تعلقات پیدا ہوئے تھے شمس الدین اور اثیر الدین سلطان
ناصر الدین (بغرا خاں) کے مصاحب تھے اور اکثر اس کے ہمراہ ملک چھجو کے یہاں
جو سلطان مذکور کا چچازاد بھائی تھا آتے اور شعر و سخن میں خسرو کے حریفِ مجلس بنتے
تھے۔ اس کے بعد جب خسرو نے سلطان ناصر الدین کے یہاں ملازمت اختیار کی تو دونوں
سے تعلقات اور زیادہ ہو گئے۔ جس وقت مہمِ طغرل کے بعد سلطان بلبن نے بغرا خاں
کو لکھنوتی (بنگال) کا حکمراں مقرر کیا تو خسرو اور اثیر الدین اور شمس الدین شاہزادہ مذکور
کے ہمراہ تھے۔ وطن اور عزیزوں کی محبت میں خسرو تو دہلی چلے آئے، لیکن اُن کے
دونوں دوست شاہزادہ مذکور کے ساتھ لکھنوتی رہ گئے۔ خسرو کا دہلی پہنچنے کے بعد

شہزادہ سلطان محمد (سلطان شہید) کے دربار سے تعلق ہوگیا اور اس کے ہمراہ پانچ برس تک ملتان رہے۔ شہزادۂ مذکور کی شہادت کے بعد کوئی دو سال گوشہ نشینی میں گذارے اب اس موقع پر جب دہلی اور لکھنوتی کے لشکر اَوَدھ میں ملے تو برسوں کے بچھڑے ہوئے دوست آپس میں بغلگیر ہوئے۔ اس دوران میں شمس الدین دبیر کا تقرب سلطان محمود کے یہاں بہت کچھ بڑھ گیا تھا چنانچہ سلطان محمود نے جس وقت باربک کے پاس (جو لشکر کیقباد کے ہراول کا سپہ سالار تھا) پیغام بھیجا ہے تو شمس الدین دبیر کو اس کے متعیّن کیا تھا۔

قران السعدین میں اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا ہے۔

تیغ زنِ مشرق از آن سوی آب — تیغ برون آختہ چون آفتاب
جست سوی کہ گزارد پیام — ہرچہ بگویند بگوید تمام
گر سخن از صلح بود یا نبرد — کم نکند ہیچ زنیروی مرد
دید کہ کس نیست زبرنا و پیر — درخور این کار چو شمس دبیر

(صفحہ ۱۰۱)

یہ امر یاد رکھنا چاہیئے کہ خسرو کے معاصرین میں شمس دبیر کا مشہور اُدبا اور شعرا میں شمار ہوتا تھا۔ چنانچہ اس موقع پر رخصت کے وقت شمسِ دبیر نے اپنے عزیز دوست کو اپنا دیوان بطور یادگار دیا ہے۔ بدایونی نے منتخب التواریخ میں شمس دبیر کا کچھ کلام نمونتہً درج کیا ہے۔

(دیکھو صفحہ ۲۶۰ منتخب التواریخ مطبوعۂ نولکشور)

دوسری خصوصیت خسرو کی طبعزاد مثنویوں کی یہ ہے کہ اُن میں واقعیت

کا سر رشتہ کمال احتیاط کے ساتھ برقرار رکھا گیا ہے۔ امیر داستان کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ شاعری کے ساغر میں حقیقت ہمیشہ عُریاں نظر آتی ہے۔ اس خصوصیت کا خود اُنھیں بھی پورا احساس تھا اور اس کی طرف اُنھوں نے فخر کے طور پر جابجا اشارہ کیا ہے۔

اس خصوصیت کے دو پہلو ہیں اوّل یہ کہ واقعات صحت کے ساتھ بیان کیے جائیں، دوسری یہ کہ بیانِ واقعات میں انتخابِ جُزئیات اور تفصیل کو اُنف پر کامل دستگاہ ہو۔ خسرو کی مثنوی نگاری میں یہ دونوں پہلو بدرجۂ اتم پائے جاتے ہیں۔ اُن کی معلوماتِ عامّہ غیر معمولی ہیں اور اِن معلومات سے شاعرانہ مصوّری میں پوری طور سے کام لینا آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک طرف تو شاعرانہ سحر کاری کے باوجود اُن کا کلام حقیقت سے متجاوز نہیں ہوتا اور دوسری طرف اُس میں وہ تمام جزئیات موجود ہوتے ہیں جو شاعرانہ مصوّری میں تصویر کشی کے خطوط اور رنگ آمیزی کے قایم مقام ہوتے ہیں۔

پہلی خصوصیت اور دوسری خصوصیت کی اجتماع کی وجہ سے خسرو کی مثنوی نگاری کو "تاریخی نقّاشی" سے تعبیر کرنا بے جا نہ ہوگا۔

واقعیت کی خوبی ان دونوں لحاظ سے قران السّعدین میں کامل طور پر پائی جاتی ہے۔ کُل قصّے کی کائنات صرف اسقدر ہے کہ بلبن کے انتقال کے بعد اس کا پوتا کیقباد تختِ دہلی پر متمکّن ہوتا ہے۔ کیقباد کا باپ ناصر الدین محمود لکھنوتی میں حکمراں ہے۔ وہ اپنے باپ

بلبن کے انتقال اور اپنے بیٹے کیقباد کی تخت نشینی کی خبر پاکر اور اپنے آپ کو تختِ دہلی کا وارثِ حقیقی سمجھکر ہندوستان پر لشکر کشی کرتا ہے۔ باپ کی لشکر کشی کی خبر سُنکر بیٹا بھی اپنی فوج لیکر دہلی سے بڑھتا ہے۔ شہر اَوَدھ کے قریب سرجو ندی کے کناروں پر دونوں لشکر صف آرا ہوتے ہیں لیکن باہم نامہ و پیام کے بعد صلح ہو جاتی ہے اور باپ بیٹے سے آکر ملتا اور اُسے اپنے ہاتھ سے تخت پر بٹھا دیتا ہے۔ یہ بظاہر کوئی اہم یا مہتم بالشان واقعہ نہیں ہے، لیکن شاعر کی سحر کاری دیکھو، مواد کی کمی اور واقعہ کی قلیل النتاجی کو "وصف نگاری" کے پردے میں اس طرح چھپایا ہے کہ قصّے کی بے مائیگی کا احساس تک نہیں ہوتا۔

جس چیز کو خسرو نے "وصف نگاری" کے لفظ سے تعبیر کیا ہے وہ حقیقت میں واقعہ نگاری ہے جس کی طرف ہم نے اوپر اشارہ کیا ہے۔ انتخابِ جزئیات اور تفصیلِ کوائف یہ دونوں اجزا وصف نگاری کی جان ہیں اور فارسی میں اس مثنوی سے بڑھکر شاید کہیں موجود ہوں۔

جس وقت ناصر الدین کی فوج کشی کی اطلاع دہلی پہنچتی ہے، سردی کا موسم ہے، کیقباد دار السّلطنت سے شکار کے لیے باہر آتا اور فوج کا معائنہ کرتا ہوا قصر کلوکھری پہنچ جاتا ہے اور وہاں جشنِ شاہی مناتا ہے۔ یہ اُس داستان کے ابتدائی واقعات تھے، لیکن یہاں تک پہنچتے ہوئے مثنوی کا پڑھنے والا دار السّلطنت کی سیر کر چکا ہے، اُسے موسم کی پوری کیفیت معلوم ہو چکی ہے، بادشاہ کے جلوس اور شکار گاہ کا نظّارہ دیکھ چکا ہے اور رنگیلے بادشاہ کی محفلِ نشاط کا پورا سین اس کی آنکھوں میں پھر گیا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ دہلی جمنا کے قریب

واقع ہی۔ اُس میں تین حصار ہیں وہاں پر مسجدِ جامع، منارہ، مأذنہ اور حوضِ شمسی دلچسپ مقامات ہیں اور شہر نہایت آباد اور پُر رونق ہے۔ سردی کے زمانے میں جو خاص تبدیلیاں پیش آتی ہیں وہ سب اُس کے سامنے ہیں اور اس طرح کہ وہ گویا موسم کی کیفیت کو محسوس کرنے لگتا ہے۔ لمبی راتیں، چھوٹے دن، برف باری اور آگ کی گرم بازاری، گرم اور موٹے کپڑوں کا استعمال، مُنہ سے بھاپ نکلنا وغیرہ یہ سب وہ کیفیات ہیں جنکا خیال آتے ہی جاڑے کا موسم محسوس ہونے لگتا ہے۔ غرض اسی طرح پر ایک ایک واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ اس مثنوی کا پڑھنے والا کسی ملک کا رہنے والا کیوں نہ ہو وہ واقعات کے ساتھ حالاتِ ماحول اور مناظر کا پورا سماں اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہوا جاتا ہے۔ اس واقعہ نگاری کی بدولت اُس عہد کے تمدن کی جزئیات پر ایسی روشنی پڑتی ہے جو دوسری جگہ نظر نہیں آتی۔ دربار، جلوس، مجلسِ شاہی اور فوجی نظام کی گویا چلتی پھرتی تصویریں دکھائی دینے لگتی ہیں۔

مناظرِ فطرت کی مصوّری بھی اگرچہ ایک جُدا گانہ خصوصیت قرار دی جاسکتی ہے، اسی خصوصیت کے جس سے ہم بحث کر رہے ہیں تحت میں داخل ہے۔ اس میں خسرو کو امتیاز خاص حاصل ہے اور اس لحاظ سے میرے خیال میں دنیا کے بہت تھوڑے شاعر اُن کے پہلو بہ پہلو ہیں۔ یہ بحث بہت زیادہ تفصیل کی محتاج ہے لیکن یہاں محض اس کی طرف اشارہ کر دینا کافی ہے۔

مثنوی قران السّعدین میں تمام موسموں کی کیفیات اور مختلف اشیا کے اوصاف

ہیں جس کمال کا اظہار کیا ہے وہ محتاجِ بیان نہیں۔

تیسری خصوصیت جو خسرو کی شاعری کا مابہ الامتیاز ہے اور جو مثنوی نگاری کی جان ہے وہ نفسانیات کا صحیح ادراک ہے۔ جس طرح ایک ڈراما نگار یا ناول نویس کے لیے ضرورت ہے کہ وہ اشخاصِ قصہ کی شخصیتیں قایم کرے، انھیں شروع سے اخیر تک برقرار رکھے، اور حالات و واقعات سے ہر موقع پر ان کی داخلی کیفیات مترشح ہوتی اور اُن کو ایک دوسرے سے متاثر کرتی ہوں، اسی طرح مثنوی نگاری میں جہاں موقع پیش آئے یہ حفظ و تفریق اشخاص لابدی ہے اس کے بغیر مثنوی میں روح پیدا نہیں ہو سکتی۔ فارسی لٹریچر میں بہت کم مثنویاں ہیں جو اس معیار پر پوری اُترتی ہیں۔

خسرو کو تاریخی مثنویوں میں اس خصوصیت کے پورا کرنے کے لیے یہ موقع حاصل تھا کہ اشخاصِ قصہ اُن کے پیشِ نظر تھے اور وہ ان کو نہایت اچھی طرح جانتے تھے، لیکن اس سے اگرچہ یہ فائدہ ہوا کہ انھیں تخیل کی مدد سے اشخاصِ قصہ کو پیدا کرنا نہیں پڑا جیسا کہ افسانی میں کرنا پڑتا ہے، لیکن تحفظِ شخصیت کوئی سہل کام نہیں ہے، اور جب تک ادراکِ نفسانیات کے ساتھ شاعر کی قوتِ مصوّرہ نہایت تیز نہ ہو یہ میدان سپر نہیں ہو سکتا۔

دوسری اور تیسری خصوصیت دراصل "واقعیت" کے دو پہلو ہیں، خارجی اور داخلی۔ خارجی حالات کا احساس اور ادراک بہ نسبت نفسِ انسان کے پیچیدہ اور مخفی کیفیات کے بہت زیادہ سہل ہے، لیکن جس طرح کسی شخص کی صورت دیکھ لینا اس کو واقعی طور پر جان لینے کے لیے کافی نہیں ہے اسی طرح کسی قصّہ یا داستان میں محض باہر کی اور اوپری چیزیں اشخاصِ قصہ

سے حقیقی واقفیت کے لیے کافی نہیں۔

قصہ کا پڑھنے والا کتاب ختم کرنے کے بعد قدرتاً یہ خیال کرتا ہے کہ اشخاصِ قصہ کس حد تک اس کے ذہن میں مرتسم ہیں اور وہ اُن کے باطنی حالات، اخلاق و عادات اور رجحانات اور خیالات سے کس حد تک آگاہ ہے۔ مصوّر اور شاعر میں ایک بڑا فرق ہے کہ اوّل الذکر تمامتر خارجی اور محسوس مناظر سے باطنی کیفیات کی جھلک دکھاتا ہے، برخلاف اس کے شاعر بیشتر داخلی پہلو کو لے کر چلتی پھرتی اور جیتی جاگتی ہستیاں ہمارے سامنے پیش کرتا ہے۔

واقعیت کے دونوں پہلو کو ملحوظ رکھنا اور اُن کو کامیابی کے ساتھ شاعرانہ نقاشی میں کام میں لانا چنداں آسان نہیں ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ خسرو شاعری کی اس دشواری سے خوب واقف تھے۔

ایک جگہ قران السّعدین میں لکھتے ہیں۔

این سخنِ چند کہ بیخو است ست ۔۔۔ شاعری نیست کہ ہم راست ست

گرچہ چنیں راست نباید نہفت ۔۔۔ "راست بسے ہست کہ نتوانش گفت"

اگرچہ قران السعدین میں اشخاصِ قصہ کی تعداد نہایت ہی قلیل ہے، کیقباد، محمود اور چند دیگر اشخاص لیکن حفظِ شخصیات کا اس میں پورا التزام ہے۔ اس کا پورا لطف اس موقع پر آتا ہے جہاں باپ اور بیٹے کے مابین نامہ و پیام ہوتے ہیں اور اس کے بعد صلح ہو کر خلوت میں ملاقاتیں ہوتی ہیں۔ یہاں گویا ڈراما کی (جس میں شخصیت کا کامل التزام ہوتا ہے)

جھلک نظر آنے لگتی ہے۔

اس مثنوی میں مرکزی شخصیت کیقباد ہے۔ تاریخ بتاتی ہے کہ وہ ایک نوجوان بادشاہ تھا جو تمام تر عیش و عشرت کا دلدادہ تھا۔ خسرو نے اگرچہ ایک مورخ کی طرح عیب جوئی کے نقطۂ نظر سے یہ نہیں کہا کہ بادشاہ ہوا و ہوس میں گرفتار اور دنیا و مافیہا سے بے خبر تھا، لیکن ساری مثنوی عشرت کے رنگ میں ڈوبی ہوئی اور سراپا مرقعِ عیش بنی ہوئی ہے۔

جیسا کہ مولانا اسمٰعیل نے لکھا ہے "حضرت خسرو کو ممدوح بھی خوش قسمتی سے ایسا ہاتھ لگا ہے کہ ساقی و مغنّی و شاہد و بادہ و ساغر کا ذکر محتاجِ تکلف نہیں بلکہ اس کی بزمِ عیش کا ایک معمولی ہنگامہ ہے۔"

حقیقتِ حال یہ ہے کہ خسرو کی تمام تصانیف بالخصوص مثنویوں کو اس عہد کا آئینہ کہا جا سکتا ہے جس میں وہ لکھی گئی ہیں۔ ایک سچے شاعر کا قلب کیفیات دائرہ اور حالات ماحول سے بہ نسبت دوسروں کے زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ اس کے جذبات جلد مشتعل ہوتے اور معرضِ اظہار میں آ جاتے ہیں۔ عہد علائی کی مثنویوں میں اس عظیم الشان عہد کی ہر جگہ پر جھلک پڑتی ہے۔ اسی طرح نہ سپہر میں علاء الدین کے عیش پرست جانشین قطب الدین مبارک شاہ کی تفریح صید افگنی اور بزم آرائیوں کا فوٹو سامنے آ جاتا ہے جو خلجیوں کی بربادی کی اسی طرح پیشینگوئی کرتا ہے جس طرح کیقباد کی عیاشیاں سلاطین غلامان کے خاندان کی تباہی کا پتہ دیتی ہیں۔

اسی خصوصیت کے تحت میں جن کا ہم ذکر کر رہے ہیں وہ غزلیات داخل ہیں

جو قران السّعدین میں مختلف مقامات پر تضمین کی گئی ہیں۔ ان غزلوں کی خاص خوبی یہ ہی کہ سب حسبِ حال ہیں جس داستان کے بعد آتی ہیں داخلی حیثیت سے پچھلے واقعات کا اعادہ کرتی اور اگلی داستان کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔

مثلاً موسمِ سرما ہی کیقباد لشکر کی تیاری کا حکم دیتا ہی:۔

شد ہوا سرد کنوں آتشِ خرگاہ کجاست (صفحہ ۴۷)

مقطع میں اگلی داستان "جنبشِ شاہ ز دہلی ز پے کینِ پدر" کی طرف ایک لطیف اشارہ ہی، جس کا مصرعۂ اولیٰ ساری داستان کا خلاصہ ہی ؎

عزم حج دارد خسرو زپے توبۂ عشق
توشہ اینک غمِ دل، بارگہِ شاہ کجاست (صفحہ ۴۸)

بادشاہ دار السّلطنت سے روانہ ہو کر عازمِ شہر ہوا ہی۔

"سوارِ چابک من باز عزمِ لشکری دارد" (صفحہ ۵۷)

موسم بہار آتا ہی بادشاہ گل و بلبل کے ساتھ دادِ طرب گستری دیتا ہی ؎

(۱) آمد بہار دشت چمن لالہ زار خوش الخ (صفحہ ۷۲)

(۲) گل امروز آخریں شب مست خاست الخ (صفحہ ۸۶)

(۳) دوش ناگہ بہرِ دل شدہ آں مہ برسید الخ (صفحہ ۹۰)

لشکرِ شاہی فتحمند واپس آتا اور مغل قیدی پیمال ہوتے ہیں۔

تیغ بر گیر تا زسر برھم
[illegible] (صفحہ ۹۹)

باپ بیٹے میں صُلح ہو کر ملاقات کی سلسلہ جنبانی ہوتی ہے۔

بباغ سایۂ بیدست و آب در سایہ
از یں سپس من و جانان و خواب در سایہ
(صفحہ ۱۳۶)

باپ بیٹے میں ملاقات ہوتی ہے۔

خرّم آں لحظہ کہ مشتاق بیارے برسد
آرزو مندِ نگارے بہ نگارے برسد
(صفحہ ۱۵۲)

وقتِ وداع ہی باپ اور بیٹا جُدا ہوتے ہیں۔

آرامِ جانم می رود. دل راصبوری چون بود الخ (صفحہ ۲۱۰)

مفارقت کے بعد کی بیقراری اور یاد۔

سخت دشوار ست تنہا ماندن از دلدارِ خویش
باکہ گویم حالِ تنہا ماندنِ دشوارِ خویش
(صفحہ ۲۱۶)

بادشاہ عازمِ دار السّلطنت ہوتا ہے۔

باز ابرِ تیرہ از ہر سوے سر بر می کند الخ (صفحہ ۲۳۰)

بادشاہ دار السلطنت پہونچتا ہے۔

عمرِ نو گشتہ مرا باز کہ جاں باز آمد الخ (صفحہ ۲۳۴)

کتاب ختم ہو گئی بادشاہ کی خدمت میں شرفِ قبول کی درخواست ہے۔

نامہ تمام گشت بجاناں کہ می برد پیغامِ کالبد بسوے جاں کہ می برد (صفحہ ۲۵۵)

الغرض مسلسل تمام داستان کی کیفیات جو واقعات کے لحاظ سے شاعر کے قلب پر وارد ہو سکتی ہیں، ان غزلیات کے ذریعہ بیان کر دی گئی ہیں۔ گویا شاعر نے مجرّد جذبات کے لباس میں تمام قصہ ہی کو بیان کر دیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جس چیز پر لفظ شاعری کا سب سے زیادہ اطلاق ہو سکتا ہے وہ صنف غزل ہے۔ ہل نے کیا خوب کہا ہے کہ شاعر کے بیان کا ما بہ الامتیاز یہ ہے کہ وہ جذبات میں سرشار دنیا و ما فیہا سے بے خبر ہو کر نواسنج ہوتا ہے اور اس کا بیان دوسروں کی طرف خطاب نہیں ہوتا، وہ غم و غصہ شوق و مسرت سے بیتاب ہو کر ترنّم کرتا ہے۔ جس طرح بلبل اپنے چہچہوں میں خود منہمک اور صحنِ باغ کے بسمل اور وارفتہ سامعین سے بے خبر ہوتی ہے اسی طرح شاعر اپنے جذبات اور واردات قلبی کا اس طرح اظہار کرتا ہے کہ گویا وہ سامعین سے بے نیاز اور بے خبر ہے۔

اِس معیار کو پیشِ نظر رکھو اور قران السّعدین کی غزلیات کو جانچو۔ یہ غزلیات جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں مناسبِ موقع لکھی گئی ہیں گویا خارجی واقعات کو مجرّد جذبات کا جامہ پہنایا گیا ہے۔

شاعری کی صنف غزل میں خسرو کو جو امتیازِ خاص اور قبولِ خاطر حاصل ہے محتاجِ بیان نہیں۔ وہ غزلسرائی میں سعدی کے تتبع ہیں لیکن ان کا غزلیات میں ایک خاص رنگ پایا جاتا ہے۔ سعدی کے سامنے رکھنے سے معلوم ہو گا کہ کلام کی سلاست اور شیرینی اور جذبات کی پاکیزگی دونوں کے یہاں موجود ہیں لیکن خسرو کی غزلیات میں جو طرفگی،

تخیل، واقعیت، سوز، رقت اور رقص پایا جاتا ہے وہ ہمیں کہیں نہیں ملتا۔ قران السعدین کی غزلیات وسط الحیوٰۃ کے اخیر زمانہ اور غرۃ الکمال کے ابتدائی ایام سے تعلق رکھتی ہیں یہ اُن کے انبساط اور جوش کا زمانہ ہے۔ قران السعدین کی غزلیات کے متعلق خود خسرو نے کیسی سچی تعریف کی ہے۔

ہر غزلے وشنۂ عشاق کُش (صفحہ ۲۳۶)

جیسا کہ مولٰنا اسمٰعیل نے تفصیل کے ساتھ لکھا ہے یہ غزلیں حالیہ ہیں۔ علاوہ ازیں مثنوی کی بحر ظاہر ہے کہ شروع سے اخیر تک ایک ہے۔ بیچ بیچ میں مختلف بحروں کی غزلیات شامل ہو جانے سے ایک خاص قسم کا تنوع پیدا ہو گیا ہے، جس سے "تازہ بتازہ نو بنو" کی لذت حاصل ہوتی ہے۔

خسرو کی مثنوی نگاری کی چوتھی خصوصیت جدت اختراع اور طرفہ آفرینی ہے اُن کی طبیعت کا سب سے زیادہ میلان ایجاد کی طرف تھا۔ ہر صنف میں اس کے شواہد موجود ہیں جیسا کہ اُنھوں نے خود بیان کیا ہے[1] اُن کی نثر تمام تر اُن کی جدت آفرینی کا نتیجہ ہے[2]۔ رباعیات و قطعات میں وہ کسی کے مقلد نہیں[3]۔ قصائد، مثنوی اور غزل میں وہ اپنے آپ کو دوسروں کا پیرو بتاتے ہیں، لیکن اس تقلید میں بھی اُنھوں نے اپنی حریتِ ذہنی اور اختراعات کے لیے پورا میدان پیدا کر لیا ہے۔ صنایع اور بدایع میں اُن کی جدت پسند طبیعت نے ایجادات کے انبار لگا دیئے ہیں[4]۔

[1] دیکھو اعجازِ خسروی [2] دیکھو دیباچہ غرۃ الکمال [3] دیکھو اعجاز خسروی دیباچہ تحفۃ الصغر دیباچہ وسط الحیوٰۃ اور دیباچہ غرۃ الکمال وغیرہ ۱۲

مثنوی قران السعدین میں جو خود جدّت کا نمونہ ہے وہ فرماتے ہیں۔

چند گہم بود بدل این خیال | تازہ کنم ہر صفتے را جمال
بود در اندیشۂ من چند گاہ | کز دلِ دانندۂ حکمت پناہ
چند صفت گویم دانِشش دہم | مجمعِ اوصاف خطابش دہم
طرزِ سخن را روشِ نو دہم | سکّۂ این ملک بجنسِ دہم
نو کنم اندازِ رسمِ کہن | پس روی پیشِ روانِ کہن (صفحہ ۲۳۔۲۴)

آنچہ ز سر جوشش دلِ نقشبند | ق | معنیِ نو بود و خیالِ بلند
موئے بموئیش بہ ہنر بیختم | پختہ و سنجیدہ در و ریختم
وصف نہ زاں گونہ شد از دل پدید | کاں دیگرے را بدل آید کہ چو پید
ہر صفتے را کہ بر انگیختم | شعبدۂ تازہ در و ریختم
نیست زکس لولوے لالاے من | ژرف بہ بیں دُرّتہِ دریاے من
نکتۂ من گوہرِ کانِ من ست | زانِ کسے نیست از آنِ من ست
دُزد نیم خانہ برِ دیگرے | خانہ کشادہ ز درِ دیگرے
مایۂ ہر دُزد کہ در عالم ست | گرچہ فزون ست بقیمت کم ست (صفحہ ۲۳۸۔۲۳۹)

آن کہ شناسندۂ این گوہرست | گر ہمہ نفریں کندم درخورست

داں کہ بہ تقلید نشست اندریں   نشنوم از خود کند م آفریں (صفحہ ۲۴۲)

حقیقت یہ ہی کہ یوں تو انسان کی تمام ذہنی قوتیں وہبی ہوتی ہیں اور کوشش سے اُن میں صرف محدود ترقی ہوسکتی ہی لیکن غالباً قوائے دماغی میں سب سے زیادہ غیر اکتسابی وہ قوت ہی جسے "تخیّل" کہتے ہیں اور جو شاعری کے لیے خاص طور پر بمنزلۂ روح و رواں ہی۔ شاعر اسے ماں کے پیٹ سے لیکر آتا اور اُسی طرح اپنے ساتھ لے جاتا ہی۔ دوسرے لحاظ سے ممکن ہی کہ اس کے کلام میں روز بروز ترقی ہوتی جائے۔ مثلاً اس کی الفاظ زیادہ شستہ اور بندشیں زیادہ چیست ہوجائیں لیکن تخیّل کی مقدار تقریباً ہمیشہ معیّن رہتی ہی۔ یہی وجہ ہی کہ ایک بڑے شاعر کے کلام میں عہدِ طفولیت میں پیرانہ پختگی اور عہدِ پیری میں طفلانہ تازگی پائی جاتی ہی۔

خسرو کے کلام پر ایک غائر تاریخی نظر ڈالنے سے اس خیال کی تصدیق ہوتی ہی خوش قسمتی سے اُن کا تمام کلام ہر ہر دَور کا جُدا جُدا محفوظ ہی۔ بڑی مثنویوں میں قران السعدین پہلی مثنوی ہی لیکن چند چھوٹی مثنویاں بھی جو اُنھوں نے اس سے پہلے لکھی تھیں محفوظ ہیں۔ ذیل میں ہم اُن کی دو ابتدائی مثنویوں سے ایک ہی مضمون کے متعلق انتخابات پیش کرکے قران السعدین سے مقابلہ کرتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ ابتدا ہی سے خسرو کے تخیّل کی کیا حالت تھی۔

مضمون مغلوں کی ہجو ہے جس میں خسرو نے قران السعدین میں بڑا زورِ قلم دکھایا ہی (دیکھو صفحہ ۹۳-۹۵)۔ یہ مثنوی اُن کے مربّی سلطان محمد کی شہادت اور خود امیر کے

مغلوں کے ہاتھوں میں گرفتار ہو جانے کے کوئی چار پانچ برس بعد کی ہے۔ اس کے لکھتے وقت اُن کا غم و غصہ جس قدر جوش میں ہوگا ظاہر ہے۔ دوسری مثنوی ۶۸۲ھ یعنی قران السعدین سے کوئی چھ برس پہلے اور حوادثِ مذکورۂ بالا سے ایک سال قبل کی تصنیف ہے۔ تیسری مثنوی سلطان محمدؒ کی ملازمت اختیار کرتے وقت غالباً دوسری مثنوی سے تین چار برس پہلے کی ہے۔

قران السعدین	مثنوی	مثنوی
(۶۸۸ھ)	(۱۱ ر رمضان ۶۸۲ھ)	(جو غالباً سلطان محمدؒ کی ملازمت اختیار کرتے وقت لکھی تھی)
کافرِ تاتار بروں از ہزار	در تگاپو چوں سگِ لقمہ ربا	قومے ہمہ گربہ چشم سگسار
کردہ دگر گونہ با شتر سوار	آفتِ نان و بلائے شوربا	چوں گرگ درندہ آدمی خوار
سخت سرانے بوغا سخت کوش	بہر نانے گر ہمہ باشند سیر	ہمہ بوزنہ وار نا وفا جوے
ہر ہمہ پولاد تن و پنبہ پوش	سرنگوں افتند از بالا بزیر	ہم پوست سگے کشیدہ بر روے
اصل زسگ لیک بہ رگ استخواں		چوں سگ ہمہ در دوال ماندہ
گربہ بنجی شدہ بر رفتے خواں		چوں بوزنہ در جوال ماندہ
		تا چند رہ سگی سپردن
		یا بوزنہ را انگشت بردن
	دو گلہ برہ لیک[1] برپشت دگل	مشتے وگلاں دو گلہ پوشاں
	گندگی راجاے کردہ دربغل	قربو قربوزناں وجوشاں

[1] یہ لفظ نسخۂ منقول عنہ میں نہیں ہے ۱۲

پوستیں پوشیدہ و بے پوست روے
در گریز از غازیانِ دوست روے

گشت سیلے گو ہمہ بر بانگِ نی — نالۂ ناخوش ہمی در داشتہ — گویاں سخنے بگ نے با نی
ہمچو زناں نوحہ کناں پے بہ پے — مست و آوا زِ سیلے بر داشتہ — لافش ز بزرگ استخوانی

زیں یلہ گردانِ نا فرخندہ پے
جاں یلہ کردہ بآوا زِ سیلے

سر تراشیدہ ز بہرِ قلم — بستہ پرِ بوم را بالائے سر — از سنگ و سپش خراش خوردہ
زاں قلم انگیختہ خذلاں رقم — سر تراشیدہ چو بیضہ زیر پر — ہم از سرِ خود تراش کردہ

مشتے پرِ بوم کردہ در سر
بسیار ز بوم شوم رو تر

رخنہ شدہ طشتِ مس از چشمِ تنگ — چشم شاں در روئے ناپیدا شدہ — چوں شیشہ و چشمِ ازرق و تنگ
دیدہ در انداختہ در رخنہ سنگ — ہر کہ دیدہ روئے شاں شیدا شدہ — در سختی اگر صفت کنم سنگ

دیدہ ہائے در شدہ اندر مغاک
گوئی بنشستہ است اندر گردہ باک

از رخ تا رخ شدہ بینی پہن — بینی پست و خیشش از دو دوال
وز کلہ تا کلہ لب تا لب دہن — ہمچو غوکے بر سرِ آبے رواں

بینی پر رخنہ چو گورِ خراب
یا چو تنورے کہ ز طوفانِ آب

موئے زنبی شدہ برلب فراز   ریش نے در روئے شاں حملہ زنخ   یک مونہ بریش تا بجنبند
سبلتِ شاں گشتہ بغایت دراز   آمدہ بہرِ زدن از کوہ و شخ   گوئی کہ یگاں یگاں بجنبند
ریش نہ پیراہنِ چپاہِ زنخ   کز نہادہ سبلتانِ کندہ را   سبلت عیان و ریش کندہ
سبزہ کجا بر دمد از روئے زنخ   وام دادہ ریش اہلِ خندہ را   مخصوص برائے ریش خندہ
کو زنخ شاں ز محاسن کنار
اہلِ زنخ را بمحاسن چہ کار
سبلتِ چوں سیخ چو تماج روئے
رشتہ ہمیں نعمتِ شاں در گلوئے

زشت تر از زنگ شدہ بوئے شاں   چہرۂ شاں اسپرِ غوری پہن
پست تر از پشت شدہ روئے شاں   ہم بہ پہنائے سپر دورِ دہن
چہرۂ شاں دبۂ نم یافتہ
باشے بجا کنجلک دخم یافتہ

روئے چو آتش کلہ از پشم میش   روئے ہمچوں آتش و سر ہمچو دیگ   تفسیدہ ز خشم ہمچو تابہ
آتشِ سوزاں شدہ با پشم خویش   ماندہ از مردارخواراں مردہ ریگ   رخِ سرخ چو پشتِ آفتابہ
آتش زدیانِ سرد چوں آب
سوزان و جہاں چو کرمِ شبتاب
رد سرخ و حدیثِ زشت در کام
چوں طشت کہ آں بیفتد از بام

خوردہ سگ و خوک بدندانِ بد | رو ترش چوں سرکہ تمتاج شوے
ہر ہمہ دندانِ خرد بے خرد | وز ترش خوئی ہمہ تمتاج روے
(صفحہ ۶۳-۶۵)

موش خوارانِ درندہ موش دار
گشتہ صحرا پُر ز مشتے موش خوار

مائدہ شان از خورشِ زشت قے | ہر کہ با ایشاں معاذ اللہ نشست | گندہ دہنان و گندگی دوست
واں کہ ببیند قیش آید بہ پے | قے کند در ساعتے از بوی زشت | خوکی و سگی کشیدہ در پوست

تینوں جگہ ایک ہی قسم کی ہجو ہے۔ شاعرانہ تخیل نے ایک نفرت انگیز تصویر کے خط و خال ہر جگہ یکساں طور پر کھینچے ہیں۔ جس طرح ایک ظریف مصوّر کسی شخص کی مضحکہ انگیز تصویر بناتے وقت اُس شخص کی مشابہتِ تامّہ قایم رکھتا ہے، اسی طرح ایک باکمال شاعر محبت و نفرت کے جذبات سے متاثّر ہو کر جو تصویر پیش کرتا ہے وہ اصلیت سے متغائر نہیں ہوتی البتہ اس کے وارداتِ قلبی کے لحاظ سے یہ تصویر کبھی دلکش اور کبھی نفرت انگیز ہوتی ہے۔

خسرو نے مغلوں کی تصویر جس طرح کھینچی ہے اس سے شاعر کی انتہائی دلی نفرت کا اظہار ہوتا ہے۔ لیکن دیکھنے کے قابل یہ بات ہے کہ اُن کی جن جن چیزوں کو استہزا کے لیے منتخب کیا ہے وہ واقعی ہیں محض قیاسی نہیں ہیں اور اُن جزئیات کو ملا کر جو اس غرض کے لیے انتخاب کی گئی ہیں ہمارے ذہن میں مغلوں کی ایک ایسی تصویر پیدا ہو جاتی ہے جو جذبات کا حجاب اُٹھا دینے کے بعد بھی مغلوں کی واقعی ہیئت سے مشابہت تامّہ رکھتی ہے چھوٹی چھوٹی نیلی آنکھیں، چپٹی ناک، پھیلے نتھنے، چوڑا تمتماتا چہرہ، ڈاڑھی کے دو چار بال

ٹھوڑی سے لٹکے ہوئے، لمبی لمبی موچھیں، گھٹا سر، کلہ پشم سر پر رکھی، پر بوم بطور کلغی لگائے، دگلہ پہنے، نے بجاتے اور تاتاری زبان میں نعرے لگاتے، غرض یہ ساری باتیں واقعی ہیں البتہ شاعر نے ان سب کو اس طرح بیان کیا ہی کہ پڑھکر ان کی ریشخند کے لیے خواہ مخواہ ہر ایک کی طبیعت چاہتی ہی۔

سب سے اخیر میں ہم جس خصوصیت کی طرف اشارہ کرنا چاہتے ہیں وہ "تناسب" ہی فنونِ لطیفہ میں (جس کے اندر شاعری بھی داخل ہی۔) "حسن" سب سے زیادہ تناسب کا نتیجہ ہوتا ہی۔ جس طرح "تاج گنج" یا "الحمرا" کی دلکشی کا اندازہ محض ان کی پیمایشیں دیکھنے سے نہیں ہو سکتا بلکہ اُن کے حُسن کا تصوّر نظارے کے ایک مجموعی اثر کا حاصل ہوتا ہی، اسی طرح کسی کتاب کے تناسب کا خیال کتاب کے مجموعی اثر پر موقوف ہی۔ یہ تناسب ایک طرف الفاظ کی موزونیت سے شروع ہوتا اور دوسری طرف خیالات کی مناسبت اور تمام اجزاے کتاب کی انفرادی اور اجتماعی خارجی اور داخلی موزونیت پر ختم ہوتا ہی۔ مصوّر اور نقاش تصویر یا نقوش بناتے وقت ایک طرف ہر ہر خط اور ہر ہر جزو کی موزونیت اور دوسری طرف اجزا کی باہمی تناسب کا خیال رکھتا ہی۔ بت تراش مجسّمہ تیار کرتے وقت چوٹی سے ایڑی تک پتھر کے ہر ہر مقام پر نظر رکھتا اور تمام حصص میں توازن و تناسب قایم کرتا ہی۔ معمار عمارت کی ہر ہر اینٹ موزونیت کے ساتھ رکھتا اور تمام عمارات کے حصّوں میں ایک مجموعی مناسبت قایم کرتا ہی۔ موسیقی کا ماہر ایک ایک سُر کو تول کر نکالتا اور نغمے کے مختلف اجزا میں پستی و بلندی قایم کر کے ایک مجموعی موزونیت پیدا کرتا ہی۔ اسی طرح

ادب کے شعبہاے لطیفہ میں مصنف اپنی کتاب کے ہر ہر لفظ اور ہر ہر خیال کو تولتا اور کتاب کے تمام اجزا میں توازن و تناسب پیدا کرتا ہے۔ کتاب کا حسن اسی تناسب کا نتیجہ ہے اور اسی تناسب میں فرق آجانے سے کتاب کے حسن میں بھی فرق آجاتا ہے۔

مثنوی میں اس حسن کا قایم رکھنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ شاعری کے جملہ اصناف میں یہی صنف ایسی ہے جس میں ضخیم سے ضخیم کتابیں لکھی جا سکتی ہیں۔ لیکن جسقدر اس کا میدان وسیع ہے اسی قدر اس کی مرحلہ پیمائی دشوار ہے۔ ہر قسم کے خیالات، جذبات اور واقعات پر قلم اُٹھانا پڑتا ہے اور شاعری کی تمام خصوصیات اور محاسن اس کی تکمیل اور آرایش میں صرف کرنے پڑتے ہیں۔ شاعری کا جو کمال ہومر اور شکسپیر کے یہاں نظر آتا ہے اس کا عکس ہماری شاعری میں سب سے زیادہ اسی صنف یعنی مثنوی میں ہو سکتا ہے۔ لیکن فرا غور کرو کہ بے شمار مثنوی نگاروں میں کتنے ہیں جو اس معیار پر پورے اُترتے اور فردوسی و نظامی اور خسرو کے پہلو بہ پہلو بیٹھنے کا استحقاق رکھتے ہیں۔

اگرچہ ہمارا یہ کہنا کسی دوسرے کے لیے بُرہان نہیں ہو سکتا کہ خسرو کی طبعزاد مثنویاں تناسب کے معیار پر پوری اُترتی اور ہمارے ذہن میں حسن کا تصوّر پیدا کرتی ہیں، لیکن ہمیں یقین ہے کہ مذاقِ سلیم اور وجدانِ صحیح اس کتاب کے پڑھنے والوں کو خود اس نتیجہ کی طرف راہبری کریگا۔ ناظرین اس مثنوی کے پڑھتے وقت ان خیالات کو پیشِ نظر رکھیں اور خود اندازہ کریں کہ شاعر نے مختلف داستانوں کے باہمی ربط اور مختلف اجزا کے باہمی تناسب میں کس حد تک کامیابی حاصل کی ہے۔ جو عمارت اس نے ایک ایک لفظ چُنکر بنائی، جو نقش و نگار

اس نے ایک ایک خیال لیکر کھینچے اور جو راگ اس نے ایک ایک حرف جوڑ کر پیدا کیا ہی اُن سے کہاں تک خسرو فنون لطیفہ کے بڑے اُستادوں کی صف میں جگہ پانے کا مستحق قرار پاتا ہی۔

(۴)

قران السّعدین کے بعض نسخوں پر اس مثنوی کا نام "مثنوی در صفتِ دہلی" لکھا ہوا پایا گیا ہی۔ اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہی کہ مثنوی مذکور میں خسرو نے جہاں مختلف اشیاء کے "صفات" لکھے ہیں، وہاں دارالسّلطنت اور اس کی مشہور عمارات وغیرہ کی توصیف بھی کی ہی۔

قران السعدین سے محقّقینِ آثارِ قدیمہ کو کیقباد کے عہد میں دہلی کے متعلق بعض مستند حالات معلوم ہو سکتے ہیں جو ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

دہلی کو اس عہد میں قبۃ الاسلام کے لقب سے نامزد کیا جاتا تھا ؎

"قبّۂ اسلام شدہ در جہاں
بستہ او قبّۂ ہفت آسماں" (صفحہ ۲۹)

شہر پہاڑی پر آباد تھا اس کے گرد دو میل تک باغ تھے اور دریاے جمنا اس کے قریب آبیاری کرتا تھا ؎

شہر نہ بل بحرِ عجائب نما — بحر وے گشت بکوہ آشنا
زاں بدل کوہ گرفتہ قرار — تا کند استیلیم عدو سنگسار (صفحہ ۳۰)

تا بدو فرسنگ بہ پیرامنش   روضۂ باغ و چمن گلشنش
(صفحہ ۳۳)

تا فلک از جون بدو دادہ آب

دجلہ رواں بر دبغداد آب (صفحہ ۳۳)

دہلی میں اس زمانہ میں تین حصار تھے، دو پرانے، ایک نیا ؎

از سہ حصارش دو جہاں یک مقام

وز دو جہاں یک نفس دہ سلام (صفحہ ۲۸)

(۱) حصنِ برونیش ز عالم بروں   عالمِ بیرونش بحصن اندروں

(۲) حصنِ درونیش تو گوئی مگر   چرخ بزیر ست و حصارش زبر

(۳) گفت حصارِ نوِ او را سپہر   کاے فلکِ نو بکہن دار مہر

ملک ز در وازۂ او فتح باب   سیزدہ دروازہ و صد فتح باب

ہر دم از اں قلعۂ مینو سرشت   قلعۂ فیروزہ شدہ خشت خشت (صفحہ ۲۸-۲۹)

پہلے دو حصار میں ایک جو باہر کی طرف تھا غالباً قدیم دہلی کی شہر پناہ ہی اور حصار اندرونی شہر کا شاہی قلعہ۔ حصارِ نو سے غالباً حصار شہرِ نو واقع کیلوکھری مراد ہی۔ کیلوکھری کا محل وقوع دہلیِ کہنہ سے تقریباً تین میل کے فاصلے پر شمال مشرق کی جانب جمنا کے غربی کنارے پر ہی۔ یہیں پر کیقباد نے ایک قصر تعمیر کیا تھا جس کی مفصّل کیفیت قران السّعدین میں بدیں عنوان لکھی ہی ؎

صفتِ قصرِ نو و شہرِ نو اندر لبِ آب

کہ بود عرصۂ رفرف چو رفِ آں ایواں (صفحہ ۵۴)

ضروری اشعار ذیل میں درج کیے جاتے ہیں ؎

رفت بکلوکھری و داد عون — از ندِ دست چو دریاے جون

قصر شد از فرشِ ارجمند — چوں فلک از منزلتِ خود بلند

قصر نگویم کہ بہشتے فراخ — روفتہ طوبی درِ او را بشاخ

بامِ سفیدش بفلک سودہ سر — کرد بخورشید سفیدیِ ابر

آئینہ گشتہ زگچِ صاف خشت — دید درا و صورتِ خود را بہشت

شکلِ ستونش بمقام ستاد — قصرِ ارم راشدہ ذات العماد

طرفہ عروسے شدہ آراستہ — آئینہ از آبِ رواں خواستہ

جون کز و گشت حبابے عیاں — قصر نمود از تہِ آبِ رواں

ہمچو دو آئینہ مقابل زتاب — آب درو عکس نما او درآب

طاقِ بلندش بفلک گشت جفت — حاصلِ او شد فلک اندر نہفت

کنگرِ طاقش بزبانِ دراز — پیشِ فلک گفت سخنہای راز

سنگِ سفیدش کہ شدہ بر سپہر — آمدہ از مہر و شدہ ہم بمہر

یک طرفش آب و دگر سوی باغ — باغ دلے زد و سویش بلاغ

شاخ بہر بارگہِ کرد راہ — جائگہِ بار شدہ بارگاہ

(صفحہ ۵۴-۵۶)

[illegible]

ان اشعار سے معلوم ہوتا ہی کہ شہرِ نو جمنا کے قریب واقع تھا اور قصرِ نو دریا کے عین کنارے پر تعمیر کیا گیا تھا۔ اور اس کا عکس دریا میں پڑتا تھا۔ نیچے کا حصّہ اینٹوں سے بنا تھا، جس پر چونہ اور سفیدی ہو رہی تھی۔ اوپر کے حصّہ میں سنگِ سفید لگا تھا۔ اس قصر کے ایک طرف جمنا تھی، اور دوسری طرف باغ تھا، جو بارگاہ سے اسقدر قریب تھا کہ درختوں کی شاخیں بارگہ کے اندر داخل ہوتی تھیں ؎

جائگہِ بار شدہ بارگاہ

اس مصرع میں لفظ بار میں لطیف ایہام ہی۔ معنی مقصود یہ ہی کہ بارگاہ قربِ باغ کے باعث شاخوں کے داخل ہونے کی وجہ سے پھلوں کے رکھنے کی جگہ ہو گئی ہی۔ معنی قریب جن کی طرف پہلی نظر میں ذہن منتقل ہوتا ہی یہ ہیں کہ "بارگاہ" دربار کی جگہ ہی۔ غرّۃ الکمال میں بھی قصر معزی کی تعریف میں ایک چھوٹی سی مثنوی ہی جس کے چند اشعار درج ذیل کیے جاتے ہیں ؎

زہے فرخندہ قصرِ آسماں سائے — کہ ہست از رفعتش بر آسماں جائے

بروئے آب فردوسِ جہاں تاب — کجا فردوس خود باشد بریں آب

بآبِ جون دادہ صنعت و لون — زمیں پوشیدہ در پیشش لبِ جون

خیالِ قصر کاندر آب زد تاب — فلک را سرنگوں افگند در آب

نظیرے ایں چنیں قصرے محالست — مگر در آب بینی واں خیالست

زمینش مہ بلندی آسماں گیر — مبارک باد بر شاہِ جہاں گیر

معز الدین کہ دنیا را بیاراست | زِ باشش دین و دنیا را بیاراست
شہنشاہ کیقباد آں افسرِ ملک | کہ چوں افسر برآمد بر سرِ ملک
خداداد ت در ایّامِ جوانی | بہیں ملکے چو ملکِ جاودانی

بعض گزشتہ اور موجودہ مورّخین نے "شہرِ نو" کی تعمیر کو بھی غلطی سے معز الدین کیقباد کی طرف منسوب کیا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ "شہرِ نو" اس نام سے کیلوکھری میں پہلے ہی سے آباد تھا۔ چنانچہ جلوسِ ناصری کے پندرھویں برس ۶۵۸ھ میں جس وقت ہلاکو خان کے سفیر ناصر الدین محمود کے دربار میں پیش ہوئے اُس وقت (بقول صاحب طبقات ناصری جس نے یہ حالات چشم دید بیان کیے ہیں) دو لاکھ پیادہ اور پچاس ہزار سوار اور اہالیانِ دہلی کی بیس بیس صفیں و طرفہ "شہرِ نو" واقع کیلوکھری سے لیکر قصرِ شاہی واقع دہلی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ سفرا شہرِ نو سے جانب دار السلطنت روانہ ہوئے۔

"بقدرِ دو لک پیادہ تمام بحضرت آمد، و بقدر پنجاہ ہزار سوار آمادہ برگستوال
و بیرق و تعبیہ ساختہ و خلق و عوامِ شہر از معارف و اوساط و ارذال چندال
مرد از سوار و پیادہ بیروں رفت کہ از "شہرِ نو" کیلوکھری تا درونِ شہر کہ
قصرِ سلطنت بود بیست صف مرد پشت بہ پشت چوں باغ فراہم یافتہ کتف بر
نہادہ صف در صف ایستادہ . . . . چوں رُسُلِ ترکستاں از "شہرِ نو"
برنشستند الخ"

اِس کا بہترین ثبوت کہ شہرِ نو کی بنیاد کیقباد نے نہیں ڈالی خود خسرو کے بیان سے

مترشح ہی۔ "صفتِ قصرِ نو و شہرِ نو اندر لبِ آب" میں اُنھوں نے صرف قصر کی تعریف کی ہی اور اسی کو کیقباد کی طرف منسوب کیا ہی۔ "شہرِ نو" کے متعلق کچھ نہیں لکھا حالانکہ یہ امر بیّن ہی کہ اگر شہرِ نو میں قصر کے علاوہ کوئی حصّہ معز الدین کا تعمیر کیا ہوا ہوتا تو اس کا ذکر وہ ضرور کرتے۔ علاوہ ازیں کیقباد ۶۸۶ھ میں تخت پر بیٹھا اور اگر یہ مان لیا جائے کہ اُس کا جلوس اوائل سال میں وقوع میں آیا (اور قرائن کا یہی تقاضا ہی) تو ذو الحجہ ۶۸۶ھ تک جبکہ بادشاہ دار السّلطنت سے روانہ ہو کر کیلوکھری قصر معزی کو گیا ہی کسی طرح نیا شہر بسنا قیاس میں نہیں آسکتا۔ اسقدر قلیل مدّت صرف ایک عالی شان محل کی تعمیر کے لیے کافی ہی۔

قصر کی تعمیر کے بعد کیقباد کا اس کو اپنا دار السّلطنت قرار دے لینا خود ظاہر کرتا ہی کہ شہرِ نو اس کے زمانہ میں اسقدر آباد تھا کہ فوراً دار السّلطنت بنا لینے میں کوئی دقّت نہیں ہوئی چنانچہ جب کیقباد کے بعد جلال الدین خلجی تخت پر بیٹھا تو اس نے اس مقام کو اپنا دار السّلطنت منتخب کر لینے میں کوئی دقت نہیں دیکھی۔ البتہ اس کے زمانے میں اس شہر کو ترقی حاصل ہوئی۔

دہلی کی عمارات اور آثار میں اس زمانے میں تین چیزیں امتیازِ خاص رکھتی تھیں مسجد جامع، منارۂ ماذنہ، اور حوضِ سلطانی۔ خسرو نے اور بھی جہاں کہیں دار السلطنت کی یاد کی ہی انھیں تین چیزوں کو خصوصیت کے ساتھ شمار کیا ہی[1]

[1] مثلاً دیکھو مثنوی تحفہ و خط غرۃ الکمال بنام تاج الدین زاہد از آدم ۱۲

مسجد جامع کے متعلق حسبِ ذیل اشعار قابلِ غور ہیں ؎

غلغلِ تسبیح بگنبد درون | رفتہ زنہ گنبدِ والا برون
گنبدِ او سلسلہ پیوند راز | سلسلہ چوں کعبہ شدہ حلقہ ساز
ورنہ سقفش زسما تا زمیں | نصب شدہ جملہ ستونہائے دیں (صفحہ ۳۰)

ان اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے میں مسجد مذکورہ میں نو گنبد تھے مسجد کے سامنے جو ایک درون کا سلسلہ تھا وہ مسقف نہ تھا۔ ع

"ورنہ سقفش زسما تا زمیں"

ہمیشہ کے لیے محققینِ آثار کی اس بحث کا خاتمہ کر دینے کے لیے کافی ہے کہ مسجد قطب میں ایبک اور التمش کے تعمیر کیئے ہوئے در مسقف تھے یا غیر مسقف۔

منارہ کے متعلق ؎

شکلِ منارہ چو ستونے زسنگ | از پئے سقفِ فلکِ شیشہ رنگ
آں کہ ززر بر سرش افسر شدہ است | سنگ زنزدیکیِ خور زر شدہ است
سنگِ وے از بس کہ بخورشید سود | زد زرِ خورشید عیارے نمود
سنجر سنگیں کہ ستونِ سپہر | آمدہ از مہر و شدہ ہم بمہر
از پئے بر رفتنِ ہفت آسماں | کرد زمیں تا بفلک نردباں
گرد سرش کرد موذن چو گشت | قامتش از مسجدِ عیسےٰ گذشت
موذنش آں جا کہ اقامت کشید | قامت موذن نتواند رسید (صفحہ ۳۰-۳۱)

اِس سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ منارہ ماذنہ تھا۔

بعض محققینِ آثار کو (جن کی نظر سے غالباً یہ اشعار نہیں گزرے) اس سے انکار ہی۔ لیکن خسرو کا بیان سندِ قطعی ہی۔ اور اس میں کوئی شُبہ کی گنجایش نہیں۔ فیروز شاہ تغلق کے زمانے میں منارۂ مذکور میں بجلی گرنے سے خلل آگیا تھا اور اُس نے اوپر کے حصّہ میں بہت کچھ اضافہ اور ترمیم کی، لیکن خسرو کے زمانے میں یہ منارہ اصلی حالت میں موجود تھا۔ اور ابن بطوطہ نے بھی ترمیم مذکور سے کچھ ہی دن پہلے محمد تغلق کے عہد میں اس منارہ کو دیکھا تھا۔ خسرو کے بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ منارۂ مذکور کے اوپر چتر (یا قبّہ) بنا ہوا تھا جس کا اوپر کا حصّہ سونے کا تھا۔ ابن بطوطہ کی اس مینار اور چتر کے متعلق حسبِ ذیل عبارت ہی:

"یہ مینار سُرخ پتّھر کا بنا ہوا ہی۔ حالانکہ مسجد سفید پتّھر کی ہی۔ مینار کے پتّھروں پر نقش کندہ ہیں اور اُن کا اوپر کا چتر خالص مرمر کا ہی اور لٹّو زرِ خالص کے ہیں۔"

خسرو اور ابن بطوطہ کے بیانات پر غور کرنے سے ثابت ہوتا ہی کہ منارۂ مذکور بحالتِ اصلی محض سُرخ پتّھر کا تھا جس کے اوپر ایک سنگِ مرمر کا چتر تھا اور چتر کے لٹّو اور کلس (غالباً) سونے کے تھے۔ افسوس ہی کہ جہاں تک ہمیں معلوم ہی خسرو نے کہیں اسکے متعلق کنایتہً بھی ذکر نہیں کیا کہ اُس زمانے میں مینار مذکور کے کتنے درجے تھے۔

حوضِ سلطانی کے متعلق ؎

در کمرِ سنگ میانِ دو کوہ — آبِ گہر صفوت و دریا شکوہ

ساختہ سلطانِ سکندر صفات — در سدِ کوہ آئینۂ زآبِ حیات

شہر گر از وے نبود آب کش — کس نخورد در ہمہ شہر آب خوش

در تہِ آبش ز صفا ریگِ خرد — کور تواند بدلِ شب شمرد

سیلِ وے آہنگ بکہسار کرد — کوہ تبر داسنے اقرار کرد

چوں مد و جزر ش ز نشیب و فراز — زآب ز کوہ آمدہ و رفتہ باز

چوترہ و قصر بلندش در آب — گشت ازاں ساغرِ صافی حباب

رود بسے ز و شدہ تا آبِ جون — جون ز پئے آب از و جستہ عون

گرد وے از اہلِ تماشا گروہ — دامنِ خیمہ شدہ دامانِ کوہ (صفحہ ۳۲-۳۳)

اِن اشعار سے ثابت ہوتا ہی کہ یہ حوض جس کو سلطان التمش نے ۶۲۷ھ ۱۲۲۹ء میں، تعمیر کیا تھا دو پہاڑوں کے بیچ میں واقع تھا اور اس کی موجیں دامان کوہ سے ٹکرا تی تھیں۔ تمام شہر کو میٹھا پانی یہیں سے دستیاب ہوتا تھا۔ دریاے جمنا سے اُس حوض تک بہت سے نالے نکالے گئے تھے۔ پانی ایسا صاف شفّاف تھا کہ تہ کی ریگ دکھائی دیتی تھی۔ بیچ حوض میں ایک چبوترہ بنا ہوا تھا جس پر ایک عمارت بھی قائم تھی۔ شہر کے لوگ تفریح طبع کے لیے یہاں آتے اور دامنِ کوہ پر خیمہ زن ہوتے تھے۔

علاء الدین کے زمانہ میں اس حوض کی مرمّت ہوئی تھی اور بیچ میں ایک خوشنما گنبد تعمیر کرا دیا گیا تھا۔ قران السعدین کے بیان سے یہ امر ثابت ہوتا ہی کہ اس گنبد سے پہلے

التمش کا چبوترہ موجود تھا۔

اس مثنوی میں خسرو نے علاوہ دہلی کے خاص اُس کے مضافات وحوالی کا بھی ذکر کیا ہے۔

کیقباد اپنے لشکر کے ساتھ دار السلطنت سے روانہ ہوکر سیری میں خیمہ زن ہوا

کوکبۂ زیں نمط انجم شمار — رفت بروں با علمِ شہریار

نصب شد اعلامِ مبارک اصول — کرد سراپردہ بسیری نزول

بارگہِ شاہ دراں بوستاں — رشکِ ظفر داشت بہندوستاں (صفحہ ۱۳)

بارگہِ خاص بسیری رسید — سبزۂ تر بر سرِ سبزی رسید

دائرۂ خیمہ بسیری قطار — ابر فرود آمدہ در مرغزار

بس کہ دراں گلشنِ مینو نشاں — شاہ شد از ابرِ کرم دُر فشاں

ہر کہ دریں سبزہ نظر در گرفت — قطرہ طلب کرد و گہر بر گرفت (صفحہ ۵۲)

اِن اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے میں "سیری" سبزہ زار تھا۔ کوئی تیرہ یا چودہ برس بعد علاء الدین نے حملۂ مغل کے وقت دہلی سے نکلکر اسی میدان میں جنگ کی تھی اور فتحمند ہونے پر بطور فالِ نیک اپنے دار السلطنت کے لیے اس موقع کو انتخاب کیا تھا۔ اس کے جانشین کیقباد نے حصار و عماراتِ سیری کی تکمیل کی۔ اور اس کا نام "دار الخلافہ" رکھا۔ یہ حالات مفصّل طور پر امیر خسرو نے مثنوی نہ سپہر میں لکھے ہیں

حوالی شہر میں تلپٹ، اندپٹ اور افغان پور کا بھی ذکر کیا ہے۔

میمنہ بر تلپتہ زد یکسرہ — بود میان اندپتہ میسرہ

پیل گراں سنگ بہ بہاپور بود — قلب چو دریاش در آمد بجود

پیش بہاپور بعید رسہ میل — سنگ گراں سر شدہ از پای پیل (صفحہ ۵۲)

لشکر شاہی کا سیدھا بازو تلپت میں، اُلٹا اندپت میں اور بہاپور میں قلب لشکر تھا۔ اندپت وہ موقع ہے جہاں بعد میں فیروز شاہ تغلق نے اپنے دار السلطنت کا مرکز اور محل شاہی تعمیر کیا تھا۔

تلپت کا ذکر ابن بطوطہ نے بھی کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ "تلپت دہلی سے سات آٹھ میل کے فاصلے پر ہے"۔ اب بھی اس نام کا ایک پرانا گاؤں متھرا کی سڑک کے پاس ضلع دہلی میں دہلی سے کوئی تیرہ میل جنوب مشرق کی طرف واقع ہے۔ اس زمانے کی تاریخوں میں اس کا ذکر کثرت سے پایا جاتا ہے۔ دہلی سے پورب کو آتے جاتے جمنا کو پار کرتے وقت یہ مقام ملتا ہے۔

بہاپور: اس کا محل وقوع خسرو کے بیان سے اس طرح تحقیق ہوتا ہے کہ وہ اندپت اور تلپت کے بیچ میں تھا۔ بدایونی نے دو جگہ اس کا ذکر کیا ہے۔ ایک تو اس موقع پر جب کیقباد کے مرنے سے پہلے جلال الدین خلجی نے شمس الدین کیکاؤس کو (جسے اہالی دہلی نے تخت نشین کر دیا تھا) بہارپور میں جہاں جلال الدین خود مقیم تھا نظر بند کر لیا۔ اور دوسرے اس موقع پر جب کیقباد کے قتل ہونے کے بعد بہاپور میں کیکاؤس کو تخت نشین کیا گیا۔

"شہر نو" (کلوکھری) روانہ ہو کر بادشاہ نے پہلی منزل حدودِ تلپت و افغان پور

نقشہ دہلی قدیم مع مضافات بعہد معزالدین کیقباد (۶۸۶-۶۸۹ھ)

اندپت
قصر معزی
کلوکھڑی
شہر نو
سیری
تلپت
دہلی
قطب مینار
حصن درونی
حصن بیرونی
افغان پور

ہیں کہ ؎

کوچ سپہ کرد شہ از شہرِ نو | داد جہاں را ز ظفر بہرِ نو
منزلِ اوّل کہ شد از شہر دور | بود حدِ تلپت و افغان پور
یافت سراپردہ در آن جا مقام | دشت در آمد ز رسنہا بدام (صفحہ ۸۹)

افغان پور کا محل وقوع بدایونی نے تغلق آباد سے تین کوس بیان کیا ہے یہیں پر بنگال سے واپس ہوتے ہوئے محمد تغلق نے اپنے باپ غیاث الدین تغلق کا اُس محل میں استقبال کیا تھا جو غیاث الدین پر گر کر اُس کی موت کا موجب ہوا۔

(دیکھو ابن بطوطہ اور بدایونی)

اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ افغان پور تغلق آباد سے تین کوس مشرق کی طرف واقع تھا جو جمنا کو عبور کرنے کے بعد تغلق آباد کے راستہ میں پڑتا تھا۔

اِن مضافات کے محلّ وقوع کو سمجھنے کے لیے ہم جداگانہ ایک سرسری خاکہ اُس وقت کی دہلی کا دیتے ہیں۔ (دیکھو نقشہ مقابل صفحہ ہٰذا)

(۴)

قران السّعدین کا سلسلۂ تواریخ و شہور و سنین

خسرو نے قران السّعدین میں کیقباد کی تخت نشینی کا سال ۶۸۶ھ بیان کیا ہے۔ لیکن خلافِ عادت جلوس کی تاریخ اور مہینہ نہیں دیا۔ دوسری مثنویوں مثلاً نہ سپہر، فتح الفتوح تغلق نامہ وغیرہ میں وہ نہ صرف تاریخ اور دن دیتے ہیں بلکہ ساعت اور زائچہ

تک بیان کر دیتے ہیں۔ مثنوی کے واقعات کے متعلق بجز دو مقامات کے اُنھوں نے کہیں پر سنہ نہیں دیا۔ حالانکہ بعض جگہ مہینوں کا ذکر کیا ہے اور ہر جگہ واقعات کے ساتھ موسموں اور فصلوں کی کیفیت بیان کی ہے۔

سال جلوس کے علاوہ جو دوسرا سنہ اُنھوں نے بیان کیا ہے وہ مثنوی کے ختم ہونے کی تاریخ یعنی رمضان ۶۸۶ھ ہے ؎

ساختہ گشت از روشِ خامۂ ازپسِ شش ماہ چنیں نامۂ

در رمضاں شد بسعادت تمام یافت قراں نامۂ سعدین نام

آنچہ بتاریخ زہجرت گزشت بود سنہ شش صد و ہشتاد و ہشت (صفحہ ۲۴۰)

دوسرے واقعات کی تاریخ کا سلسلہ اسی تاریخ کے ذریعہ سے اس طرح قائم ہوتا ہے۔

(۱) خسرو نے یہ مثنوی اَودھ سے لوٹ کر رمضان ۶۸۶ھ میں چھ مہینے کی محنت کے بعد لکھی۔

(۲) اُن کا دہلی پہنچنا ماہِ ذیقعدہ میں ہوا ؎

ہمچو مہِ عید خوش و شاد و بہر

در مہِ ذیقعدہ رسیدم بشہر (صفحہ ۲۲۲)

مثنوی کی تصنیف میں جو چھ مہینے صرف ہوئے اُن کا لحاظ رکھتے ہوئے اس مہینے سے ذو القعدہ ۶۸۷ھ مقصود ہے۔

(۳) بنا بریں باقی مثنوی کے تمام واقعات ذو القعدہ ۶۸۷ھ اور جلوس کیقباد ۶۸۶ھ کے مابین ہوئے۔

(۴) بادشاہ اخیر ذی الحجہ میں دہلی سے کلوکھری گیا تھا، اور وسط ربیع الاوّل میں لشکر کی روانگی جانب اَوَدھ ہوئی تھی۔

اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ دار السلطنت سے کیقباد ذی الحجہ ۶۸۶ھ میں اور لشکر وسط ربیع الاوّل ۶۸۷ھ میں روانہ ہوا۔

(۵) جیسا کہ اُنھوں نے منظوم خط میں بیان کیا ہے دو مہینے کے سفر کے بعد لشکر اَوَدھ پہنچا۔ اس حساب سے لشکر کا پہنچنا وسط جمادی الاولیٰ ۶۸۷ھ میں ہوا یہی مہینہ قران السّعدین کے خاص واقعہ یعنی ملاقات کا سمجھنا چاہیے۔

قران السعدین میں ملاقات کے طالع و وقت وغیرہ کے بیان میں (دیکھو صفحہ ۱۶۷) حسب ذیل شعر بھی درج ہے۔

تیرہ شبے و مہِ گردوں بخواب
ماہِ زمیں منتظرِ آفتاب (صفحہ ۱۶۸)

اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ اخیر جمادی الاولیٰ ۶۸۷ھ میں وقوع میں آیا۔

(۶) میں جلوسِ کیقباد کی تاریخ ۶۸۶ھ کے نصفِ اوّل میں قرار دیتا ہوں اس لیے کہ ذی الحجہ ۶۸۶ھ سے پہلے قصرِ شاہی کلوکھری میں تعمیر ہو چکا تھا اور ناصر الدین محمود بلبن کی وفات اور کیقباد کی تخت نشینی کی خبر پا کر لکھنوتی (بنگال) سے

چلکر اَوَدھ پر لشکر کشی کر چکا تھا۔ ان واقعات کے لیے میرے خیال میں کئی مہینے درکار ہیں۔

اِس مثنوی میں خود اپنے متعلق امیر خسرو کا بیان غور طلب ہو وہ لکھتے ہیں کہ وہ دربار معزی میں باریاب ہونے سے پیشتر اَوَدھ میں چھ مہینے رہے ؎

با عَلَمِ فتح دراں راہِ دوُر	سایہ فشاں شد بجدِ گنبدِ نور
خان جہاں حاتمِ مفلس نواز	گشت باقطاعِ اَوَدھ سرفراز
من کہ بُدم چاکرِ او پیش ازاں	کرد کرم زانچہ کہ بد بیش ازاں
در اَوَدھم بردبہ لطفے چناں	کیست کہ از لطف نتابد عناں
غربت از احسانش خیالم گزشت	رکم وطنِ اصل فراموش گشت
در اَوَدھ از بخششِ او تا دو سال	ہیچ غم و نالہ نبود از ملال
من نہ پئے شرمِ خداوندِ خویش	رفتہ زجاے خود و پیوندِ خویش (صفحہ ۲۲۱)

اس بیان سے ظاہرا یہ مترشح ہوتا ہو کہ وہ دو برس تک مسلسل دہلی سے جدا اَوَدھ میں خان جہاں کے ساتھ رہے لیکن یہ قیاس صحیح نہیں ہو۔ اس لیے کہ جیسا کہ اُس منظوم خط سے جس کے اشعار اوپر نقل کیے جا چکے ہیں معلوم ہوگا وہ ربیع الاوّل ۶۸۷ھ میں لشکر شاہی کے ہمراہ دہلی سے روانہ ہوئے تھے اور جیسا کہ قران السعدین سے معلوم ہوتا ہو ذی الحجہ ۶۸۷ھ میں دہلی واپس آ گئے تھے۔ لشکر شاہی دو مہینے کی مسافت کے بعد وسط جمادی الاولی ۶۸۷ھ میں اَوَدھ پہنچا اور جیسا کہ قران السعدین سے معلوم ہوتا ہے

ایک ماہ کے سفر کے بعد خسرو اَوَدھ سے دہلی واپس ہوئے ۵

یک مہِ کامل بہ کشیدم عناں

(صفحہ ۲۲۲)

راہ چنیں بود وکشش آں چناں

اب اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ جمادی الاولی ۶۸۷ھ ہی میں اَوَدھ پہنچ گئے تھے اور اخیر شوال ۶۸۷ھ میں وہاں سے واپس روانہ ہوئے تو اُن کے قیام اَوَدھ کی مدّت زیادہ سے زیادہ پانچ مہینے ہوتی ہے۔

اس اختلاف کے رفع کرنے کی صورت حسب ذیل ہے۔

جیسا کہ خسرو نے دیباچہ غرّۃ الکمال میں بیان کیا ہے کیقباد کی تخت نشینی کے وقت اُنھوں نے عزلت نشینی ترک کر کے حاتم خاں خان جہاں کی ملازمت اختیار کر لی تھی۔ ایک اور جگہ لکھا ہے کہ جس وقت کیقباد نے اَوَدھ سے مراجعت کرتے ہوئے خان جہاں کو اقطاع اَوَدھ حوالہ کئے تو خسرو خان جہاں کے ساتھ سابق تعلق کی بنا پر اَوَدھ جانے پر مجبور ہوگئے۔

اب اگر یہ مان لیا جائے کہ جلوس معزی اوائل ۶۸۶ھ کے وقت سے خان جہاں اَوَدھ میں تھا، تو خسرو کا تقریباً دو سال تک اَوَدھ رہنا ثابت ہو جاتا ہے۔ اگرچہ یہ امر مسلّم ہے کہ وہ اخیر دفعہ دہلی واپس آنے سے آٹھ مہینے پہلے (ممکن ہے کہ محض چند روز کے لئے) دہلی آئے ہوئے تھے۔

---

(۵)

خسرو کی اکثر مثنویوں میں حمد و نعت کے بعد اپنے مرشد سلطان المشایخ حضرت شیخ نظام الدینؒ کی تعریف ہوتی ہے۔ خمسہ کی تمام مثنویوں اور عشیقہ اور نہ سپہر، میں یہ التزام ہے۔ تغلق نامے کا ابتدائی حصّہ موجود نہیں ہے۔ اُس میں بھی اغلباً مدح شیخ ہوگی۔ خمسہ سے پہلے کی مثنویوں میں البتہ یہ التزام نہیں پایا جاتا۔ چنانچہ قرآن السّعدین میں شیخ کی مدح موجود نہیں ہے۔ کیا اس سے یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ قران السعدین اور اُس سے پہلی مثنویوں کی تصنیف کے وقت خسرو کے تعلقات شیخ رحمہ اللہ سے پیدا نہیں ہوئے تھے؟

یہ قیاس واقعات کے قطعاً خلاف ہے۔ تحفۃ الصغر میں جو امیر کا پہلا دیوان ہے اور جس میں بیس برس تک کا کلام پایا جاتا ہے، شیخ کی تعریف میں ایک نہایت عمدہ ترکیب بند اور رباعیات اور قطعات موجود ہیں۔ وسط الحیوٰۃ میں بھی مدحِ شیخ میں قصائد وغیرہ ہیں۔

علاوہ اس داخلی سند کے معتبر ترین تاریخی شواہد سے بھی یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچتا ہے کہ شیخ کے ساتھ امیر خسرو کے تعلقات کی ابتدا عنفوانِ شباب سے ہوئی۔ اس بارے میں سب سے زیادہ قابلِ وثوق بیانات سیر الاولیا کے مصنف سید محمد مبارک کرمانی (المعروف بہ امیر خورد) کے ہیں جو تقریباً معاصر مورخ کی حیثیت رکھتے ہیں اور جن کے آباؤ اجداد کے حضرت شیخ اور امیر خسرو کے ساتھ نہایت گہرے مخلصانہ اور معتقدانہ تعلقات تھے۔

امیر خورد اپنے باپ کی زبانی بیان کرتے ہیں کہ جس وقت حضرت شیخ نظام الدین حضرت شیخ فرید الدین کے مرید ہو کر دہلی تشریف لائے ہیں وہ امیر خسرو کے نانا راؤ عرض (عماد الملک) کے مکان میں دو برس تک مقیم رہے (سیر الاولیا صفحہ ۱۰۸)

یہ زمانہ امیر خسرو کی آغازِ شاعری کا تھا۔ جو نظم لکھتے تھے حضرت شیخ کی خدمت میں پیش کر دیتے تھے چنانچہ خسرو نے "طرز صفاہانیاں" پر غزل سرائی شیخ کی فرمایش سے شروع کی تھی۔ (سیر الاولیا صفحہ ۳۰۱)

الغرض یہ گمان تو صحیح نہیں ہو سکتا کہ اس مثنوی یا اس پہلی مثنویوں میں مدحِ شیخ کا موجود نہ ہونا عدمِ تعلقات کا اظہار کرتا ہے لیکن اس فروگذاشت کی کوئی نہایت قوی وجہ ہمارے سمجھ میں نہیں آتی یہ ہو سکتا ہے کہ چونکہ خمسہ کا آغاز شیخ کی بشارتِ روحانی سے ہوا تھا (دیکھو مطلع الانوار خلوت سوم) سب سے پہلے منقبتِ شیخ کا التزام کرنے کا خیال اسی وقت سے پیدا ہوا اور چونکہ خسرو کا وفورِ عقیدت اور رسوخ روز افزوں ترقی کرتا رہا اس لیے یہ التزام اخیر تک قایم رہا۔

(۶)

مثنوی قران السعدین کا ایک شعر تاریخی دلچسپی رکھتا ہے۔ خسرو نے کشتی کی تعریف میں لکھا ہے ؎

ماہِ نوی کاصلِ وے از سال خاست
گشت یکے ماہ بدہ سال راست (صفحہ ۱۴۵)

کہتے ہیں کہ جب وقت مولنا جامی نے اس شعر کو دیکھا تو انھیں سال اور ماہ کے معنی سمجھنے میں بہت کچھ تردد ہوا۔ بالآخر انھوں نے اس شعر کی تفسیر میں ایک رسالہ تصنیف فرمایا اور بحث کا خاتمہ اس پر کیا کہ:-

"چیزے خواستہ کہ بزبانِ ہند مخصوص باشد"

نفائس المآثر کا مصنف کہتا ہے کہ جب سلطان حسین مرزا کے زمانے میں شیخ جمالی دہلوی خراسان گئے تو اُن کی ملاقات مولانا جامی سے بھی ہوئی۔ مولانا نے اس شعر کے معنی شیخ سے دریافت کیے تو شیخ نے کہا کہ "سال" دراصل ایک لکڑی کا نام ہے جس سے ہندوستان میں کشتی بنائی جاتی ہے[1]۔

خسرو نے اور بھی جابجا ہندی الفاظ کا آزادی سے اپنے یہاں استعمال کیا ہے اور اُن سے طرح طرح کے لطایف اور صنایع و بدایع پیدا کیے ہیں بالخصوص اس قسم کے الفاظ سے بکثرت مفید ایہام نکالے ہیں[2]۔

یہ قصہ ہمیں خسرو کی شاعری کی ایک اہم اور سبق آموز خصوصیت یاد دلاتا ہے جس کو یہاں مختصر طور پر بیان کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

دنیا کے بڑے آدمیوں کے حالات کا مطالعہ کرتے وقت (خواہ وہ زندگی کے کسی شعبے سے تعلق رکھتے ہوں) یہ دیکھا جاتا ہے کہ کہاں تک وہ اپنے حالات ماحول کا ماحصل تھے اور کس حد تک انھوں نے بذاتِ خود گرد و پیش کے حالات پر اثر ڈالا اور

[1] یہ تمام قصہ ہفت آسمان میں لکھا ہے (دیکھو صفحہ ۲۰) [2] مثلاً خزائن الفتوح میں ہندی اسما اور اعلام کو تحریف سے محفوظ رکھنے کے لیے اس قسم کی پُر لطف صنعتوں کا استعمال کیا ہے ۱۲

اُن کو تبدیل کرنے میں حصّہ لیا۔ تاریخ جہاں ایک طرف بڑے آدمی بناتی ہو وہاں دوسری طرف بڑے آدمی تاریخ بناتے ہیں۔

خسرو دونوں لحاظ سے ہندوستان کی تاریخ میں نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔ ایک طرف وہ اس دور کے صحیح نمایندہ ہیں اور دوسری طرف ہندوستان کی تاریخ پر اُن کا گہرا اثر پڑا ہی۔

دنیا کے بڑے آدمی اچھے ستاروں کے اجتماع کے وقت پیدا ہوتے ہیں۔ خسرو نے بھی کسی ایسی ہی گھڑی جنم لیا تھا۔ جس عہد میں پیدا ہوئے اُس کی "ترکیب ثلاثہ" اپنے ساتھ لیے ہوئے آئے اور اُن کی شاعری تمام آبائی، قومی اور ملکی اثرات سے مل کر پیدا ہوئی۔ اُن کے باپ خالص ترک تھے، لیکن اُن کی ماں عماد الملک "راوت عرض" کی بیٹی اور نسلاً ہندی تھیں۔ اُن کے باپ کا سایہ صغر سنی ہی میں اُن کے سر سے اُٹھ گیا اور اُنھوں نے اپنی ماں کی گود اور نانا کی سرپرستی میں نشو و نما پائی۔ یہی وجہ ہو کہ اُن کی شاعری سراسر ایسے جذبات اور خیالات سے معمور ہی جنھیں وطن اور گھر کے اثرات کے علاوہ ماں کی جانب سے ورثۂ طبعی قرار دیا جا سکتا ہی۔ اُنکی آبائی زبان ترکی تھی اور قومی اور علمی زبان فارسی۔ جو اُس عہد میں ہندوستان کے مسلمانوں میں مشترک زبان کے طور پر بولی اور لکھی جاتی تھی۔ لیکن خسروؒ کی مادری زبان ہندوستانی تھی، جسے وہ اسقدر عزیز رکھتے اور وقتاً فوقتاً اپنے شاعرانہ جذبات کے اظہار کا آلہ بناتے تھے۔ اسی وجہ سے اُن کی شاعری بحیثیتِ مجموعی ہندوستان کے اُس دلچسپ دور کا آئینہ ہی جس وقت

ملک کے مختلف عناصر میں امتزاج و اختلاط ہو رہا تھا اور اہلِ ملک کے لیے زبان، جذبات، اور خیالات کی آمیزش اور موافقت کی شاہراہ تیار ہو رہی تھی۔

ملک کی اس مشترک تہذیب کی ترقی میں خسرو کا خاص حصّہ ہے۔ وہ وطن کی محبّت کو ایمان سمجھتے تھے اس حق کو اُنھوں نے خوب ادا کیا ہے اور حبّ الوطنی کے جذبات کو ہر طرح مضبوط کرنے کی کوشش کی ہے۔ اسی طرح خیالات اور زبان کی آمیزش سے مشترک زبان کی بنیادیں جمانے اور اتحادِ خیالات پیدا کرنے میں جو حصّہ لیا ہے وہ کسی تفصیل کا محتاج نہیں ہے۔

جو سوت آج سے سات سو برس پہلے پہیلیاں اور گیت ہو کر چھوٹا تھا وہ آج سمندر ہو گیا ہے اور اس بحرِ اعظم کی تسخیر کے لیے موجیں مار رہا ہے۔ جو سُریلے راگ مسعود سعد سلمان اور خسرو نے ملکی زبان میں نکالے تھے وہ میرؔ اور غالبؔ، دردؔ اور سوداؔ، انیسؔ اور میر حسنؔ کے چہچہے بن گئے ہیں۔ جو آواز اس ہندوستانی شاعر نے ملک کی حمایت اور محبّت میں بلند کی تھی وہ آج تمام ملک کی صدا ہو گئی ہے اور آوازِ بازگشت کے طور پر حالیؔ اور اقبالؔ کے دلکش نغموں میں سنائی دیتی ہے۔ مبارک ہے وہ شخص جو تاریخ کے صحیح رجحانات کو پہچانتا اور اُن کی تائید اور ترقی میں ساعی ہو کر بعد کی نسلوں میں اپنا نام ہمیشہ کے لیے نیکی اور محبّت کے ساتھ یاد کیے جانے کے واسطے چھوڑ جاتا ہے۔

آؤ اس تمہید کو ختم کرنے سے پہلے مثنوی قران السعدین کے اخلاقی نتیجہ پر غور کریں۔ جس طرح باپ اور بیٹے میں اختلاف کے بعد صُلح ہو گئی جسے شاعر نے مبارک

سمجھ کر "قران السعدین" قرار دیا اسی طرح ملک کا پریشان شیرازہ آپس کی محبّت سے یکجا ہو سکتا ہی۔ اُس وقت کے لیے قران السّعدین سے خسرو کی یہ غزل بطور "پیامِ اُمیّد" سُن رکھنی چاہیئے۔ جن سچّے اور پاکیزہ انسانی جذبات کی ان اشعار میں ترجمانی کی گئی ہی اُن کی صحیح قدر اُسی وقت ہو سکتی ہی جب ہم اُن سے اخوّت و یگانگت کو مضبوط کرنے اور محبّت و رواداری کو ترقی دینے میں مدد لیں، جس کے ساتھ مستقبل وطن کی اُمیّدیں وابستہ ہیں ؎

خرّم آں لحظہ کہ مشتاق بیارے برسد
آرزومند نگارے بہ نگارے برسد

دیدہ بر رہ چو گُل بندد و نبود خبرش
گرچہ در دیدہ ز نوکِ مژہ خارے برسد

لذّتِ دیدنِ دیدار بجاں کار کند
جانِ بیکار شدہ باز بکارے برسد

گرچہ در دیدہ کشد ہیچ غبارے نبود
ہر کجا از قدمِ دوست غبارے برسد

لذّتِ وصل نداند مگر آں سوختۂ
کہ پس از دُوریِ بسیار بیارے برسد

قیمتِ گل نشناسد مگر آں مُرغِ اسیر
کہ خزاں دیدہ بود پس بہ بہارے برسد

خسروا یارِ تو گر می نرسد خود می پوے
بہرِ تسکینِ دلِ خویش کہ آرے برسد
(صفحہ ۱۹۲)

سیّد حسن برنی

مُقدّمہ

مثنوی قران السّعدین خسروؒ

نوشتہ

مولانا محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم

نقطۂ ہر حرف بزیبِ تریں
مردمکِ چشمِ معانی لقیں
اوجِ معانی نہ بمقدارِ طبع
لیک گذشتہ ز سمٰوتِ سبع
(از مثنوی قران السعدین)

فہرست مضامین

مقدمہ

قران السعدین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُقدّمہ

تقریبِ نظم و وجہ تسمیہ

امیر خسروؔ دہلوی کی مثنویات میں یہ سب سے پہلی مثنوی ہے جس میں سلطان معزالدین کیقباد اور اُس کے باپ کی ملاقات کا قصّہ خود سلطانِ موصوف کے حکم سے ۶۸۸ھ میں امیر صاحب نے نظم کیا۔ اور مضمون کی مناسبت سے اس کا نام قِرانُ السعدین رکھا۔

لفظ قِران کے لُغوی معنی تو اِتّصال یا ملاپ کے ہیں مگر نجوم کی اصطلاح میں آفتاب کے سوا باقی سیّاروں میں سے دو سیّاروں کا ایک جا نظر آنا اُن کا قِران کہلاتا ہے اور مشتری و زہرہ کو اہلِ تنجیم سعدِ اکبر و سعدِ اصغر سمجھتے ہیں اس لیے اِن دونوں کے قِران کو قِرانُ السّعدین کہتے ہیں۔ تو شاعر نے دو بادشاہوں کی ملاقات کو کہ مُلک و ملّت کے لیے موجبِ سعادت تھی تشبیہاً قِرانُ السعدین

سے موسوم کیا۔ پس یہ نام کنایہ ہے اصل قصہ سے۔

کچھ ابتدائی کیفیت امیر صاحب نے معز الدین کی تخت نشینی اور موسم سرما کے عیش و عشرت کا ذکر کر کے قصہ یوں شروع کیا ہے کہ:-

"یکایک شاہِ شرق کی فوج کشی کا غلغلہ بلند ہوا"

اُس زمانہ میں جب کہ یہ مثنوی لکھی گئی تھی اتنا ہی اشارہ کافی تھا۔ لیکن آج ساڑھے چھ سو برس کے بعد تاریخ داں کے سوا کس کو معلوم ہے کہ معز الدین اور شاہِ شرق کون تھے؟ کب تھے؟ کہاں تھے؟ کس خاندان سے تھے؟ لہٰذا کچھ ابتدائی کیفیت بھی یاد رکھنی چاہیئے تاکہ اس قصہ کا سر و بن سمجھ میں آ جائے

سلطان شہاب الدین غوری نے ہندوستان فتح کر کے دہلی کو دار الملک بنایا۔ اور قطب الدین ایبک کو دلّی میں اپنا نائب سپہ سالار مقرر کیا۔ سلطان غوری کی وفات کے بعد قطب الدین ایبک یہاں کا خود مختار سلطان ہو گیا۔ قطب الدین کی وفات کے بعد اُس کا داماد شمس الدین التمش تخت و تاج کا وارث ہوا۔ التمش کی وفات کے بعد اُس کی اولاد میں تیس سال تک سلطنت رہی۔ اور اس قلیل مدّت میں پانچ بادشاہ تخت نشین ہوئے:-

(۱) سلطان رکن الدین فیروز بن التمش ۶۳۳ھ

(۲) سلطان رضیہ بیگم بنت التمش ۶۳۴ھ

(۳) سلطان معز الدین۔ بہرام شاہ بن التمش ۶۳۷ھ

(۴) سلطان علاء الدین بن مسعود بن رکن الدین فیروز ۶۴۲ھ

(۵) سلطان ناصر الدین محمود بن التمش ۶۴۴ھ

سلطان غیاث الدین بلبن بلبن بندگانِ شمسی میں سے تھا۔ اس نے اپنی قابلیت سے اعلیٰ مناصب پائے۔ اور سلطان شمس الدین کی دامادی کا فخر بھی حاصل تھا۔ اصل و نسب کے لحاظ سے وہ تُرکِ افراسیابی تھا۔ سلطان ناصر الدین محمود بن التمش کے عہد میں بیس سال تک وزیرِ سلطنت رہا۔ اور اس سلطان کی وفات کے بعد ۶۶۴ھ میں وہی ملک و سلطنت کا وارث ہوا۔

غیاث الدین کے دو بیٹے تھے:۔

بڑا سلطان محمود خاں المخاطب بہ قاآن ملک یہ ولی عہد سلطنت بھی تھا اور مغول چنگیزی کی یورش روکنے کیلیے اقطاع ملتان و سندھ کی حکمرانی اُس کے سپرد کی گئی تھی۔

چھوٹا بیٹا بغرا خاں تھا جو اقطاع ساماؔنہ و سنام کی حکومت پر متعیّن تھا۔

قران السعدین کے دو سیّاروں میں سے ایک بغرا خاں ہے۔ لہذا اس کا حال کسی قدر تفصیل سے بیان کرنا مناسب ہے۔

سلطان ناصر الدین بغرا خاں عہد بلبنی میں لکھنوتی دار الصّدر بنگال کا حاکم طغرل باغی ہو کر خود مختار بن بیٹھا تو سلطان بلبن ایک

---

[۱] سلطان غیاث الدین بلبن کی اولاد کا سلسلہ ماں کی طرف سے سلطان شمس الدین التمش و قطب الدین ایبک تک پہنچتا ہے ۱۲

[۲] فی الحال ریاست پٹیالہ ملک پنجاب کے علاقے شیخ صدر شامل ہیں ۱۲ [۳] شرقی بنگال میں ایک شہر تھا جو مدت تک حکام و سلاطین بنگال کا دار السلطنت رہا۔ اب اُس کے کھنڈر پُرانی آبادی کی یادگار ہیں ۱۲

بڑا لشکر اُس کی سرکوبی کے لیے جمع کرکے دلّی سے چلا۔ اور سامانہ سے شہزادہ بغرا خاں کو بھی مع اُس کی افواجِ خاصہ کے اس مہم پر اپنے ہمراہ لے گیا۔ طغرل باغی کے قتل اور اُس کے اعوان و انصار کے استیصال کے بعد بلبن نے شہزادہ بغرا خاں کو لوازمِ سلطنت عطا فرما کر ناصر الدین محمود کے لقب سے لکھنوتی کا مستقل سلطان بنا دیا۔ اور تین سال میں اس مہم سے فارغ ہو کر دلّی واپس چلا آیا۔

اس وقت سلطان بلبن کے دو نوں بیٹے تو دلّی سے باہر غربی و شرقی حدود میں برسرِ حکومت تھے مگر دو پوتے یعنی کیخسرو فرزند سلطان محمد خاں اور کیقباد پسر ناصر الدین بغرا خاں سلطان کی زیرِ نظر دلّی میں تعلیم و تربیت پا رہے تھے۔

چند سال کے بعد ۶۸۳ھ کی آخر تاریخ کو یہ حادثۂ عظیم پیش آیا کہ ولی عہد سلطنت سلطان محمد خاں والیِ ملتان لشکرِ مغل کے مقابلے میں شہید ہو گیا۔ اِس لائق شہزادے کی موت نے بوڑھے باپ کا دِل بٹھا دیا اور صاحب فراش بنا دیا۔ یہاں تک کہ اُمیدِ زیست منقطع ہونے لگی تو ناچار چھوٹے بیٹے ناصر الدین بغرا خاں کو لکھنوتی سے طلب فرمایا کہ اُس کے دیدار سے خان شہید کا غم غلط کرے اور جب سفرِ ناگزیر پیش آئے تو تاج و تخت کا وارث پاس موجود ہو۔ مگر شہزادہ بغرا خاں بنگالہ کی خود مختار حکومت اور وہاں کی حشمت و دولت پر ایسا فریفتہ تھا کہ عرصہ تک باپ کے حکم کو ٹالتا رہا اور تاکیدِ مزید کے

بعد آیا تو دلّی کی دربارداری اور باپ کی خدمت گزاری میں جی نہ لگا۔ ان دنوں سلطان کی حالت بھی علاج معالجہ سے کچھ سنبھل گئی تھی اور تخت کا جلد خالی ہوجانا مشتبہ نظر آتا تھا۔ لہذا بغرا خاں ایک روز شکار کے بہانے سے نکلا اور بے اذن شاہی لکھنوتی کی راہ لی۔ شہزادے کی اس کج ادائی اور بے مہری نے اُس پیرِ غم زدہ کے دل پر ایک چرکا لگایا جس کا درد خانِ شہید[1] کے داغ سے بھی زیادہ پُر الم تھا۔

گو بغرا خاں پر لگا کر بنگال کے شوق میں اُڑا چلا گیا لیکن تقدیر کا فتویٰ لگ چکا ہے کہ وہ عن قریب بنگالہ سے واپس آئیگا اور اسی قسم کے صدمات اُس کو بھی اپنے بیٹے کے سلوک سے اُٹھانے پڑینگے۔

بعد ازیں سلطان بلبن نے شہزادہ کیخسرو کو جو اپنے باپ کی بجائے اقطاع مُلتان کا حاکم بنا دیا گیا تھا دلّی میں طلب کرلیا۔ اور مرنے سے تین روز پہلے اپنے مُعتمد اعیانِ دولت کو خلوت میں بُلا کر وصیت فرمائی کہ "میرے بعد کیخسرو تخت نشین کیا جائے" اور دوسرے پوتے کیقباد کی نسبت حکم دیا کہ "وہ اپنے باپ بغرا خاں کے پاس لکھنوتی پہنچا دیا جائے"۔

اب ہم قِران السّعدین کے دوسرے سیّارے کیقباد کے احوال کی تصویر پیش کرتے ہیں:-

---

[1] لقب ہے شہزادہ سلطان محمد خاں کا جو اُس کی شہادت کے بعد مشہور ہوا ۱۲

کیقباد کی تخت نشینی سلطان بلبن کے مرتے ہی اعیان و ملوک نے اُس کی وصیت کو طاق نسیان پر رکھدیا اور اپنی اغراض کے لحاظ سے بادشاہ کا انتخاب کرنے لگے۔ زمرۂ اعیان و ارکان میں ملک الامرا فخر الدین کوتوال شہر نہایت با اثر شخص تھا اور خان شہید سے کدورت رکھتا تھا۔ اس لیے اُس کے بیٹے کیخسرو کی تخت نشینی میں مزاحم ہوا۔ اور اُس کی تندمزاجی سے لوگوں کو ڈرایا اور کیخسرو کو مجبور کیا کہ اپنے اقطاع ملتان و سندھ کی حکومت پر فوراً روانہ ہو جائے اور کیقباد کو جو ایک حلیم و سلیم شہزادہ ۱۷-۱۸ سال کا ناتجربہ کار نوجوان تھا اس کے سر پر تاج سلطنت رکھا گیا اور سلطان معز الدین اُس کا لقب ہوا۔ چنانچہ خسرو فرماتے ہیں:-

برسر شاں شاہِ جواں بخت زاد ۔۔۔ تاجورِ پاک گہر کیقباد

کرد چو در ششصد و ہشتاد و شش ۔۔۔ ق ۔۔۔ برسر خود تاجِ جدِ خویش خوش

گنج بر اں گونہ بصحرا فگند ۔۔۔ کز کرم آوازہ بدریا فگند

اور کیقباد کا نسب نامہ اس طرح بیان کیا ہے کہ:-

شمسِ جہانگیر جدِ بافرش ۔۔۔ اظہرِ من شمس جدِ دیگرش

ناصرِ حق شاہِ فرشتہ سرشت ۔۔۔ خوئے خوشش نسخۂ باغ بہشت

جدِ سوم شاہِ غیاثِ اُمم ۔۔۔ حاکمِ فرماں ز عرب تا عجم

یعنی شمس الدین التمش کیقباد کے باپ کا نانا اور ناصر الدین محمود بن التمش کیقباد

کا نانا اور غیاث الدین کیقباد کا دادا تھا۔

کیقباد کی عیّاشی

بلبن جیسے دیندار سپاہی منش بادشاہ کے زمانہ میں تو کیقباد کی مجال نہ تھی کہ حدِ اعتدال سے قدم باہر رکھتا مگر مکتب سے اُٹھتے ہی ایک زبردست سلطنت زیرِ فرمان پائی تو جذباتِ نفسانی کو قابو میں نہ رکھ سکا عیش و عشرت اور بدمستی و ہوا پرستی میں ایسا مستغرق ہوا کہ پھر کبھی ہوش میں نہ آیا۔

اُس کی مجالسِ عیش و طرب کے لیے کیلوکھڑی میں جمنا کے کنارے ایک نیا قصر تعمیر کیا گیا۔ اُس قصر کے گردا گرد شاہد و ساقی مطرب، نقال لطیفہ گو، مسخرے، بازی گر، دور دست ممالک سے آ آکر آباد ہو گئے۔ اور شاہی مجالس کو اندر سبھا کا نمونہ بنا دیا۔

کیقباد کی بے اعتدالیوں کا سیلاب اتنا بڑھا کہ جماعتِ ملوک و امرا سے گذر کر طبقاتِ عوام تک سرایت کر گیا۔ اس زمانہ میں دلّی کے در و دیوار نے رندی و بے قیدی کا ایسا تماشا دیکھا جس کا خیال باندھنا بھی سلاطینِ ماضی کے عہد میں دشوار تھا۔ حضرتِ خسروؒ نے اُس کا اظہار اس غزل میں کیا ہے

غزل

اے دہلی! و اے بتانِ سادہ　　　پگ بستہ و ریش کج نہادہ

---

[1] یہ دوسرا مصرعہ بعض ثقات سے یوں سُنا گیا ہے ع پگ بستہ و کج کلہ نہادہ ۱۲

خوں خوردنِ شاں آشکار است | گرچہ پنہاں خورند بادہ
فرماں نبرند زاں کہ ہستند | از غایتِ نازِ خود مرادہ
جائے کہ برہ کنند گل گشت | در کوچہ دَوَند گلِ پیادہ[1]
آسیبِ صبا رسید بردوش | دستار چہ بر زمیں فتادہ
شاں در رہ و عاشقاں بدنبال | خونابہ ز دیدگاں کشادہ
ایشاں ہمہ بادِ حسن در سر | ویہا ہمہ سر بباد دادہ
خورشید پرست شد مسلماں | زیں ہندوگانِ شوخ وسادہ

بر بستۂ شاں بموئے مرغول
خسرو چو سگے ست در قلادہ

امیر خسروؒ نے مقطعِ غزل میں ابنائے روزگار کی حقیقتِ حال کو اپنے نفس کی طرف منسوب کیا ہے اور یہ عینِ بلاغت ہے۔

ملک نظام الدین کا اقتدار

کیقباد کی عیش پسند طبیعت سے بہت بعید تھا کہ وہ مشاغلِ کامرانی کو چھوڑ کر ملک رانی کی طرف توجّہ کرتا۔ یہ درد سر اُس نے ملک الامرا کوتوال کے داماد ملک نظام الدین بار بک[؟] کو سپرد کردیا تھا وہ جو چاہتا تھا کرتا تھا۔

اِس میں شک نہیں کہ وہ مدبّر و منتظم سردار تھا۔ مگر خود غرض و بدباطن بھی تھا۔

---

[1] وہ پھول جن کی ڈنڈیاں اونچی نہیں ہوتی ہیں۔ اونچے ڈنڈے والے پھول گلِ سوار کہلاتے ہیں ۱۲

بادشاہ کی غفلت شعاری نے اُس کے دل میں یہ طمعِ خام پیدا کر دی کہ اِس بدمست نوجوان کا کام تمام کر کے تاج و تخت کا مالک خود بن جائے۔

بغراخاں کی طرف سے مَلک نظام الدین کو کچھ اندیشہ نہ تھا۔ وہ دلّی سے کالے کوسوں دور تھا۔ مگر کیخسرو (جو بلبن کی آخری وصیّت کے لحاظ سے حق دار سلطنت بھی تھا) اُس کی نظر میں کھٹکتا تھا۔ چنانچہ اوّل اُس نے اِسی بیچارہ پر ہاتھ صاف کیا۔ بادشاہ کی طرف سے ایک دوستانہ فرمان طلب اُس کے نام بھجوایا۔ کیخسرو نے اس حکم کی تعمیل کی اور ملتان سے چل کر رہتک تک پہونچا تھا کہ ملک نظام الدین نے قاتل بھیجکر اُس کو قتل کرا دیا۔

بعدازاں بندگانِ بلبنی جو مناصبِ اعلےٰ پر ممتاز تھے اُن میں سے بعض کو قتل اور بعض کو ذلیل و خوار کیا۔ اور مقیّد کر کے دور دور کے قلعوں میں بھیج دیا نومسلم مغل کہ بندگانِ بلبنی سے قرابت رکھتے تھے اُن کو تہ تیغ کیا۔ یہ تمام مظالم ملک نظام الدین نے کیقباد کو اغوا کر کے اس غرض سے کرائے کہ بلبنی خاندان کے خیر طلب اور کیقباد کے حامی و مددگار باقی نہ رہیں۔ مگر نادان بادشاہ اِن کھلّی بدخواہیوں کو بھی خیر خواہی سمجھتا رہا۔ بات یہ تھی کہ وہ کوتوال شہر اور اس کے گروہ کو اپنا معاون و محسن جانتا تھا۔

ناصرالدین کی فوج کشی

جب سلطان ناصرالدین کو لکھنوتی میں یہ افسوس ناک خبریں پہونچیں تو سخت صدمہ ہوا۔ اوّل اُس نے فرزند ناخلف کو مکتوبات

شفقت آمیز لکھے۔ اشارات وکنایات میں غفلت سے بیدار کرنا چاہا۔ مگر جہاں عیش وبدمستی کے بادل گرج رہے ہوں وہاں حضرتِ ناصح کی صدائے بے ہنگام کون سنتا ہے؟

ناچار ناصرالدین نے ملاقات کی خواہش کی۔ طرفین سے قاصدوں کی معرفت یہ امر طے ہوگیا کہ دونوں باپ بیٹے اپنے اپنے دارالسلطنت سے جریدہ چل کر شہر اودھ میں ملاقات کریں۔ اس ملاقات سے ناصرالدین کا یہ مقصد تھا کہ بیٹے کو بررو نصیحت کرے۔ ممکن ہے کہ وہ راہ راست پر آجائے۔

لیکن ملک نظام الدین کے مشورے سے کیقباد کی جلو میں ایک بڑے لشکر کے چلنے کا سامان شروع ہوا تو ناصرالدین بھی لاؤلشکر لے کر آیا۔ یہ قول مورخین کا ہے[۵]۔

حضرت خسرو نے مثنوی میں ابتدائی حالات کچھ نہیں لکھے اور نہ اُن کو اِن قصوں کے لکھنے کی چنداں ضرورت تھی۔ اُن کو تو کیقباد کی فرمایش پوری کرنی تھی۔

وہ مثنوی میں کیقباد کی تخت نشینی اور عیش ونشاط کا ذکر کر کے ناصرالدین کی لشکر کشی کا سبب یہ بیان کرتے ہیں کہ:۔

ناصرالدین دلّی کے تخت وتاج کو اپنا حق سمجھتا تھا۔ اِس لئے لکھنوتی سے

---

[۵] تاریخ برنی صفحہ ۱۴۱

ملک بہار میں آیا۔ اور بہار سے چل کر اودھ پر قبضہ کیا[۱]۔

یافت خبر خسروِ مشرق پناہ — ناصرِ حق۔ وارثِ ایں تخت گاہ
کافسرِ او را پسر انبار گشت — ویں شرف از وے بہ پسر بازگشت
خشم بسر کرد و عَلَم بر کشید — ساختہ کیں شد و لشکر کشید
تند چو باد آمد ازاں خارخا — از پئے گلگشت بسوے بہار
راند ازاں جا۔ بہ اودھ باد پائے — بادہمی ماند ز سیرش بجائے
شہر اودھ را ہمہ زاں دست برد — غارتِ ترکانش بہ یغما سپرد
ویں طرف آگاہ نہ فرزندِ شاہ — کز پئے او راند سپہ در سپاہ

جب ناصرالدین کا لشکر اودھ کی طرف آرہا تھا تو کیقباد دلّی میں بیٹھا حسب عادت رقص و سرود اور ساقی و شراب کے مزے اُڑا رہا تھا۔

شہ بچنیں وقت بر آہنگِ مے — رخشِ طرب کرد رواں پے بہ پے
بادہ ہمی خورد و ہمی خورد غم — عیش ہمی کرد و ہمی کرد کم
ریختہ ساقی مے رنگیں بجام — مے ز لبِ شاہ رسیدہ بکام
ناگہ ازاں جا کہ جفای جہاں ست — ق — قاعدۂ دولتِ شاہنشہاں ست
گرم شد آوازہ کہ خورشیدِ شرق — تافتہ شد بر خطِ مغرب چو برق
ناصرِ دین و شہ کشور کشاے — تیغ بر آورد و بکیں کرد راے

---

[۱] خسرو کے قول کی تائید تاریخ مبارک شاہی سے ہوتی ہے ۱۲

راند ز لکھنوتی و دریاے ہند — تا سپہش گرد بر آرد ز سند

بیں کہ سپہرش چہ تمنا نمود — کآبِ فرو میل بہ بالا نمود

قوتِ سیلے نبود تا برود — آب ببالا نرود از فرو

سوے سوادِ اودھ آمد چو باد — گرد حک از خنجرِ تیز آں سواد

چند ہزار ش زسواران کار — تیغ زن و کینہ کش و نامدار

آمد اقصاے اودھ در گرفت — واں ہمہ اقلیم سراسر گرفت

نیست جزیں در شب و روزش سخن — کیں منم اسکندرِ دارا شکن

مردمکِ دیدۂ من کیقباد — کافسرِ جد فرّ بزرگیش داد

گرچہ جہانگیر شد و تاجدار — نیست جہاندیدہ تر از من بکار

تختِ پدر گرنہ پے پاے من ست — ہر ہمہ دانند کہ جاے من ست

حاصل ازیں حادثہ کامد پدید — شاہِ جہاں یافت پیاپے خبر

دلّی میں ترتیب لشکر ناصر الدین کی آمد کا آوازہ بلند ہوا تو دلّی میں بھی کوچ کی تیاریاں اور ترتیبِ لشکر کا سامان ہونے لگا۔ شاہی جھنڈا کھولا گیا اور قصبہ سیری میں جو دلّی کے قریب تھا ڈیرے خیمے لگا دیے گئے اور لشکر کے دائیں بازو کا کیمپ قصبۂ تلپٹ میں اور بائیں بازو کا قصبہ اندپت میں ڈالا گیا اور شاہی ہاتھیوں کا پڑاؤ موضع بہاپور[1] میں تھا۔

ایک روز سلطان معزالدین بھی برسم شکار باہر نکلا اور لشکر گاہ کو ملاحظہ

---

[1] نواح دہلی میں ایک گانوں تھا۔ (از شرح نورالعین) ۱۲

کرکے تیاری کی تکمیل تک قصر کیلوکھڑی میں واپس آگیا۔ چنانچہ خسرو کہتے ہیں:۔

کرد اشارت کہ دلیرانِ رزم ساختہ دارند ہمہ سازِ عزم

جمع شدند از اُمرائے دیار از ملک و خان و شہ و شہریار

تیغ زنانِ ہمہ اقلیمِ ہند نیزہ گذارانِ نواحیِ سند

روزِ دوشنبہ۔ بگہِ چاشت گاہ در مہِ ذی الحجہ بپایانِ ماہ

رایتِ منصور ببالا کشید ماہِ[۱] علم سر بہ ثریا کشید

نصب شد اعلام مبارک وصول کرد سراپردہ بہ سیری[۲] نزول

میمنہ بر تلپٹہ[۳] زدیک سرہ بود میاں اندپٹہ[۴] میسرہ

داورِ جمشید نسب کیقباد تاجِ کیاں بر سرِ والا نہاد

زحش طلب کرد شہِ تاجور رفت زیک تخت بہ تختِ دگر

عزم بروں کرد شکار افگناں بردلِ خورشید غبار افگناں

بود چو خورشیدِ ولایت فروز گشت کناں تا بگہ نیمروز

رفت بکیلوکھڑی و داد عون از مددِ دست چو دریائے جون[۵]

قصر شد از فرّشہ ارجمند چوں فلک از منزلت خود بلند

---

[۱] ماہ علم نشان ہلال جو پھریرے پر ہوتا ہے ۱۲ [۲] نواح دہلی میں ایک گانوں تھا ۱۲

[۳] دہلی سے پانچ چھ کوس پر ایک مشہور پرگنہ تھا ۱۲

[۴] نواح دہلی میں ایک قصبہ تھا جو اب داخل ازک شہر دہلی ہے ۱۲

[۵] دریائے جمن کو سنسکرت میں جون بولتے ہیں (بفتح واو) یہاں اس کے تلفظ میں تصرف کیا گیا ہے ۱۲

ملک پنجاب پر مغلوں کا حملہ

دلّی میں لشکر کے کوچ کا سازو سامان مہیّا کیا جا رہا تھا کہ اسی اثنا میں ملک پنجاب پر حملۂ مغل کی خبر آئی۔ اس فتنے کے تدارک کی غرض سے تیس ہزار سوار کی جمعیت لے کر باربک[۱] سلطانی نہایت سرعت سے لاہور کی طرف روانہ ہوا۔ سامانہ سے لاہور تک تمام بستیاں مغلوں کی غارت گری نے برباد کر دی تھیں۔

مغلوں کو افواج شاہی کے آنے کی خبر معلوم ہوئی تو وہ پہاڑوں کی طرف بھاگ گئے۔ باربک نے کچھ دُور تک غنیم کا تعاقب کر کے بعض کو قتل کیا اور جو مغل زندہ گرفتار ہوئے اُن کو لے کر دلّی کی طرف مراجعت کی۔ اس واقعہ کی کیفیت حضرت خسرو نے اشعار ذیل میں بیان کی ہے:۔

نامہ کشے چند چو تیر از کمیں ‏‏— آمد و بوسید چو پیکاں زمیں

کز حدِ بالا مغلِ تیز عزم ‏‏— سوے فرو راند بر آہنگِ رزم

لشکر انبوہ چو ذرّاتِ ریگ ‏‏— جوش بر آورد چو آبے بدیگ

مردمِ آں خطّہ فرو شد بخاک ‏‏— گرد بر آورد از ایشاں ہلاک

شہ کہ ز گمراہیِ آں گمرہاں ‏‏— یافت چنیں آگہی از آگہاں

گفت کہ خواہم ز سوارانِ کار ‏‏— نامزدِ مغل شود سی ہزار

بر سرِ شاں باربکِ تیغ زن ‏‏— خان جہاں چابک و لشکر شکن

---

[۱] باربک کا نام سلطان شاہک تھا اور اس مہم پہ نامزد کرتے وقت خان جہاں خطاب عطا کیا تھا ۱۲

عارضِ فرزانہ بفرمانِ شاہ — کرد رواں سوے مخالف سپاہ

ناحیہ بر ناحیہ راندند تند — بود صبا پیشِ چنیں سیر کند

از قدمِ شومِ مغل آں بلاد — نام و نشانے ز عمارت نداد

از حدِ سامانہ تا لاھنور (لاہور ۱۲) — ہیچ عمارت نہ۔ مگر در قصور[1]

لشکرِ اسلام کہ آنجا رسید — بود زمیں تشنہ۔ کہ دریا رسید

یافت خبر کافرِ ناخوب کیش — تیز تر از تیر بروں شد ز کیش

تن ز غنیمت بہزیمت سپرد — بردنِ جاں را بغنیمت شمرد

باربک اندر پئے شاں کینہ خواہ — تیغ زناں قطع ہمی کرد راہ

لشکرِ اسلام کہ دنبالہ کرد — کوہ ز خونریز پُر از لالہ کرد

خانِ جہانگیر کہ آں فتح یافت — فتح و فیروز عناں باز تافت

بست اسیرانِ مغل را قطار — داد بداں چند شتر دل مہار

کیقباد کی بزم آرائیاں

لشکر کی تیاری کا کام سرداران لشکر کے ذمّے تھا جس کی تکمیل میں سردی کا موسم گذر گیا۔ مگر رنگیلے کیقباد کو اپنے مشاغل شوق کے لئے کافی فرصت تھی۔ اُس کے قصرِ عشرت میں موسم سرما کا ایک لمحہ بیکار نہیں گیا بدستور ہنگامۂ نشاط کی گرماگرمی رہی۔ یہاں تک کہ نوروز کا موسم آگیا۔ پھر تو قصرِ معزی میں اور بھی دھوم دھام کے

---

[1] نواح لاہور میں ایک پرگنہ ہے۔ مگر یہاں قصور سے یہ مراد ہے کہ ہر ایک عمارت کو نقصان پہونچا تھا ۱۲

جشن ہوتے۔ اور بادہ پیمائی کا زور و شور رہا:-

موسم نوروز و ہوائے شراب — شاہِ جہاں مست و مخالف خراب
بادہ ہمی خورد و ہمی بود شاد — شادہمی کرد جہاں راز داد
ہر کہ چو گل کرد بہ بزمش گذر — برد بسے دامنِ پر سیم و زر
نغمہ زنش زہرۂ پردہ شناس — نغمہ زنی کرد بچندیں سپاس
یافتہ در گوشِ ہمایونش جاے — این غزل از نغمۂ بربط سرائے

غزل

گل امروز آخرِ شب مست برخاست — بجامِ لالہ مجلس را بیاراست
نشستہ سبزہ زیں سو در چپِ گل — ستادہ سرو زاں سو جانبِ راست
صبا می رفت و نرگس از غنودن — بہر سوے ہمی افتاد و می خاست
من اندر باغ بودم خفتہ بالا — بنام ایزد چو ما بے کم و کاست
چو رفتن خواست از پہلوے خسرو — برآمد از دلم فریاد بے خواست

خسرو نے گل و نرگس اور سبزہ و سرو کے تخیل میں کیقباد کی بزم مستانہ کا رنگ ڈھنگ خوب دکھایا ہے۔

کیقباد کے لشکر کا کوچ بجانب اودھ

جاڑا گذرا نوروز ہو چکا۔ اب گرمی کا موسم تھا کہ لشکر کیل کانٹے سے درست ہو کر کوچ کے لئے تیار ہوا۔ بادشاہ سلامت اپنا عشرت کدہ چھوڑتے ہوئے کسمساتے کہ خود بدولت

ہمراہِ لشکر چلیں یا نہ چلیں مگر مشیر دولت نے یہی صلاح دی کہ بادشاہ کا چلنا ضروری ہے۔

مصلحتِ ملک زرائے درست | ہر چہ صواب ست ہمی باز جست
خود کمرِ کینہ کند استوار | یا زپئے رزم فرستد سوار
کار شناسے کہ درآں رازبود | پردہ ز تدبیر بینداخت زود
گفت ز چندیں سپہ کینہ خواہ | آں نرود کز تنِ تنہائے شاہ

غرض وسط ماہ ربیع الاول میں کوچ کیا۔ اور پہلی منزل تلپٹ اور افغان پور کے حدود میں ہوئی۔

در وسطِ ماہِ ربیع نخست | عزم سفر کرد بمشرق درست
کوسِ عزیمت زد و در شہریار | لرزہ در آورد بروئیں حصار
کوچ سپہ کرد۔ شہ از شہرِ نو | داد جہاں را ظفر بہرِ نو
منزلِ اوّل کہ شد از شہر دور | بود حدِ تلپت و افغان پور
یافت سراپردہ در آں جا مقام | دشت درآمد ز رسنہا بدام

مہم مغل سے باربک کی مراجعت

سلطانی لشکر کا پہلا ہی کوچ تھا کہ خان جہاں باربک جو مغلوں کی مہم سر کرکے آرہا تھا اس مقام پر حضور سلطانی میں حاضر ہوا۔ اِس فتح کا بڑا جشن منایا گیا۔

لشکر کا فرکشِ بالا ورد | از عقبِ کوچ درآمد چو گرد

باربک آمد ز مصافِ مغل | بستہ گلوہاے مغل را بہ غل
شاہ بران مژدۂ دولت کہ یافت | بادہ طلب کرد و بہ مجلس شتافت
خوردمے و گنج بہ محتاج داد | بس گہر و زر کہ بہ تاراج داد

اسیران مغل کا قتل

دوسرے دن اسیران مغل اور مال غنیمت سلطان کے روبرو پیش ہوا۔ قیدیوں میں سے امیران صدہ[1] کو ہاتھیوں سے کچلوا دیا۔ اور سپاہیوں کو شہر میں بھیجکر تشہیر کرایا۔ دن اس مشغلے میں کٹ گیا رات کو پھر وہی دور ساغر چلا:۔

چوں تنہ چند ز میرِ صدہ | دست اجل داد بدام ودده
آنچہ دگر ماند شہنشاہِ دہر | کرد رواں از پئے تشہیر شہر
چوں فلک از شیشۂ خود گاہِ شام | جام فرو برد ز دَور مدام
نورِ نشاط از افقِ جام تافت | شہ زمے دمے زلبش کام یافت

باربک کی روانگی بطور ہراول

دو روز بعد لشکر آگے بڑھا۔ اور دو کوچ کے بعد جمنا کو عبور کرکے جیور[2] میں مقام ہوا اُس مقام سے باربک بحکم شاہی ایک دستہ فوج کا لے کر بطور ہراول لشکر کے آگے آگے روانہ ہوا اور گنگا پار اُتر کر قطع مراحل کرتا دریاے سرجو کے قریب جا پہونچا اور سلطانی لشکر کے انتظار میں وہاں ٹھیر گیا۔

---

[1] امیر صدہ وہ سردار جس کے زیر حکم سو سپاہی ہوتے تھے ۱۲

[2] جیور ایک قصبہ ہے مضافات ضلع بلند شہر میں جمنا کے قریب ۱۲

اُس نواح کے ملوک و اُمرا میں سے ملک چھجو خان کڑہ اور خان اودھ یہہ دونوں اپنی اپنی جمعیت کے ساتھ باربک کے لشکر سے آملے۔

بارَبک و تیغ زنانِ سپاہ ۔۔۔ طبل زناں پیش گرفتند راہ
کوچ بکوچ از شدنِ بی درنگ ۔۔۔ لشکرِ شاں رفت گذارای گنگ
گرم بآبِ سرُو در رسید ۔۔۔ در سرُو رفت و عناں درکشید
(جلد ۱۲ دریای سرجو ۱۲)
پیش درآمد ز بزرگانِ پیش ۔۔۔ چند ملک با سپہ و سازِ خویش
خانِ کڑہ چھجوے کشور کشاے ۔۔۔ کز لبِ خاناں کرہ بستے بپاے
خانِ اودھ نیز بفرمانِ شاہ ۔۔۔ کرد بیک جاے فراواں سپاہ
باربک و شاں ہمہ یک جا شدند ۔۔۔ ساختۂ کار مہیا شدند
لشکرِ شاں پر زصفِ باشکوہ ۔۔۔ برلبِ آبِ سرُو شد گروہ

ناصرالدین کا پیام باربک کو

دریا کے اُس پار سلطان ناصرالدین کا لشکر پڑا تھا۔ اُس کو خبر ملی کہ فوجوں کا یہہ جماؤ لڑائی کے ارادہ سے ہوا ہے تو وہ بہت برہم ہوا اور فوراً شمس الدین دبیر کو کہ اُس کا میر منشی تھا باربک کے پاس یہہ پیام دے کر بھیجا کہ تو ہمارے خاندان کا نمک خوار قدیم ہی اس وقت ہمارے نمک سے کیوں دست کش ہوتا ہے ؟ تو خود جانتا ہے کہ اس ملک کا وارث کون ہے ؟ کوئی غیر میری جگہہ لیتا تو اُس کی گردن ہوتی اور میری تلوار۔ مگر میرا فرزند میری غیبت میں تخت نشین ہوا تو دِلِ ما شاد و چشمِ ما روشن"

اُس کا نوکر ہمارا نوکر ہے۔ اگر نوکر آقا سے لڑے تو خلقت کیا کہے گی؟ میں تجھ کو الزام نہیں دیتا۔ بلکہ ملزم وہ ہے جس نے تجھ کو بھیجا ہے۔ لیکن یاد رکھ اگر تو نے شکست کھائی تو صدمہ کس کو پہونچے گا؟ میرے بیٹے کو۔ اگر مجکو شکست ہوئی تو خود تیرا کالا مونہہ ہوگا۔ کیقباد کے آنے تک صبر کر وہ خود دیکھ لے گا کہ مجکو اس سے کس قدر محبّت ہے۔

تیغ زنِ مشرق ازاں سوے آب — تیغ بروں آختہ چوں آفتاب
از غضب افگندہ بابرو گرہ — وز پے کیں کرد کماں را بزہ
جست رسولے کہ گذارد پیام — ہرچہ بگویند۔ بگوید تمام
دید کہ کس نیست ز برنا و پیر — در خورِ ایں کار چو شمسِ دبیر
پیش طلب کرد و پیامے کہ خواست — سوے مخالف ز کشری کرد راست

اے کہ بہ پیش آمدی از راہِ دور — کیں نتواں گفت مگر در حضور
چوں تو نمک خوردۂ از خوانِ ما — دست چہ داری ز نمکدانِ ما
ہست نمک در ہمہ مذہب حلال — ور تو حرامش کنی اینک وبال
گر پسر از غیبت من ملک یافت — روے نخواہد ز پدر باز تافت
ہم تو گزیں راز ترا آگہی ست — وارثِ ایں ملک نہ دانی کہ کیست؟
گر دگرے در محلِ من بدے — تیغِ منش بر سر و گردن بدے

لیک چو ہم چشم من ایں نور بُرد　　چشم خود از خود نتواں دور بُرد
ہر کہ فرستادۂ آں درگہ ست　　بندۂ موروثِ درِ ایں شہ ست
گر سپہم بر تو رساند گزند　　جانِ من ست آنکہ بماند نژند
ورز تو در قلبِ من آید غبار　　ہم تو شوی در رخِ من شرمسار
(کیقباد) (علیین)
باش کہ تا در رسد آں کینہ کوش　　مہرِ مرا بیند و ماند خموش

باربک کا جواب سلطان ناصرالدین کو

اس پیام کا جواب باربک نے یہ دیا کہ میں اپنے آقا کے حکم سے یہاں آیا ہوں اور اُس کے دشمنوں سے جنگ کرنے کے لئے مامور ہوں۔ اگر کوئی اور مقابل ہوگا تو تلوار سے جواب دوں گا۔ ہاں اگر حضور کو دیکھوں گا تو ڈر کے مارے نہیں بلکہ تعظیماً ہٹ جاؤں گا۔

یہ جواب سن کر ناصرالدین ٹھنڈا ہو گیا۔

خانِ سپہ باربکِ تیز ہوش　　کرد چو زاں گونہ پیامے بگوش
در خورِ آں داد جوابے سرہ　　سنجۂ بمیزانِ ادب یک سرہ
گفت کزیں بندۂ حضرت پناہ　　سجدۂ تعظیم رساں پیشِ شاہ
من کہ فرستادۂ شاہِ خودم　　بر خطِ اخلاص گواہِ خودم
نام زدم کرد کہ در ہر دیار　　دشمن او را ندہم زینہار
گر دگرے پیشِ من آید بہ تیغ　　تیغ خورد از من و از خود دریغ

ورنہ تو از دور بہ بینم حضور | گر نہ گریزم۔ شوم از راہ دور
عطف کنم۔ لیک نہ از بیم کس | از پئے تعظیمِ شکوہ تو بس
رفت فرستادہ زراہِ نہفت | ہر چہ کہ بشنید زشہ باز گفت
شہ چو خلافے ز مخالف ندید | زانچہ ہمی گفت۔ زباں در کشید

سلطان معزالدین کیقباد اودھ میں پہنچا

اب آفتاب جوزا میں آگیا۔ تڑاقے کی گرمی پڑنے لگی۔ دن بڑھ گیا رات چھوٹی ہوگئی۔ نازپروردہ کیقباد گھوڑے پر سوار ہے۔ سر پر چتر شاہی سایہ فگن ہے۔ پھر بھی بدن سے پسینہ ٹپکتا ہے۔ گر سنگ آمد و سخت آمد۔ کڑی منزلیں طے کرتا اودھ میں آپہونچا حوالی شہر میں ڈیرے خیمے لگائے گئے۔ ایک طرف گھاگرہ ندی ہے دوسری طرف سرجو۔

اگلے دن کیقباد سیر و گشت کے لئے نکلا اور سرجو کے کنارے پہونچا جہاں سے سلطان ناصرالدین کی خیمہ گاہ نظر آتی تھی۔ باپ کو بیٹے کے آنے کی خبر ملی تو وہ بھی لب دریا آکھڑا ہوا۔ بیٹے کو دیکھ کر محبت کی گھٹا اُمڈی۔ آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو ٹپکنے لگے۔ فوراً ایک کشتی میں سوار کرکے اپنا حاجب بھیجا کہ اشتیاق دیدار ظاہر کرے۔ ادھر سے یہ مدارات ہوئی کہ کشتی کو ہدف تیر بنا کر ڈبو دیا۔ حاجب بمشکل جان بچا کر بھاگا۔

خانہ چو خورشید بجوزا گرفت | رفت دراں خانہ درون جا گرفت

تافتہ از گرمی خود آفتاب — تابشِ او کرد جہاں را بتاب
شب شدہ چون وزدی اندر گداز — روز چو شب ہاے زمستاں دراز
خون برگِ مرد زبون آمدہ — خونے شد واز پوست برون آمدہ
شہ بگہِ کوچ ہمی شد چو شیر — چتر بسر کردہ و توسن بزیر
لشکر ازیں گونہ جہاں می نبشت — ناحیہ بر ناحیہ بر روے دشت
تا علمِ شہ باودھ در رسید — از پئے دہلی عوضے شد پدید
نصب شد اعلامِ شہنشاہِ دہر — برلبِ گھگرّہ بحوالیِ شہر
گھگرّا ازیں سو بسر وزان طرف — از تفِ لشکر بلب آوردہ کف

کیقباد کا لب دریا جانا اور کشتی کا ڈوبنا

روزِ دگر شاہ برآئینِ گشت — آمد وزان سوے اودھ برگذشت
کرد صفے برلبِ آبِ رواں — سوے اودھ ہم بہلوے ہر پہلواں
تیغ زنِ مشرق ازاں سوے آب — ق — کرد چو روشن کہ رسید آفتاب
برلبِ آب آمد و آراست صف — تافت دو خورشید زہر دو طرف
چشمِ پدر بہرِ جگر گوشہ تر — گوشۂ ہر چشم شدہ پر جگر
دید چو شہ سیلِ مژہ بیکراں — حاجبِ خود کرد بکشتی رواں
گفت بحاجب کہ ازیں چشمِ تر — مردمکِ چشمِ مرا دہ خبر
حاجب فرزانہ ازآنجا شتاب — نشست بکشتی و رواں شد چو آب

چون بمیانِ سرُو در رسید | پورِ معزّی زکرانش بدید
تیر برآورده زکیشِ خدنگ | از سرِکیں کرد کماں را بچنگ
تیر که در کشتیِ شاں رخنه کرد | از سرِ کشتی به ته اُفتاد مرد
رفت بصد حیله فرستاده باز | پیشِ شهِ شرق فرو گفت راز

ناصرالدین کی پریشانی کشتی کے واقعے سے

کشتی کے واقعہ کا سبب حضرت خسرو نے ظاہر نہیں کیا۔ غالباً یہ کیقباد کے بدخواہ مشیروں کی بد آموزی کا نتیجہ تھا۔ تاکہ ملاقات کی نوبت ہی نہ پہونچے بلکہ باپ بیٹوں میں لڑائی ٹھن جائے اِس فعلِ ناروا سے ناصرالدین کے دل پر چوٹ لگی۔ اور غصّہ بھی آیا۔ پھر سوچا کہ مبادا! یہ نادان لڑکا مفسدوں کے اغوا سے جنگ کر بیٹھا تو اُس کو گزند پہونچے گا یا مجکو۔ بہر نوع میرے لئے سخت مصیبت کا سامنا ہے۔

رات بھر نیند نہ آئی۔ اسی سوچ بچار میں صبح کردی کہ کیا کرے کیا نہ کرے۔

شاه که از خونِ خود آں زخم دید | ناله چو تیر از دل بر کشید
خشم همی گفت زکینش سخن | مهر همی گفت که هے هی مکن
آنکه چنیں ست نوید م ازو | بهتر ازیں بود امیدم ازو
گر پسرم از جوانی و ناز | عزم برآں شد که شود رزم ساز
حیله چه سازم؟ بچنیں کارِ تنگ | با پسرِ خویش که کرده است جنگ

چارہ ندانم کہ دریں کار چیست؟ — بخت کہ داند کہ دریں یار کیست؟
بود بحیرت کہ چو شب بگذرد — روزِ دگر چارہ چہ پیش آورد؟
تا بسحر بود بگفت و شنید — کز شبِ زایندہ چہ آید پدید؟

باپ بیٹوں کے سلام پیام

جب دن نکل آیا تو ایک معتمد کو زبانی پیام دیکر دریا پار بیٹے کے پاس بھیجا۔ اور اسی سلسلہ میں کئی بار پیامبروں کی آمد و شد جاری رہی۔

پیامِ پدر

کز پدر اوّل برسانش سلام — و آخرش آئینِ دعا کن تمام
کاے خلف! از رہِ مخالف بتاب — تیغ بیفگن کہ منم آفتاب
از پدرم کے رسد این فن بتو؟ — از پدرِ من بمن۔ از من بتو
ورز بد آموز شد این رہ پدید — گفتِ بد آموز نباید شنید
گرچہ کنی دعوی و آتش ولیک — نیک بدانم کہ ندانی تو نیک
چون تو شب و روز ادب افزون کنی — بے ادبی با چو منے چون کنی
بر سرِ خوان آے کہ ہم توشۂ — یاد نمک کن کہ جگر گوشۂ

جوابِ پسر

گفت بجا جب کہ بشہ باز پوے — خدمتِ من گوی و پس آنگہ بگوے
بامنت از بہرِ تمناے ملک — خام بود پختنِ سوداے ملک

پختهٔ آخر! دمِ خاماں مزن — من زتو زادم۔ نہ تو زادی من
ملک بمیراث نیاید کسے — تا نزند تیغِ دو دستی بسے
نیستم آں طفل کہ دیدی نخست — بالغِ ملکم بہ بلاغت درست
خسرو مخوانم کہ ز دورِ زمن — داد خدا دَورِ بزرگی بمن
جز تو کسے گر دمِ ایں در زدے — سرزنشِ تیغِ منش سر زدے
لیک توئی چوں بہ پئے ایں سریر — من ندہم۔ گر تو توانی بگیر

پیام پدر

اے سر از آئینِ وفا تافتہ! — وز تو دلم تافتگی یافتہ!
گرچہ بغیبت شدہ کینہ توز — رنجہ چہ داری بحضورم ہنوز
باچو منے دُور کن از سر منی — چوں بصفت من توام و تو منی
تیغ مکش۔ تا نشوی شرمسار — از من اگر نیست۔ ز خود شرم دار
تخت رہا کن کہ سزای تو نیست — تا منم۔ ایں پایہ بپای تو نیست
گر کمرِ کینہ کنی استوار — پیشِ تو بیش از تو در آیم بکار
در سپہ ار کشد ایں گفت و گوی — نیز نتابم ز وفائے تو روے
لیک بشرطے کہ دریں رائے من — جائے پدر گیرم و تو جائے من

جواب پسر

داد جوابے ادب آمیختہ — تعبیہ ہائے عجب آمیختہ

آراستگی ۱۲

رفو

کاے بزخمِ چشمِ جفا کردہ باز! | دیدۂ مہرِ تو برویم فراز
با ہمہ ایں قوّت و جوشِ سپاہ | نیستم اندر پئے آزارِ شاہ
گر گہر صلح پذیرد نظام | حلقہ بگوشم برضاے تمام
تیر تو گر خواست بجانم رسید | من نکشم۔ تا بتوانم کشید
گر نگہر تاج ستانِ توام | عیب مکن گوہرِ کانِ توام
تخت جہاں بہرِ تو برپای کرد | لیک برآں تخت مراجای کرد
خواست یکی خواستہ لیکن نیافت | آنکہ نمی خواست۔ برِ خود شتافت
ور یقیں در دلِ توآں ہواست | بندۂ فرمانم و فرماں تراست
تاج زمن می طلبی چرخ ساے | برسرم آ۔ تا کنمت زیرِ پائے

اِس مطیعانہ جواب کو سُن کر باپ نے بھی استمالت اختیار کی۔

پیامِ پدر

اے ز نسب گشتہ سزاے سریر! | ور پسرے ہمچو پدر بے نظیر
چشمِ منی! ہیچ غبارے میار | دیدہ نشاید کہ بود پُرغبار
تا تو ندانی کہ دریں جستجوے | از پئے ملک ست مرا گفتگوے
گرچہ توانم زتو ایں پایہ بُرد | از تو ستانم۔ بکہ خواہم سپرد
باش بنامم کہ بنامِ توام | زندہ وُنا زندہ بنامِ توام
دیدہ کہ نادیدۂ دیدارِ تست | دیدہ ونادیدہ گرفتارِ تست

نیست بنزدیکِ من از بیش و کم | بیشتر از دوریٔ تو ہیچ غم
بہرِ خدا صورتِ خویشم نمائے | روے مگردان و بترس از خدائے

جوابِ پسر

اے شہِ مشرق شدہ چوں آفتاب | وز تو جہاں در حدِ مغرب بتاب
گر ہمہ بر ماہ رسد افسرم | ہم بتہِ پاے تو باشد سرم
سدِ سکندر زدہ ام از سپاہ | فتنۂ یاجوجِ مغل را بپاہ
رو تو چو خورشید ز مشرق برائے | من کہ ہستم اسکندرِ مغرب کشائے
تا تو بمشرق بوے و من بغرب | حربہ خورد (کافی ہوں ۱۲) ہر کہ در آید بحرب
ور بملاقات رہی راے تست | افسرِ من خدمتِ پاے تست
نیست مرا آن محل و آں شکوہ | کز سرِ خود سایہ فشانم بکوہ
ور فگند راے تو بر بندہ تاب | ذرہ شوم پیشِ جناں آفتاب

غرض ملاقات کا مژدہ سن کر ناصر الدین کی باچھیں کھل گئیں۔ بہت خوش ہوا مجلس طرب آراستہ کی اور متوسلین کو انعام و اکرام دے کر شاد کیا۔

ناصر الدین کی طرف سے کیکاؤس کا جانا

پھر اپنے فرزند اصغر کیکاؤس کو بلایا اور بڑی شان و ترک سے بہت تحائف، اسلحہ اور ہاتھی دیکر کیقباد کی خدمت میں روانہ کیا۔

بادشہِ شرق کہ آں مژدہ یافت | روش (چو خورشید ز مشرق) بتافت

کرد نشاطے و رامش گراں　　مجلسے آراست گراں تا گراں
ہر کہ در آں بزمِ سخن ساز گشت　　دامنِ پُر گوہر و زر باز گشت
روی بہ کاؤسِ کے آورد و گفت　　تا شود آں ماہ بخورشید جفت
سوئے برادر شو و آراستہ　　با سپہ و کوکبۂ و خواستہ
جُست پئے ہدیہ نصیحت گراں　　دیدہ فروزِ ہمہ قیمت گراں
جامۂ[1] ہندی کہ ندانند نام　　از تنکی تن بنماید تمام
مانند[2] پیچیدہ بناخن نہاں　　باز کشائیش۔ بپوشد جہاں
عود بجز وار۔ قرنفل بمن　　خرمنے از نافۂ مشکِ ختن
عنبر و کافورِ معنبر سرشت　　صندلِ خالص چو درختِ بہشت
سر بفلک بردہ بسے زندہ پیل　　کوہِ گراں را بقیامت دلیل
داد بشہزادہ و کردش رواں　　ساختہ با کوکبۂ خسرواں

اور شہزادہ کیکاؤس کو سمجھا دیا کہ ہماری طرف سے بڑے بھائی جان کو دعا کے بعد یوں کہنا :-

اے غمِ تو کردہ بجانم اثر　　تو زمن و حالتِ من بے خبر
صبرِ من از دوریِ تو رفت دور　　مرحمتے کن کہ بمانم صبور
من کہ صبوری نتوانم ز تو　　وائے! کہ محروم بمانم ز تو

---

[1] ایک ہندوستانی کپڑا ہے جس کا نام نہیں معلوم۔ ایسا مہین ہے جس میں بدن نظر آتا ہے ۱۲
[2] لپیٹو تو ذرا سا ہو جاتا ہے کھولو تو اتنا بڑا تھا کہ دنیا بھر کو ڈھانک لے۔ غالباً ململ ڈھاکہ ۱۲

آمدنم زرپۓ ایں کار بود | کافسرو اقلیم توانم ربود
تشنۂ دیدارِ توام روز و شب | شربتِ خود باز نگیرم زلب
شاد کن ایں جانِ غم اندیش را | روے نما منتظرِ خویش را
تحفۂ حالِ دلِ ریشم بخواں | یا بمن آ۔ یا برِ خویشم بخواں

جب کاؤس کی سواری دریا سے پار اُتر چکی تو کیقباد کو اطلاع کی گئی کہ چھوٹا شہزادہ قدمبوسی کے لئے آتا ہے۔ اُس نے دربار آراستہ کیا۔ اور بہت سی فوج سرداروں کے ہمراہ بھیجکر بڑی دھوم سے اُس کا استقبال کرایا۔ دہلیز شاہی پر پہونچکر شہزادہ گھوڑے سے اوتر پڑا اور جو پیشکش لایا تھا پیش کیا اور جو باتیں شاہ بابا نے سمجھا دی تھیں بڑے بھائی سے عرض کر دیں۔ کیقباد بھائی سے ملکر بہت مسرور ہوا۔ اور اُس کی خاطر و مُدارات میں بزمِ طرب آراستہ کی:۔

شاہ بروئیش چو نظر کرد چست | دید دراں آئینہ خود را درست
گرم فروجست زتختِ بلند | کرد بآغوش تنِ ارجمند
داشت بآغوشِ خودش تا بدیر | سیر نشد۔ چوں شود از عمر سیر؟
باخودش از فرش براورنگ بُرد | تختِ کیاں باز کیاں را سپرد
گاہ زدیدہ بہ نثارش گرفت | گاہ دوبارہ بکنارش گرفت
گاہ نظر بررُخِ زیباش کرد | گاہ دل از مہر شکیباش کرد
پُرسش از اندازہ زغایت گزشت | حدِّ نوازش زنہایت گزشت

کیقباد کی طرف سے کیومرث کا آنا

دوسرے دن کیقباد نے اپنے فرزند کیومرث کو دادا جان کی خدمت میں تحف وہدایا دے کر روانہ کیا۔ چونکہ یہ بچہ تھا عارض کو اُس کے ساتھ بھیجا۔

جب شہزادہ کیومرث مع جلوس دریا پار پہونچا تو دادا جان کی طرف سے بڑی آؤبھگت ہوئی۔

کارگزاراں ہمہ رفتند پیش ۔۔۔ سجدہ کناں پیشِ خداوندِ خویش

پیشِ عناں بانگِ رواروزدند ۔۔۔ سکۂ نوبر درمِ نوزدند

رفت خراماں ملکِ ارجمند ۔۔۔ تا درِ دہلیز بہ پشتِ سمند

روے چو گل سود بہ پشتِ زمیں ۔۔۔ گشت زمیں پُر سمن ویاسمیں

حرمتِ آں خسرو شہ دیں پناہ ۔۔۔ داشت برآئینِ بزرگاں نگاہ

کرد چو نورش بدل و دیدہ جای ۔۔۔ گاہ سرش بوسہ زد و گاہ پای

عارض از آئینِ ادب پروری ۔۔۔ بود کمر بستہ بخدمت گری

تا نظرِ شاہ برآں سوے تافت ۔۔۔ خدمتِ عارض محلِ عرض یافت

جب تک ناصرالدین پوتے کو پیار کرتا رہا عارض سلطنت دست بستہ چپ کھڑا رہا۔ جب اُس کی طرف دیکھا تو اُس نے عرضِ معروض کا موقع پایا اور وہ شاہانہ تحفے جو نذر کے لئے ہمراہ لایا تھا پیش کئے۔ اور کیقباد نے پیام کے جواب میں جو کچھ عرض کیا تھا سنا دیا۔

جواب پسر (عارض کی زبانی)

آنچہ دلِ شاہ بداں مائل ست　　راے مرا نیز ہماں در دل ست
آمدم اینک بہزاراں نیاز　　تا کنم ایں دیدہ بروے تو باز
بود ز من پرسشِ شاہِ زمن　　کامدن از خود طلبی۔ یا ز من؟
من بدرِ شہ بسر آیم دواں　　ق　چوں پسراں بر پدرِ مہرباں
شرط چناں ست کہ در بحر و بر　　چشمہ کند بر لبِ دریا گذر
لیک سزد۔ گر شہِ دریا نشاں　　بر سرِ ایں چشمہ شود دُر فشاں

ناصر الدین کی طرف سے ملاقات کا وعدہ

ناصر الدین نے خوش ہو کر عارض کو خلعت و انعام عطا کیا۔ اور کیومرث کو بہت سے نادر تحفے اور ایک ہاتھی مع عماری زرّین دیا۔ اور وعدہ کیا کہ ہم کل صبح ضرور ملاقات کے لئے آئیں گے۔ اِس کے بعد کیومرث اور عارض اپنے خیمہ گاہ کو واپس گئے۔

وعدہ چناں رفت کہ فردا پگاہ　　جنبشِ خورشید شود سوے ماہ
منزلِ سعدین شود برجِ تخت　　مجمعِ بحرین شود روے تخت
خرّم و خوش عارض و فرزندِ شاہ　　باز نوشتند سوے خانہ راہ

کیقباد کے ہاں دربار کی تیاریاں

عارض کی زبانی ناصر الدین کے آنے کی خبر سنتے ہی کیقباد کے دائرہ دولت میں دربار کی تیاریاں شروع ہو گئیں۔

اب تک سراپردۂ سلطانی شہر اودھ سے اوپر کی جانب ایک تنگ میدان میں نصب تھا۔ اُس کا موقع فوراً شہر سے نیچے کی طرف تبدیل کر دیا جہاں میدان بھی وسیع تھا اور دریا کا پاٹ کم ہونے کی وجہ سے کشتی کی آمد و شد آسان تھی۔ اِس عمدہ موقع پر کارکنانِ دولت نے ایک شان دار دربار دونوں بادشاہوں کی ملاقات کے لئے لب دریا ترتیب دیا۔

ناصرالدین کا آنا اور ملاقات

چونکہ گرمی کے دن تھے، ناصرالدین دن ڈھلنے کے بعد جب کہ دھوپ کی تیزی کم ہو گئی تھی کشتی میں سوار ہو کر چلا معزالدین کیقباد اپنے شاہانہ دربار میں اورنگ سلطنت پر بیٹھا باپ کی آمد کا منتظر تھا۔

جس وقت باپ کو آتے دیکھا بے اختیار تخت سے اُتر برہنہ پا دوڑا، اور قدمبوسی کے لئے جھکا۔ باپ نے فوراً گلے لگا لیا۔ اور دونوں بغل گیر ہو کر دیر تک زار زار روتے رہے:۔

روز چو آخر شد و گرما گذشت	چشمۂ خور[۱] خواست بدریا گذشت
تاجورِ شرق برآہنگِ آب	کرد طلب کشتیِ گردوں رکاب
کشتیِ شہ تیز تر از تیر گشت	در زدنِ چشم ز دریا گذشت
راست کہ شد برلبِ دریا رسید	گوہرِ خود برلبِ دریا بدید

[۱] چشمۂ خور = آفتاب۔ اور دریا کنایہ ہے آسمان سے ۱۲

خواست کہ از سوزِ دل بیقرار | بر جہد از کشتی و گیرد کنار
صبر ہمی خواست نمی آمدش | گریہ نمی خواست ہمی آمدش
بود بریں سوے معزِ جہاں | ساختہ بر جاے ادب چوں شہاں
پیش شد از دیدہ نثارش گرفت | شہ بدوید و بکنارش گرفت
تشنہ دو دریا بہم آوردہ میل | تشنہ و از دیدہ ہمی راند سیل
یکدگر آوردہ بآغوش تنگ | ہر دو نمودند زمانے درنگ

رونے کے بعد ہوش آیا تو تخت پر اجلاس کرنے کے لئے ایک دوسرے سے اصرار کرنے لگے :-

از پسِ دیرے کہ بخویش آمدند | ہمدگر از عذر بہ پیش آمدند
گفت پسر با پدر اینک سریر | جاے تو من بندۂ فرماں پذیر
باز پدر گفت کہ این ظن مبر | کز پسر افسر برباید پدر
باز پسر گفت کہ بالا خرام | کز تو برد پایۂ تختِ تو نام
باز پدر گفت کہ اے تاجدار | تخت ترا بہ کہ توئی بختیار

ناصر الدین نے بیٹے کو تخت نشین کیا

الغرض بہت سی حیص بیص کے بعد باپ نے کہا کہ میں تیری تخت نشینی کے وقت موجود نہ تھا کہ اپنے ہاتھ سے تخت پر بٹھاتا۔ اب خدا نے وہ دن دکھایا ہے کہ یہ رسم خود ادا کروں۔ اتنا کہہ کر بیٹے کو تخت پر بٹھا ہی دیا۔ اور خود ہاتھ باندھ کر تخت

کے روبرو کھڑا ہو گیا۔

خسرو نے اِس کی تاویل یہ کی ہے کہ باپ کا یہ فعل اُمرا کے لئے ہدایت تھی کہ تم کو بادشاہ کی تعظیم و خدمت اِس طرح کرنی چاہیئے۔ باپ کے حکم کی تعمیل کر کے فوراً ہی کیقباد تخت سے اُتر آیا اور اُمراے دربار نے دونوں بادشاہوں پر زر و گوہر نثار کیا اور جو خلقت باہر کھڑی تھی اُن میں لٹا دیا:-

چوں پدر از جانبِ فرزندِ خویش	شرطِ ادب دید ز اندازہ بیش
گفت کہ یک آرزویم در دل ست	ق منّۃ للہ کہ کنوں حاصل ست
آنکہ بدستِ خودت اے نیکبخت!	دست بگیرم بنشانم بہ تخت
زانکہ بغیبت چو شدی بر سریر	من نہ بُدم تا شدمے دستگیر
با پسر ایں نکتہ چو لختے براند	دست گرفت و بسر یرش نشاند
خود بنعال آمد و بر بست دست	ماند ازاں کار عجب ہر کہ ہست
داشت دریں زیر خیالے نہاں	آگہی داد بکار آگہاں
گرچہ پدر بر سرِ تختش کشید	نشست و فرود آمد و پیشش دوید
چوں خلفاں شرطِ وفا می نمود	خواہشِ عذرے بسزا می نمود
دولتیاں ہر طرفے بستہ صف	کردہ طبقہاے جواہر بکف
لعل و زبرجد کہ در آویختند	بر دو سر افراز ہمی ریختند

رسم نثار و تصدّق کے بعد دربار ختم ہو گیا اور سلطان ناصر الدین جس کشتی

میں آیا تھا اُسی میں سوار ہو کر خوش و خرم اپنی فرود گاہ پر واپس آگیا :-

چوں پدر اقبالِ پسر تازہ کرد ق زاں شرف آفاق پر آوازہ کرد
گفت کہ امروز بس ست ایں قدر روزِ دگر جلوۂ ملکے دگر
زیں نمط از کام چو دمساز گشت فرقِ پسر بوسہ زد و باز گشت

مراسم اتحاد اور خانگی ملاقاتیں

یہ درباری ملاقات تو آئین شاہانہ کے بموجب اِس بات کا اعلان تھا کہ سلطان ناصر الدین نے معز الدین کیقباد کی تخت نشینی باضابطہ تسلیم کر لی اور دونوں بادشاہ متحد ہو گئے۔

دوسرے روز تحف و ہدایا کا مبادلہ اور خانگی ملاقاتیں شروع ہوئیں کیقباد نے نہایت بیش بہا گھوڑے بطور پیشکش بھیجے اور رات کے وقت باپ کی ضیافت بڑی دھوم سے کی۔

اِس ضیافت کا بیان خسرو نے خوب جی لگا کر کیا ہے اور بزمِ معزی کی ہر ایک چیز کے اوصاف میں فصاحت و بلاغت کے دریا بہائے ہیں۔

جب آب و طعام اور رقص و سرود سے فارغ ہو چکے تو سلطان ناصر الدین نے ایک ملازم خاص کو بھیجکر تاج و تخت اور ایک ہاتھی اپنی خیمہ گاہ سے طلب فرمایا اور تحفۃً فرزند دلبند کو عطا کیا :-

گفت بخاصاں زیکے شاہِ شرق تا رود از آب گذارا چو برق
آورد و پیش کشد از اختصاص تختِ زر و تاجِ زر و پیلِ خاص

رفت شتابنده باورنگ گاہ — کرد رواں جملہ بفرمانِ شاہ

الغرض آں پیل وہماں تاج وتخت — ق کاں نرسد جز بجہاندارِ بخت

دید شہنشہ چو مہیّا بہ پیش — روے کرم کرد بہ دلبندِ خویش

گفت کہ ایں افسر وایں پیل وگاہ (تخت ۱۲) — بہر ترا داشتہ بودم نگاہ

نیست مرا بہتر ازیں پنج چیز — تا دہم از دیدہ بچشمِ عزیز

یہ ہدیہ دیکر ناصرالدین نے بیٹے سے فرمایش کی کہ میری آرزو یہ ہے کہ میرے باپ کی دو یادگار چیزیں جو تجکو پہونچی ہیں ایک تو چتر سپید ایک کلاہ سیاہ یہ پہلے اپنے سر پر رکھ پھر مجکو دے ڈال۔ دوسرے روز کیقباد نے اِس فرمایش کی تعمیل کی۔ جو شخص یہ چیزیں لے کر آیا تھا ناصرالدین نے اُس کو انعام دیا:۔

گفت بفرزند کہ درخوردِ شاہ — چتر سپید آر و کلاہِ سیاہ

تاجور آن چتر وکلاہِ سیاہ — کرد مہیا و رواں سوے شاہ

ہردو فرستاد بحکم شہی — بر شہِ شرق آں دو نشانِ مہی

شاہ شد از دیدنِ آں تخت شاد — بستد و بوسید و بسر بر نہاد

داد بآرندۂ آں ہردو چیز — خلعتِ خاص و زرِ بسیار نیز

ناصرالدین کی نصیحتیں فرزند دلبند کو

ایک شب پھر دونوں کی ملاقات ہوئی تو ناصرالدین نے فرزند دلبند کو ازراہ دل سوزی بہت سی نصیحتیں کیں جن کی نظم میں خسروِ شعرا نے کمال سخن گستری

کی داد دی ہے :-

چوں سخن رفت بسے داوری — دَور در آمد بہ نصیحت گری

داد نخستش بدعاے پناہ — کایزدت از حادثہ دارد نگاہ!

ریخت پس آں گاہ بمہرِ تمام — داروے تلخش ز نصیحت بہ کام

کاے پسر! از ملک و جوانی مناز — ناز بدو کن کہ شد او بے نیاز

خشم بہر جرم میاور بکس — ز آتشِ سوزندہ نگہدار خس

چوں بگنہ معترف آید کسے — عفو نکوتر ز سیاست بسے

در حقِ آں کش بر خود داشتی — دیر خصومت شو و زود آشتی

ھر کہ زند در رہِ اخلاص گام — کار برو کن بعنایت تمام

واں کہ برآرد بخلافت سرے — سر بزنش پیش کہ گیرد برے

خُرد مبیں دشمنِ بد زہرہ را — آب دہ از زہرۂ او دہرہ را

دشمنِ خود خُرد نباید شمرد — در تہہِ دنداں چہ کند سنگِ خُرد؟

گرچہ جہاں جملہ ہوا خواہِ تست — ہم بکَن آں خار کہ در راہِ تست

دشمن اگر دوست نماید بپوست — فرق کن از دشمنِ خود تا بدوست

جاے مدہ دشمنِ کیں توز را — گوش مکن گفتِ بد آموز را

خاص کن آں را کہ خرد ہست بیش — راہ مدہ بے خبراں را بخویش

گرچہ دلت ہست فراست شناس — گفتِ کساں نیز ہمی دار پاس

باشد اگر سوے مهمیت روے
رخصتِ تدبیر شناساں بجوے

گر شودت خصم بتدبیر رام تابع ۱۲
تیغ نشاید کہ کشی از نیام

حق چو ترا جاے بزرگاں سپرد
خویشتن خرد بباید شمرد

چرخ چو ترا داد کم و بیشِ خویش
بیش و کم از وے نہ کمی و نہ بیش

بیش کن آنها کہ زیزداں بود
کم کن ازانها کہ نہ فرماں بود

چشمِ رعایت ز رعیّت مگیر
تا بودت ملک عمارت پذیر

عدل بود مایۂ امن و اماں
بیش کن ایں مایہ زماں تا زماں

دادگری کن کہ ز تا شیرِ داد
بس درِ دولت کہ توانی کشاد

تا بزمانے کہ تو با داد بسے
نشنود آوازِ تظلّم کسے

دولتِ دنیا کہ مسلّم تراست
جانبِ دیں کوش کہ آں هم تراست

دولتِ جاوید نبرده است کس
نامِ نکو دولتِ جاوید بس

پیشہ نکوئی کن و از بد بترس
از بدِ کس نے - ز بدِ خود بترس

نیت خیرت اگر امروز خاست
وعده بفردا مفگن - کاں خطاست

یافتی از کشتِ ازل خوشہ
راست کن از بہرِ ابد توشہ

ترسِ خداوندِ جہاں کن بدل
تا ز خداوند بمانی خجل

کار چناں کن کہ بہنگامِ کار
از درِ یزداں نشوی شرمسار

چوں بوغا جہد کنی در جہاد
باش گراں جنبش و دیر ایستاد

باز طلب صحبتِ مردانِ پاک | صحبتِ آلودہ رہا کن بخاک
ہوش براں نہ کہ شوے ہوشیار | تا کہ بغفلت نرود روزگار
غفلتِ شاہ است زیانِ ہمہ | خوابِ شباں ست. بلاے رمہ
شاہ بود از پئے پاسِ جہاں | خواب نشاید کہ کند پاسباں
چوں تو خوری بادہ کافور بو | پس غمِ گیتی کہ خورد؟ خود بگو
پیشۂ تقویٰ ست پسندیدہ فر | از ہمہ۔ وز شاہ پسندیدہ تر
چوں ہمہ کس خدمتِ سلطاں کنند | ہر چہ ز سلطاں نگرند آں کنند
کوشش پوشیدہ کن اندر شراب | تا نشود رکنِ شریعت خراب
شاہ بدیں گونہ بفرزندِ خویش | داد بسے زادِ نو۔ از پندِ خویش

ناصر الدین نے رو رو کر یہ نصیحتیں تمام کیں۔ آدھی رات ہو گئی تھی۔ قیام گاہ کو مراجعت فرمائی اور کہا کہ کل کوچ کا ارادہ ہے آخری وقت ملاقات کے لئے صبح پھر آؤں گا۔

وداعی ملاقات

جدائی کی گھڑی آپہونچی۔ صبح دم دونوں لشکروں کا کوچ شروع ہوگیا۔ ڈیرے خیمے لدنے لگے ایک نے مشرق کی اور دوسرے نے مغرب کی راہ لی۔

ناصر الدین رخصتی ملاقات کے لئے دریا پار اترا۔ یہاں کیقباد پہلے ہی سے باپ کے انتظار میں کمر بستہ کھڑا تھا۔ دونوں ایک چبوترہ پر (جو اس ملاقات کے لئے مخصوص

کیا گیا تھا جا بیٹھے۔

تنہائی کا وقت تھا مصالح ملک داری کی نسبت کچھ راز کی باتیں ہوئیں۔ باپ نے بیٹے کو سمجھایا کہ فلاں شخص تیرے چمنِ دولت میں زہریلا کانٹا ہے اُس کو جلد نکال کر پھینک دے اور فلاں شخص کو اپنا مشیر بنا۔ بیٹے نے باپ کی یہ نصیحت دل و جان سے سُنی اور گرہ باندھی پھر دونوں رخصتی معانقہ کے لئے کھڑے ہو گئے اور باپ نے رو رو کر اپنا دردِ دل سنایا (ان خیالات کی ترجمانی طوطی ہند نے اپنے اشعار میں نہایت سوز و گداز سے کی ہے) آخر کار معانقہ کیا اور آنسو بہاتا اپنی کشتی پر سوار ہو گیا اُدھر کشتی چلی اِدھر کیقباد چیخیں مار مار کر رونے لگا جب کشتی نظر سے اوجھل ہو گئی تو گھوڑے پر سوار ہو اپنے خیمہ گاہ کو روانہ ہوا خیمہ کے پردے چھڑوا دیے لوگوں کا آنا جانا بند کیا اور باپ کی یاد میں دن بھر پڑا روتا رہا۔

شب چو وداعِ مہ و سیّارہ کرد	صبح دم از مہر قبا پارہ کرد
کوکبۂ شرق سوے شرق تافت	لشکرِ مغرب سوے مغرب شتافت
سرورِ مشرق بوداعِ پسر	گریہ کناں کرد ز دریا گذر
خاص شد از بہرِ وداعِ دو شاہ	چوترہ بایستۂ آرام گاہ
خلوت ازیں گونہ کہ محرم نبود	ہیچ کس از خلوتیاں ہم نبود
آنچہ بُد از مصلحتِ ملکِ راز	یک بدگر ہر دو نمودند باز

کاں چمن از خار[۱] تہی کردنی ست — واں گل رنگیں بکف آوردنی ست

در حق ایں شو بکرم رہنموں — واں دگرے را بزمیں ریز خوں

آں ہمہ گفتار پدر کیقباد — دل نتواں گفت کہ در جاں نہاد

از پس آں ہردو بپا خاستند — عذر بد و نیک ہمی خواستند

خستہ پدر از دل پرخون وریش — دست در آورد بدلبند خویش

نالہ ہمی کرد کہ اے جان من — جاں نہ از آن دگرے زان من

چوں تو شدی، دل ز کہ جوید ترا — دیں بکہ گویم؟ کہ بگوید ترا

بے خبرم بہر تو، شب تا بروز — گر خبرت نیست چنینم مسوز

سوختہ شد جان غم اندوختہ — تا چہ شود؟ حال من سوختہ

کاش نبودی، دو سہ روزی وصال — تا نشدے دیدہ اسیر خیال

اے ز تو در دیدۂ تاریک نور! — مردمی کن مشو از دیدہ دور

صبر مفرما کہ صبوریم نیست — دور ز تو طاقت دوریم نیست

گرچہ ترا ہم کششے در دل ست — آنچہ کہ من می کشم آں مشکل ست

چند کنی از پئے رفتن شتاب — یک دمے از سوختگاں رو متاب

با تو اگر ہمرہیم مشکل ست — اشک منت ہمرہ صد منزل ست

خامۂ من زیں پس و تحریر درد — اشک رواں پیک بیاباں نورد

---

[۱] حضرت خسرو کے حسن اخلاق نے اس شخص کا نام ظاہر کرنے کی اجازت نہیں دی۔ مگر مورخین نے بالاتفاق بیان کیا ہے کہ ناصر الدین کی یہ آخری نصیحت ملک نظام الدین داربک کی نسبت تھی جو غصب سلطنت کی فکر میں تھا ۱۲

آہ! کہ صبر از دل و تن می رود — خونِ من از دیدۂ من می رود

چون شغبِ نالہ ز غایت گذشت — گریہ و زاری ز نہایت گذشت

یک نفسے زاں نمط از ہوش رفت — کش سرِ فرزند ز آغوش رفت

واں خلفِ پاک ہم از دردِ دل — خاکِ رہ از گریہ ہمی کرد گل

بستہ دل و جاں بوفاے پدر — دیدہ ہمی سود بپاے پدر

اشک فشاناں بدلِ دردناک — مردمکِ دیدہ فتادہ بخاک

ہر دو بجاں شیفتۂ یک دگر — دوختہ بودند نظر با نظر

روے بہم کردہ چنیں تا بدیر — ہیچ نگشتند ز دیدار سیر

عاقبت الامر دراں اتفاق — چونکہ ندیدند گزیر از فراق

ہر دو رخِ خوں شدہ عنّاب رنگ — یک دِگر آغوش گرفتند تنگ

رفت پدر پاے بکشتی نہاد — دیدہ رواں از مژہ طوفاں کشاد

گریہ کناں با دلِ بریانِ خویش — کشتیِ خود راند بطوفانِ خویش

او شدہ زیں سو پسرِ دردمند — آہ برآورد ببانگِ بلند

گریہ ہمی کرد زمانے دراز — سوے پدر داشتہ چشمِ نیاز

راندہ ہمی از مژہ سیلابِ خوں — تا ز نظر کشتی شدہ شد بروں

دید چو خالی محل از شاہِ خویش — رخش رواں کرد بہ بنگاہِ خویش

رفت بہ لشکر درِ خرگاہ بست — وآمد و شد راز میاں راہ بست

جامہ بفریاد وفغاں می درید جامہ رہا کن تو کہ جاں می درید

کیقباد کی مراجعت دلی کو

اودھ سے سلطان معزالدین کیقباد کے لشکر کا کوچ عین برسات کے موسم میں ہوا۔ آسمان پر گھٹا کا شامیانہ جنگل سبزہ زار۔ دھان کے کھیت لہلہے باغوں میں آموں کی کثرت ندی۔ نالے چڑھے ہوئے۔ راہ رستے پانی کا تختہ بنے ہوئے۔ گنگا کی گھاٹ تک یہی کیفیت تھی۔ کیچڑ پانی کی وجہ سے لشکر کے اونٹ گھوڑوں کی جان آفت میں تھی۔ منزل پر پہونچکر گھاس چارہ تو افراط سے ملتا۔ لیکن دانہ مشکل سے نصیب ہوتا تھا

کرد چو رہ در سرِ طاں آفتاب چشمۂ خورشید فرو شد بآب

ابر سراپردہ ببالا کشید سبزہ صفِ خویش بصحرا کشید

تندیِ سیلاب ز بالاے کوہ از شغب آورد زمیں را ستوہ

برق بہر سوے بتابے دگر دشت بہر جوے بآبے دگر

شالی سر سبز ندانم ز چیست کآب گذشتش ز سر آنگاہ زیست

غوطۂ مرغابیِ رعنا بجوے از سرِ طوفاں شدہ پایاب جوے[۱]

آبِ رواں گشتہ بہر سایۂ یافتہ از میوہ زمیں مایۂ

ابر دُر افشاں بہ شہِ دریا نوال ابرِ شہ خود راند بدار الجلال

آب فراخے ہمہ رہ تا بہ گنگ آمدہ لشکر ہمہ از آب تنگ

---

[۱] پایاب جوے۔ مرکب قافیہ ہے لفظ پایاب اور جوے بمعنی جوئندہ ۱۲

پاے ستوراں بزمیں در شدہ　　گاوِ زمیں راسُمِ شاں سر شدہ
بود بہر جا کہ نزولِ سپاہ　　تنگی چو بود فراخی کاہ

سلطان کیقباد دلّی پہونچا

سلطانی لشکر منزل بمنزل کوچ کرتا ہوا دلی پہونچا تو کوکبۂ شاہی بڑی شان و شوکت سے شہر کے اندر داخل ہوا۔ ہاتھی گھوڑے سوار پیادے تیغ زن تیر انداز نیزہ بردار علم بردار جلو میں۔ رایت دولت کا پرچم اُڑتا ہوا سلطانِ جم جاہ گھوڑے پر سوار۔ سر پر چتر سیاہ کا سایہ گرداگرد برہنہ تلواریں قطار در قطار۔ اِس دہوم سے سواری درِ دولت پر پہونچی۔ رخشِ سلطانی کے قدموں پر بہت سا زر و جواہر نثار کیا گیا۔ نقارے پر چوب پڑی شادیانے بجنے لگے مطربوں نے مبارک باد کا راگ الاپا۔ رقاصوں نے ناچنا شروع کیا۔ حضور والا گھوڑے کی باگ روکے یہ تماشا دیکھتے ہوے آہستہ آہستہ چل کر دولت خانے میں جا اُترے اُس وقت فرقِ مبارک پر رسمِ نثار ادا ہوئی زمین پر زر و گوہر کا فرش ہو گیا۔ بخیر و عافیت سفر سے واپس آنے کی خوشی میں کئی دن تک شاہانہ جشن کئے انعام واکرام اور خیرات و مبرّات میں خزانے لٹاتے۔

رخشِ طلب کردِ شہِ کام گار　　شد بگہِ چاشت بدولت سوار
از روشِ پیل گراں تا گراں　　سر بسرِ اندامِ زمیں شد گراں
صفِّ سپاہ از علمِ سرخ و زرد　　نسخہ[1] دیباچۂ نوروز کرد

---

[1] نسخہ کردن = نقل کرنا ۱۲

شہ بتہِ چترِ سیہ می چمید | اوّلِ شب صبح دوم می دمید
تیغ بہ پیرامنِ چترش قطار | ابرِ یکے قطرۂ آبش ہزار
بود بیک جاے صفِ تیغ و تیر | ہم چو نیستاں بلبِ آب گیر
بانگِ رو ارو کہ برآمد بلند | غلغلہ در گنبدِ گردوں فگند
کوکبہ چوں فلک آراستہ | گردِ ظفر تا بہ فلک خاستہ
شاہ بدروازۂ دولت شتافت | داد بدروازہ کشادے کہ یافت
توسنِ شہ راز نثار ارمغاں | گشت مکلّل بجواہر عناں
کوس خبر کرد بگوش از خروش | وز خبرش بیخبری یافت گوش
نغمۂ مطرب ز گلوگاہِ ساز | گوشِ نیوشندہ ہمی کرد باز
ماہوشاں چرخ زناں پای کوب | گشتہ ہمو از رہِ شہ خاکروب
شاہ بنظّارۂ آں کارگاہ | نرم تریں راند فرس را براہ
نرم ہمی راند و عناں می کشید | تا بشرف خانۂ دولت رسید
بسکہ فشاندند ز ہر سو نثار | فرشِ زمیں شد ز درِ شاہوار
جشنِ فریدون و طرب گاہِ جم | تازہ شد از مجلسِ شاہِ عجم
از دلِ خواہندہ بتاراجِ گنج | خواستہ می داد و ہمی برد رنج

ملک نظام الدین کا انجام

امیر صاحب نے تو کیقباد کو دلّی پہونچا کر مثنوی کا قصّہ ختم کر دیا ہے مگر تواریخ[1] سے ثابت ہے کہ کیقباد نے دلی پہونچ

[1] تاریخ برنی و بدایونی ۱۲

کے بعد سلطان ناصر الدین کی وہ نصیحت جو بوقت وداع کی تھی

درحقِ این تو بحرم رہنموں　　　　وان دگرے را بزمین ریز خوں

یاد رکھی اور اس پر عمل کیا۔ بعض سرداروں کو قید کر دیا بعض دامن کوہ کی طرف بھاگ کر آوارہ ہو گئے۔

فیروز خاں خلجی کو شایستہ خاں کا خطاب دے کر اقطاع برن (بلند شہر) سپرد کئے گئے[1]۔

ملک نظام الدین اقطاع ملتان کے لئے نامزد ہوا۔ وہ بھی اس تغیر کی لم سمجھ گیا جانے میں لیت و لعل کرتا رہا بعض مقربوں نے سلطان کے اشارہ سے کوئی چیز پلا کر اُس کا کام تمام کر دیا[1]۔

یہ شخص بڑا مدبر اور کارداں سردار تھا۔ مگر سلطنت کی ہوس اُس کے حق میں آخر کار زہر کا گھونٹ بن گئی۔

خسروؔ کی ملازمت کا حال برسبیل اجمال

امیر صاحب دورِ معزی سے پہلے ملوک و خوانین کے ندیم اور درباری شاعر رہ چکے تھے اور ان کے کمال سخنوری کا شہرہ ایران و توران تک پہونچ لیا تھا۔

وہ اوّل اوّل ملک چھجو کے ندیم دلی میں رہے پھر شہزادہ بغرا خاں کے ندیم سامانہ میں رہے اور اُس کے ہمراہ سفرِ بنگال کیا۔ جب یہ شہزادہ سلطانِ لکھنوتی بنایا

---

[1] تاریخ برنی و بدایونی ۱۲

گیا تو امیر صاحب ترک ملازمت کر کے دلّی واپس چلے آئے۔ بعد ازاں قاآنِ
ملک سلطان محمد خاں کے پاس دربار ملتان میں رہے جس معرکے میں سلطان
محمد خاں شہید ہوا خسرو اسیر مغل ہو گئے اس قید سے کسی طرح رہا ہو کر دلّی آئے۔
پھر اپنی والدہ اور عزیزوں کے ساتھ پٹیالی چلے گئے اور وہاں اُس زمانے تک
مقیم رہے کہ سلطان معزالدین کیقباد تخت نشین ہوا اور اُس نے امیر صاحب کو دلّی
بلایا لیکن اس اندیشہ سے کہ ملک نظام الدین ان کا مخالف تھا دربار معزّی میں
جانا خلاف مصلحت سمجھا اور اس خطرہ سے بچنے کے لئے حاتم خاں خان جہاں کے
پاس چلے گئے اور اُس کی ندیمی اختیار کر لی۔

حاتم خاں خان جہاں سلطان بلبن کا مولازادہ اور نامور سردار تھا۔ یہ امر
تحقیق نہیں ہوا کہ جس وقت خسرو خانِ جہاں کے دربار میں گئے تو وہ کہاں تھا؟
اور کس عہدہ پر تھا؟ قیاس غالب یہ ہے کہ وہ اودھ ہی میں کسی عہدہ پر تھا اور
اودھ کے مجمع میں وہ اور اُس کے ساتھ خسرو بھی موجود تھے قصائدِ خسرو میں ایک
قصیدہ ہے جو دربار اودھ کی تہنیت میں انشا کیا گیا ہے اِس قصیدہ سے بھی خانجہاں
اور خسرو کا اس موقع پر موجود ہونا قرینِ قیاس ہے۔

سلطان ناصر الدین اور کیقباد کی دوسری ملاقات کے ذکر میں امیر صاحب
فرماتے ہیں۔

صفِّ حریفاں زدو جانب قطار ہر یک ازایشاں ملک نامدار

بانگِ ندیمانِ قصیدہ سرا		بازرسانیدہ سخن بر سما

اس مجلس میں کہ دونوں بادشاہ و ملوک واُمرا موجود تھے شعرا نے اپنے قصیدے سناتے غالباً طوطیِ ہند نے بھی اپنا قصیدہ سنایا ہوگا۔ اس قصیدہ کے منتخب اشعار یہاں نقل کئے جاتے ہیں۔

قصیدہ

زہے ! ملکِ خوش چوں دو سلطاں یکے شد		زہے عہد خوش چوں دو پیماں یکے شد
دو چتر از دو سو سر برآورد از در		زمیں زاں دو ابرِ دُر افشاں یکے شد
پسر بادشاہ و پدر نیز سلطاں		کنوں ملک بیں چوں دو سلطاں یکے شد
زبہرِ جہاں داری و بادشاہی		جہاں را دو شاہِ جہانباں یکے شد
یکے ناصرِ عہد محمود سلطاں		کہ فرمانش در چار ارکاں یکے شد
دگر شہ معزؒ جہاں کیقباد ے		کہ در ضبطش ایران و توراں یکے شد
بدیو و پری گوے اے باد ! کاینک		دو وارث بملکِ سلیماں یکے شد
کنوں روے در چیں نیارند ترکاں		بہندوستاں چوں دو خاقاں یکے شد
بروں شد دوئی از سرِ ترک و ہندو		کہ ہندوستاں با خراساں یکے شد
بصد میہمانی صلا داد عالم		چو بر خوانِ شاہی دو مہماں یکے شد

خان جہاں کو اقطاع اودھ کی حکومت ملی | امیر صاحب اسی مثنوی میں فرماتے

ہیں کہ جب لشکر کیقباد اودھ سے واپس چلا اور کنت پور کی حد میں پہونچا تو خان جہان کو اقطاع اودھ کی حکومت عطا ہوئی خسرو تو پہلے ہی سے اُس کے ملازم تھے اور وہ ان کا بڑا قدردان و محسن تھا اِس لئے اُس کے ساتھ اودھ میں رہنا پڑا۔

باعَلمِ فتح دراں راہِ دور — سایہ فشاں شد بحدِ کنت پور
خانِ جہاں حاتمِ مفلس نواز — گشت باقطاعِ اودھ سرفراز
ازکفِ جود و کرمِ حق شناس — کرد فراہم سپہِ بے قیاس
من کہ بُدم چاکرِ او پیش ازاں — کرد کرم آنچہ کہ بد پیش ازاں
تاز چناں بخششِ خاطر فریب — بندہ شدم لازمۂ آں رکیب
دراو دم بُرد ز لطفے چناں — کیست کہ از لطف بتابد عناں؟
غربت از احسانش چنانم گذشت — کم وطنِ اصل فراموش گشت
در[۱۵] اودھ از بخششِ او تا دو سال — ہیچ غمم[۲] (کہ کرا) نالہ نبود از منال

خسرو کی رخصت دربار خان جہاں سے

امیر صاحب کو وطن سے جدا ہوئے قریب دو سال کے ہوگئے تھے مادر مہربان اُن کے فراق میں بے تاب تھیں پیہم خطوط بھیجتی تھیں کہ جلد آؤ اُن کا دل بھی وطن کی یاد

---

۱۵ اِس شعر میں قیام اودھ دو سال بیان کیا ہے لیکن یہ عرصہ کیقباد کی روانگی کے بعد سے اگر شمار کیا جائے تو حساب بالکل غلط بیٹھتا ہے۔ البتہ سنہ ۶۸۶ھ سے دو سال شمار ہوسکتے ہیں جبکہ خسرو خان جہاں کی ملازمت میں داخل ہوئے ہیں ۱۲

ہیں بیقرار تھا مگر خانِ جہاں کے احسانات نے اُن کے لب پر مُہرِ خاموشی لگا رکھی تھی۔

آخر کار خان جہاں سے والدہ کی تاکید اور اپنی حالت عرض کی اُس نے بخوشی دل جانے کی اجازت دیدی اور دو کشتیاں اشرفیوں سے بھری ہوئی بطور زادراہ پیش کیں۔

من زپۓ شرمِ خداوندِ خویش	رفتہ زجاے خود و پیوندِ خویش
مادرِ من پیرزنِ بسحہ سنج	ماندہ بدہلی ز فراقم برنج
روز و شب از دوریِ من بیقرار	سوختہ ز داغِ منِ خام کار
در غم و زاری زجدا ماندنم	نامہ نویساں زپۓ خواندنم
گرچہ دلم ہم زغمش بود ریش	چندگہے راہ ندادم بخویش
چوں کششِ سینہ زغایت گذشت	باعثۂ دل زنہایت گذشت
حالِ خود و نامۂ اُمید وار	باز نمودم بخداوندگار
داد اجازت برضاے تمام	تانہم اندر رہِ مقصود گام
خسروِ رہم زاں کفِ دریا اثر	گرم رواں کرد دو کشتیِ زر
تازچناں بخششِ مفلس پناہ	شکر کناں پاے نہادم براہ

خسرو کی روانگی اور دلی پہونچنا | اب خسرو کمر ہمت باندھ کر اودھ سے چل کھڑے ہوئے۔ غمِ مادر زاد سفر ہے اور شوقِ وطن بدرقۂ راہ چلتے چلتے ایک مہینے

یں دلّی پہونچے وطن کے در و دیوار کو دیکھکر اور دوست آشناؤں سے ملکر
دل باغ باغ ہوا۔

پیاری اماں کے قدموں پر سر رکھدیا۔ اُس غم زدہ نے رو رو کر پیار کیا
کلیجہ میں ٹھنڈک پڑی۔ بیٹے کے بخیر و عافیت پہونچنے کی منت مان رکھی تھی اب
مراد پوری ہوئی تو وہ منّت بھی پوری کی۔

شوق کشاں کرد گریبانِ من — گریہ زدہ دست بدامانِ من
حالِ خوں کرد غمِ مادرم — زادہیں بود براہ اندرم
قطع کناں راہ چو پیکانِ تیز — بلکہ چو تیر آمدہ اندر گریز
یک مہِ کامل بکشیدم عناں — راہ چنیں بود کشش آنچناں
ہم چو مہِ عید خوش و شاد بہر — در مہِ ذیقعدہ رسیدم بشہر
خندہ زناں ہمچو گلِ بوستاں — چشم کشادم برخِ دوستاں
مرغِ خزاں دیدہ بہ بستاں رسید — تشنہ بسر چشمۂ حیواں رسید
مُردہ دل از حالِ پریشانِ خویش — زندہ شد از دیدنِ خویشانِ خویش
دیدہ نہادم بہزاران نیاز — بر قدمِ مادرِ آزرم ساز (مہربان ۱۲)
مادرِ من خستۂ تیمارِ من — ق چوں نظر افگند بدیدارِ من
پردہ ز روئے شفقت برگرفت — اشک فشاناں سرِ من در گرفت
داد سکونے دلِ آشفتہ را — کرد و فا نذرِ پذیرفتہ را

خسرو دربار معزی میں

خسرو شعرا کو دلّی پہونچے دو ہی دن گذرے تھے کہ سلطان معزالدین کیقباد کو اُن کے آنے کی خبر لگی فوراً حاجب سلطانی دوڑا آیا کہ چلیے حضور نے یاد فرمایا ہے۔

یہ اُٹھے اور چلنے کی تیاری میں مصروف ہوتے اسی روا روی میں ایک مدحیہ قصیدہ بھی مرتب کرلیا۔

مجلس خانۂ سلطانی میں پہونچکر آداب بجالاے مگر دل میں دھکڑ پکڑ تھی (شاید اس خیال سے کہ پٹیالی میں جو فرمانِ طلب پہونچا تھا اُس کی تعمیل نہیں کی تھی) خیر! قصیدہ جیب سے نکالا اور بلند آواز سے پڑھ کر سنایا۔

قصیدہ

منت ایزد را کہ شہ بر تختِ سلطانی نشست
در دماغِ سلطنت بادِ سلیمانی نشست

شہ معزالدین والدنیا کہ از دیوانِ غیب
نامِ او بر نامۂ دولت بعنوانی نشست

کیقباد آں گوہرِ تاجِ کیاں کز زخمِ تیغ
باج از ایراں بستد و بر تختِ توُرانی نشست

بخت را بنمود کایں پیشانیِ دولت کراست؟
تاج زرینش کہ بر بالاے پیشانی نشست

قصۂ دریا نگر بر گوہرِ والاے خویش
تا بگستاخی چرا بر تاجِ سلطانی نشست؟

بر سرش چوں سائباں شد چتر می گفت آسماں
سایہ را دیدی کہ با خورشیدِ نورانی نشست

تیز نتواند بعالم دیدن اکنوں آفتاب
چوں ز چترش عالمے در ظلِّ سلطانی نشست

انس و جاں از مہرِ گردوں در خیال افتادہ اند
مہر او تا در خیالِ انسی و جانی نشست

تاغبار بادِ پایش چشمِ جاں را سرمہ داد　　خاک را بر منتِ ہر دیدہ تابانی نشست

از زبانِ تیغ تا از ہر سرِ ہا شانہ ساخت　　در سرِ ہر کس کہ بد موئے پریشانی نشست

روز ہیجا از خیالِ ناوکِ ترکانِ او　　نیستانی در دلِ شیرِ نیستانی نشست

در دلِ بدخواہ پیکانش کہ از خوں لعل گشت　　گوئیا در سنگِ خارا لعلِ پیکانی نشست

ابر وشا! داد در دستت خدا تیغے چو آب　　تا غبارِ کافر از راہِ مسلمانی نشست

چوں بہ تختِ سلطنت بنشستی از حکمِ ازل　　تا ابد بنشیں کہ آنجا ہم تو میدانی نشست

زاں کمرہائے مرصع کز تو بربستند خلق　　ہر بزرگے تا کمر در گوہرِ کانی نشست

ابر صد بار آبروے خویش را بر خاک ریخت　　پیشِ ابرِ دستِ تو کاندر دُر افشانی نشست

بر درِ قصرِ چو فردوسِ تو رضوانِ بہشت　　شاخِ طوبیٰ را عصا کرد و بدربانی نشست

دید قصرِ شاہ را با برجِ جوزا ہم کمر　　بندۂ خسرو چو عطارد در ثنا خوانی نشست

چشمِ تو بیدارِ دولت باد تا از عونِ بخت!
جملہ بیداراں بخسپند و تو بتوانی نشست

بادشاہ کو ان کا کلام ایسا پسند آیا کہ تمام شعرائے دربار اُس کی نظر میں ہلکے پڑ گئے از راہ بندہ پروری اِن کا وظیفہ مقرر کیا اور دو بدرے درم کے نقد عنایت فرمائے اور اپنے ندیمانِ خاص کے زمرے میں منسلک کر لیا۔ چنانچہ فرماتے ہیں

بعد دو روزے کہ رسیدم ز راہ　　ز آمدنم زود خبر شد بشاہ

حاجبے آمد بشتابندگی　　داد نویدم بصفتِ بندگی

خاستم و برگِ شدن ساختم | مجمرِ تے تازہ بہ پر داختم
رفتم و رُخسارہ نہادم بخاک | تن ادب آموز و دل اندیشناک
نقشِ طرازیدہ (قصیدہ مدحیہ ۱۲) کشادم زبند | کردمش انشا (پڑھنا ۱۲) و بہ بانگِ بلند
شہ چو دُرِ چیدہ مَن دیدہ تر | مُہرہ بچید از دُرہائے دگر
داد باحسان رہی بر درم | چابکی (تنخواہ ۱۲) خاص و دو بدرہ درم

کیقباد کی فرمایش جب بادشاہ اپنے بذل و کرم سے خسرو کو ممنون کر چکا تو اِن کے کمال سخنوری کی ستایش کے بعد کہا کہ تمہارے فن سے ہماری بھی ایک غرض متعلّق ہے اگر تم فکرِ سخن کرو تو ہماری خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ پھر ہم بھی اس کا اتنا صِلہ دیں گے کہ آیندہ طلبِ مال وزر سے بے نیاز ہو جاؤ گے۔ خسرو نے عرض کیا کہ حضور والا! میں تو یہی ٹوٹی پھوٹی فارسی جانتا ہوں اگر اس سے وہ غرض پوری ہو سکے تو میں اپنی خوش قسمتی سمجھوں گا سلطان نے کہا "میری خواہش یہ ہے کہ تم تکلیف گوارا کر کے میری اور میرے باپ کی ملاقات کا حال اور جو ماجرا میرے اور اُن کے درمیان گذرا ہے ایسی سحر بیانی سے نظم کرو کہ باپ کی مفارقت جس وقت مجکو پریشان کرے وہ نظم پڑھ کر دل کو تسلّی دے لیا کروں۔"

اتنا کہہ کر خازنِ دولت کو اشارہ کیا وہ خسرو کو اپنے ساتھ لے گیا اور اشرفیاں اور خلعتِ شاہانہ دیا۔

گفت کہ "اے ختمِ سخن پروراں! | تا ریزہ خورِ خوانچۂ تو دیگراں

از دلِ پاکت کہ ہنر پرورست — ہمت مارا طلبے در سرست

گر تو دریں فن کنی اندیشہ چیست — از تو شود خواستۂ من درست

خواستہ چندانت رسانم ز گنج — کز پئے خواہش نبری ہیچ رنج"

گفتمش "اے تاجورِ جم جناب! — بخت ندیدہ چو تو شاہے بخواب

من کہ بوم داعیِ مدحت طراز — تا چو توئے رامن آید نیاز

باغ نہ از گل طلبد رنگ و بوے — ابر نہ از قطرہ بود آب جوے

حاصلم از طبع گہر زاد فکرِ سست — نیست مگر پارسیِ نادرست

گر غرضِ شاہ برآید بداں — دولتِ من روے نماید بداں"

گفت "چناں بایدم اے سحر سنج! — کز پئے من روے نہ پیچی ز رنج

جسمِ سخن را بہنر جاں دہی — شرحِ ملاقاتِ دو سلطاں دہی

نظم کنی جملہ بسحرِ زباں — قصۂ من با پدرِ مہرباں

تا اگرم ہجر درآرد ز پاے — آیدم از خواندنِ آں دل بجاے"

ایں سخنم گفت و بگنجورِ جود — از نظرِ لطف اشارت نمود

بُرد مرا خازنِ دولت چو باد — مہرِ زر و خلعت شاہم داد

تصنیفِ مثنوی | چونکہ یہ الطافِ شاہانہ بغیر سابقہ خدمت کے تھے اس لئے خسرو شرمندۂ احسان ہوکر بارگاہ سلطانی سے اپنے گھر آئے اب تو جو خدمت سپرد ہوئی تھی اُس کی بجا آوری فرض ہوگئی۔

کنج عزلت اختیار کیا اور سب سے ملنا جلنا چھوڑ دیا۔ یار و مددگار تھے تو یہی قلم دوات اور کاغذ۔ ۳۶ سال کی عمر تھی اور فکر سخن کا دریا جوش و خروش پر۔ تین مہینے تک شب و روز محنت کرکے مثنوی کا خاکہ کھینچ لیا اور تین مہینے اُس کی کتابت و آرایش و پیرایش میں صرف کئے۔ غرض کہ چھ مہینے میں اس مثنوی کو سلطان معزالدین کیقباد کے مطالعہ کے قابل بنا دیا۔ رمضان کا مہینہ تھا اور ۶۸۸ھ۔

از درِ شہ با ہمہ شرمندگی	آمدم اندر وطنِ بندگی
خم شدہ از بارِ گہر گردنم	فرض شدہ خدمتِ شہ کردنم
گوشہ گرفتم و رقِ دل بدست	عقل سراسیمہ و اندیشہ مست
روے نہاں کردم از ابنای جنس	نے غلطم بلکہ خود از جن و انس
آبِ معانی ز دلم زاد زود	آتشِ طبعم بقلم داد دود
چوں بتوکّل شدم اندیشہ سنج	سینۂ خاکیم بروں داد گنج
ہمّت مردانہ بہ بستم بکار	ریختم از خامہ دُرِ شاہوار
باز نہ ایستاد قلم تا سہ ماہ	روز و شب از نقش سپید و سیاہ
تا ز دلِ کم ہنر و طبع سست	راست شد این چند خطِ نادرست
ساختہ گشت از روشِ خامہ	از پسِ شش ماہ چنیں نامہ
در رمضان شد بسعادت تمام	یافت قِراں نامۂ سعدین نام
انچہ بتاریخ ز ہجرت گذشت	بود سنہ شش صد و ہشتاد و ہشت
	سنہ ۶۸۸

سالِ من امروز اگر بر رسی　　راست بگویم ہمہ شش بود وسی[۳۶]
زیں نمط آراستہ بکرے چو ماہ　　باد قبولِ دلِ دانائے شاہ

خاتمۂ مثنوی خسرو نے اس مثنوی کا ایک طولانی خاتمہ لکھا ہے جو مختلف مضامین پر مشتمل ہی۔ اُس کے مطالعہ سے اس مثنوی کی نسبت اور حضرت خسرو کی عادات و اخلاق کے بارے میں بعض مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ ان معلومات کا ذکر ہم ذیل میں کرتے ہیں:-

اپنی محنت اس مثنوی کی تصنیف میں خسرو نے جو محنت اٹھائی ہے اُس کا ذکر اس طرح کیا ہے کہ یہ مضامین میں نے خون جگر پی کر اور پیشانی کا پسینہ بہا کر پیدا کئے یہ مجھکو ایسے عزیز ہیں کہ کبھی ان کو جگر میں رکھتا ہوں کبھی پیشانی پر جگہہ دیتا ہوں۔

کس چہ شناسد کہ چہ خون خوردہ ام　　کایں گہر از حقّہ برآوردہ ام
ساختہ ام ایں ہمہ لعل و گہر　　از خوے پیشانی و خونِ جگر
تا نہم از فکرتِ پنہانیش　　گہہ بجگر گاہ بہ پیشانیش

تعداد اشعار مثنوی اس مثنوی کے اشعار کی نسبت فرماتے ہیں کہ میں نے اوّل بار گنتی نہیں کی تھی اُن میں سے کسی قدر کم ہو گئے ہیں اب حساب کر کے امانت دار لوگوں کو ایک مثنوی سپرد کر دی ہے اُس کے مقابلہ سے کمی و بیشی کا اندازہ ہو سکے گا۔

تین ہزار نوسو چوالیس ۳۹۴۴ بیتیں ہیں۔ نساخین سے درخواست کی ہے کہ ان میں سے کوئی بیت کم نکریں کیونکہ اس شخص کو بڑی تکلیف ہوتی ہے جس کا فرزند گم ہو جاتا ہے :-

من چو نکردم عددش از نخست | گم شد و سرمایہ نماندش درست
گشت ضرورت کہ کنونش بعقد | بستم و دادم با بینان نقد
تا چو دریں بنگری اے ہوشمند! | بیش و کمش باز شناسی کہ چند
ورز جمل باز کشائی شمار | نہ صد و چار و چہل و سہ ہزار ۳۹۴۴
خواہش از خامہ زنانِ گزیں | آنکہ نگردد رقمے کم ازیں
زانکہ خراشیدۂ مردم بود | آہ کسے اگرش خلفش گم بود

اس بیان سے یہ بھی ایک نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ خاتمہ اختتام مثنوی سے ایک مدّت بعد لکھا گیا ہے۔

وصف نگاری وصف اشیا کی نسبت کہتے ہیں کہ "کبھی کبھی میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا تھا کہ صفات اشیا بیان کر کے اس کا نام مجمعِ اوصاف رکھوں طرز سخن میں یہ ایک نئی ایجاد ہو گی چنانچہ اس مثنوی کے ضمن میں وہ خیال پورا کیا ہے آیندہ اِس مضمون پر قلم اٹھانے کا ارادہ نہیں ہے"

بود در اندیشۂ من چند گاہ | ق | کز دلِ دانندۂ حکمت پناہ
چند صفت گویم و آبش دہم | | مجمعِ اوصاف خطابش دہم

باز تمامِ صفتِ ہرچہ ہست | شرح دہم معرفتِ ہرچہ ہست
طرزِ سخن را روشِ نو دہم | سکّۂ این ملک بخسرو دہم
آنچہ زسرجوشِ دلِ نقشبند ۔ ق | معنیٔ نو بود و خیالِ بلند
موے بمویش بہنر بیختم | پختہ و سنجیدہ در و ریختم
زیں پس اگر عمر بود چندگاہ ق | کم ہوس آید بسفید و سیاہ
رنگِ زیادت ندہم خامہ را | سادہ تریں نقش کنم نامہ را
کانچہ ہمی شد بدلم خار خار | یافت دریں گلشنِ رنگیں نگار

صلۂ مثنوی سے استغنا

اس مثنوی کے صلہ کی نسبت فرماتے ہیں کہ "بادشاہ نے صلۂ وافر کا وعدہ کرکے مجکو اس کام پر آمادہ کیا تھا۔ مگر میں نے اُسکی طمع میں یہ مثنوی نہیں لکھی ہے میرا سخن بجائے خود ایک خزانہ ہے اُس کے سامنے گنجِ زر کی کیا حقیقت ہے اگر بادشاہ کچھہ عطا کرے گا تو میں لے لوں گا۔ ندے گا تو مجھ کو کچھہ پرواہ نہیں شاعری کی بدولت مجھہ کو جو صلہ ملتا ہے اُس کو وہ چند کرکے مستحقین میں تقسیم کردیتا ہوں۔"

"اوّل مرتبہ جو بادشاہ نے کرم کیا تھا وہ بھی اس محنت کا معاوضہ نہیں ہوسکتا سب جانتے ہیں کہ اتنے موتی دو تین بدرہ زر کے مقابلے میں کون دیتا ہے ۔ اگر سلطان مجھکو فریدوں و جمشید کا سا خزانہ بھی عطا فرماے تو میرے ایک حرف کا صلہ نہوگا میرا اصلی مقصد تو بقاے نام ہے جو کوئی اس مثنوی کو دیکھے گا مجکو یاد کریگا۔

گرچہ شہ از بہرِ چنیں نامۂ داد مرا گرمیِ ہنگامۂ
نز پے آں شد قلم سحر سنج کز پئے ایں مار نشینم بہ گنج
من کہ نہادم ز سخن گنجِ پاک گنجِ زر اندر نظرم چیست؟ خاک
گر دہدم تاجورِ سربلند دُر نتواں باز بدریا فگند
ور ندہد زآنِ خودم رائگاں رنجہ نگردم چو تہی مائگاں
یک جو ازیں فن چو بداماں نہم دہ کنم آں را و بصد تن دہم
شیرم و رنج از پئے یاراں برم نے چو سگِ خانہ کہ تنہا خورم
ایں ہمہ شربت نہ بداں کردہ ام کآب ز دریائے کرم خوردہ ام
ہر ہمہ دانند کہ چندیں گہر کس نفشاند بدو سہ بدرہ زر
ور دہدم گنجِ فریدوں و جم ہدیۂ یک حرف بود۔ بلکہ کم

اس بیان سے منکشف ہوتا ہے کہ جس وقت تک یہ خاتمہ لکھا گیا سلطان نے حسب وعدہ اس مثنوی کا صلہ نہیں دیا تھا مگر خسرو نے فردوسی کی طرح مذمّت کا زہر نہیں اُگلا بلکہ صرف اپنا استغنا ظاہر کیا ہے۔

دوسری یہ بات معلوم ہوئی کہ خسرو میں صفت ایثار اعلیٰ درجے کی تھی بنکر سخن کی محنت دوسروں کے فائدہ کی غرض سے گوارا کیا کرتے تھے۔

دزدانِ معنیٰ کی شکایت

پھر کہتے ہیں کہ در وصف نگاری میں جو میں نے تازہ مضامین پیدا کیے وہ میری ہی افکار کا نتیجہ ہیں اگلے شعرا کی تقلید نہیں ہے

مگر میں تازہ مضامین زبان پر لانے سے اس لئے ڈرتا ہوں کہ لوگ سنتے ہی چوری کر لیتے ہیں اور لطف یہ کہ خود مجھ سے ہی اس کی داد چاہتے ہیں میں شرماتا ہوں اور ان کی تعریف کر دیتا ہوں مگر وہ چور ہو کر بھی ذرا نہیں شرماتے۔"

هر صفتے را که برانگیختم | شعبدهٔ تازه در روریختم
مور شدم بر شکرِ خویش و بس | در نزدم دست بحلوائے کس
دزد نیم خانه بُرِ دیگرے | خانه گشاده ز درِ دیگرے
هرچه که از دل دُرِ مکنوں کشم | زهرهٔ آں نیست که بیروں کشم
زانکه نگهه می کنم از هر کراں | ایمنیم نیست ز غارت گراں
دزدِ متاعِ من و بامن بجوش | شاں بزباں آوری و من خموش
نقدِ مرا پیشِ من آرند راست | من کنم احسنت کزآنِ شماست
شرم ندارند و بخوانند گرم | بامن و من هیچ نگویم ز شرم
طرفه که شاں دزدِ من از شرم پاک | حاجب کالا من و من شرم ناک

معارضین کا ذکر خسرو نے اپنے معارضین کا ذکر نہایت سنجیدگی و تحمّل کے ساتھ کیا ہے:۔

آنکه بنقصانِ خیالِ منند | جمله گواهانِ کمالِ منند
بر هنر آید همه را گفت و بس | بے هنراں را نکند یاد کس
در سخن افتد همه را پیچ پیچ | چوں سخنے نیست چگویند؟ هیچ

آنکہ ورا در سخن آوازہ بیش | زخم زناں بروے زاندازہ خویش
ہر گل و خارے کہ رسد زیں خزاں | لے خوش ازاں گر دم و نی زخجہ زاں
ہر چہ ستایش کنندم مرد ہوش | گرچہ بود راست نیارم بگوش
زانکہ چو زیں فن بعبر ور افتم | ترسم ازیں مرتبہ دور او فتم
چرب زبانی نبود سود مند | طفل بود کش بفریبی بہ قند
آنکہ شناسندۂ ایں گوہر ست | گرہمہ نفریں کندم در خور ست

حسّاد کا ذکر خسرو کی شہرت اور کلام کی خوبی دیکھ کر جو لوگ جلے مرتے تھے اُن کا ذکر بھی نہایت ٹھنڈے دل اور حکیمانہ انداز سے کیا ہے۔

باز کسے را کہ حسد رہ زند | زخمہ دریں رہ نہ یکے دہ زند
گر بمثل صد ہنر آرم زغیب | ہیچ نگاہے نکند جز بعیب
صد سخنِ راست نگیرد بہیچ | یک رقمِ کژ کند انگشت پیچ
گر بہ ازیں ہست گہر سفتنش | عیب بود عیب کساں گفتنش
ورکم ازیں مایہ رسیدش زغیب | طفلِ رہِ ماست ز طفلاں چہ عیب؟

مدح گوئی سے بیزاری اور محتشمانِ زمانہ کی شکایت خسرو شعرا نے دَورِ معزّی کے اُمرا پر سختی کے ساتھ لے دے کی ہے۔ مگر کسی خاص شخص پر حملہ نہیں کیا بلکہ عام شکایت ہے۔

تاریخ سے بھی ثابت ہے کہ اِس عہد میں اکابر و معارف اور شریف النفس اُمرا

وملوک عزلت گزیں ہو گئے تھے۔ سفلے دون ہمّت اور جاہ طلب بادشاہ کے مقرب اور کاروبار میں دخیل تھے یہ صاف گوئی خسرو کی دلیری اور اخلاقی جرات کی بیّن دلیل ہے۔

گرمی دل نیست چو حاصل مرا	سرد شد از آبِ سخن دل مرا
تا کے دریں شیوہ بہ ننگے شوم	بے غرض آماج خدنگے شوم
نام گدائے کنم اسکندرے	خلعت عیسیٰ فگنم بر خرے
محتشمانند دریں روزگار	مس بزراندودہ ناقص عیار
کوردل از دولت و کوتہ نظر	دولتِ شاں از دلِ شاں کورتر
گوش گرانے ہمہ ناموس جُے	سفلہ وش و دون صفت و تنگ خوے
بے کرمے نام فروشی کنند	بے گہرے مرتبہ کوشی کنند
خوردہ بدرویش نیازند پیش	بیش رسانند بدانجا کہ بیش
گر برسانند (مثل) بر گدائے	یک درمے وہ طلبند از خدائے

پھر اسی سلسلہ میں فرماتے ہیں :۔

ایں سخن چند کہ ہیجو است ست	شاعری نیست ہمہ راست ست
لیک بخواہش چو مرا نیست راہ	جز بخدا یا بدرِ بادشاہ
ہر چہ بگفتم زکسے باک نیست	زہر نخوردم غم تریاک نیست
نیّت آں دارم ازیں پس براز	کز درِ شہ نیز شوم بے نیاز

پشت بنجویم نہ پناہے زکس　　چوں بخداوند کنم روے و بس

مثنویاتِ نظامی کی ثنا و صفت

امیر صاحب خواجہ نظامی گنجوی کو صنفِ مثنوی کا اُستاد کامل مانتے ہیں اُن کی مثنویات کی خوبیوں کے معترف ہیں اور اپنے لئے بہتر طریقہ نظامی کی تقلید خیال کرتے ہیں

درہوسِ مثنویت در دل ست　　حل کنم ایں برتو کہ بس مشکل ست

در روشے کز تو نیاید مرو　　گفتِ بدم مشنو و نیکو شنو

نظمِ نظامی بہ لطافت چو دُر　　وز دُرِ او سر بسر آفاق پر

پختہ ازو شد چو معانی تمام　　خام بود پختنِ سوداے خام

بگذر ازیں خانہ کہ جاے تو نیست　　ویں رہِ باریک بہ پاے تو نیست

گفتۂ او را شنو و گوش باش　　گفتِ مرا بشنو و خاموش باش

سحر ورانے کہ درو دیدہ اند　　خاموشیِ خویش پسندیدہ اند

مثنویِ او راست ثناے بگو　　بشنوش از دور و دعاے بگو

درہوست می نگذارد عناں　　می کشدت دل بخیالِ چناں

کوششِ آں کن کہ دریں راہِ تنگ　　زاں گلِ تر بوے دہندت نہ رنگ

سوزِ سخن را نہ بہ خامی طلب　　پختگیش ہم ز نظامی طلب

سوزِ تکلّف خس و خاکستر ست　　چاشنیِ سوختگاں دیگر ست

غزلِ سعدی کی ثنا و صفت

امیر صاحب صنف غزل میں سعدی کے معتقد و مدّاح اور مقلّد ہیں۔

در غزلت یادِ جوانی دهند　　وز خوشیِ طبع نشانی دهند

تن زن ازاں ہم کہ کساں گفتہ اند　　ہر چہ تو گوئی بہ ازاں گفتہ اند

نوبتِ سعدی کہ مبادا کہن !　　شرم نداری کہ بگوئی سخن

اس خاتمہ کی تصنیف کا زمانہ

اگر مصنّف نے کچھ تصریح نہ کی ہو تو عام دستور کی مطابق یہی خیال کیا جائے گا کہ خاتمۂ کتاب اور اصل کتاب کی تسوید کا ایک ہی زمانہ ہے۔ لیکن (تعداد اشعار مثنوی) کے عنوان میں ہم اپنا شبہ ظاہر کر چکے ہیں کہ یہ خاتمہ مثنوی سے ایک عرصہ بعد کا معلوم ہوتا ہے۔

آگے چل کر ذیل کے اشعار صاف صاف ظاہر کرتے ہیں کہ اس وقت خسرو کی عمر چالیس[۴۰] سے گذر کر پچاس تک پہونچ گئی ہے مثنوی کہی تھی چھتیس[۳۶] سال کی عمر میں۔ تو خاتمہ چودہ برس بعد کا ہوا۔

امیر صاحب خود اپنی طرف سے خطاب کرتے ہیں :-

لیک اگر پندِ من آری بگوش | مصلحت آن ست کہ مانی خموش
چل شد و در پنجہت آمد نشست | پیش بیں بیش کہ اُفتی بہ شست
نوبتِ تو بہ ہست گرانی مکن | روئے بہ پیری ست جوانی مکن

لیکن اِس خاتمہ کا آخر صفحہ (جہاں اِس مثنوی کی نسبت چند دعائیں مانگی ہیں اور سلطان کیقباد کے حضور میں اُس کی مقبولیت اور شہرت کی توقع ظاہر کی ہے) خاتمہ کی نسبت پھر اُلجھن پیدا کرتا ہے :-

بار خدایا! منِ غافل بہ راز | این ورقِ سادہ کہ بستم طراز
گرچہ کہ امروز جمالِ من ست | عاقبت الامر وبالِ من ست
عفو کن آن را کہ رضائے تو نیست | توبہ دہ از ہرچہ برائے تو نیست
چون ز تو شد این ہمہ ناچیز چیز | ہم تو کنی در دلِ خلقے عزیز
عیب شناسان بہ کمینِ من اند | بے ہنران جملہ بہ کینِ من اند
تو بکرم عیبِ من عیب کوش | در نظرِ عیب شناسان بپوش
بو کہ برآرد بہ چنین نامہ نام | بر درِ شہ خدمتِ من والسلام

یہ اخیر شعر اِس بات کی شہادت دیتا ہے کہ ابھی سلطان کیقباد زندہ ہے۔ تو یہ اُسی زمانے کی تحریر ہے جب کہ مثنوی لکھی گئی ہے۔

اِن اختلافات سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ خاتمہ کا آخر حصہ مثنوی کے

ساتھ ساتھ لکھا گیا اور پہلا حصہ بعد میں اضافہ کیا ہوگا جب کہ خسرو علیہ الرحمۃ کی عمر ۵۰ سال کی ہوگئی تھی۔

کیقباد کا انجام: کیقباد جب اودھ سے روانہ ہوا تھا تو باپ کی نصیحتیں چند روز یاد رکھیں راگ رنگ کی تعطیل کردی۔ تسبیح و مصلا سنبھالا۔ مگر ارباب نشاط کی فوجِ قاہرہ لشکر کے ہمراہ چلی آتی تھی جس نے ہفتہ عشرہ ہی میں سلطان کو مغلوب کرلیا۔ اور اثنائے سفر ہی میں توبہ ٹوٹ گئی ؎

آفتِ زہد و توبہ شد ترکِ شراب خوارِ من ۔۔۔ یار گر اوست کے بود توبہ و زہد یارِ من

دلّی میں سامانِ شوق کی کیا کمی تھی۔ جو مشاغل پہلے تھے وہی اب تھے اس رندی و بادہ خواری نے عین جوانی میں اس کو پیر ناتواں بنا دیا۔ عوارضِ جسمانی لاحق ہوئے۔ آخر کار لقوہ اور فالج نے حس و حرکت سے معذور کردیا۔ کچھ عرصہ تک علاج ہوتا رہا۔

اوائل سنہ ۶۸۹ھ میں دم واپسیں آپہنچا اور اس کی عبرت انگیز شمع زندگی گل ہوگئی اور سلطنت بھی ہمیشہ کے لئے ترکوں کے خاندان سے خلجیوں میں منتقل ہوگئی۔

یہ مثنوی کیقباد نے بڑے شوق سے تصنیف کرائی تھی۔ معلوم نہیں اس کی سیر نصیب ہوئی یا نہیں۔ غالباً مرض الموت کی تکلیفات نے اس کو

---

[1] تاریخ برنی و بدایونی۔

مثنوی کا صلۂ موعود دینے سے باز رکھا۔ اگر دیا ہوتا تو خسرو علیہ الرحمۃ اُس کا ذکر
شکریہ کے ساتھ دیباچہ غرۃ الکمال میں ضرور کرتے جہاں سلطان کیقباد کی وفات
کا تذکرہ کیا ہے۔

کلام پر ایک نظر

اب تک ہم نے اس مثنوی کے اصل قصّے اور اُس کے متعلقات پر نظر کی ہے۔ ابھی اس
مثنوی کی نظم و ترتیب اور محاسن کلام کا مطالعہ کرنا باقی ہے یہ کام اب شروع کرتی ہیں وباللہ التوفیق

خصائص مثنوی

اس مثنوی کی ترتیب میں چند خصوصیات ایسی ہیں جن سے
شعرائے عجم کی مثنویات خالی ہیں لیکن یہ خصوصیات لوازم
مثنوی میں شمار نہیں ہو سکتیں۔ بلکہ یہ خسروؒ کی جدت آفرینی ہے کہ اس مثنوی کو
دلآویز بنانے کی غرض سے اختیار کی ہے۔

(۱) نظم عنوان (۲) تضمین غزل (۳) وصف اشیا

نظم عنوان

مثنوی میں اکثر قصص، تاریخ، اخلاق، تصوف یا کوئی خاص بیان کیا جاتا
ہے اور جب مضمون طویل ہوتا ہے تو اُس کی تقسیم فصول و ابواب یا داستانوں میں
کیجاتی ہے اور ہر فصل یا داستان کا عنوان نثر میں ہوتا ہے۔ یہ قدیم دستور ہے۔ مگر خسرو نے اس
مثنوی میں ہر داستان کا عنوان بھی نظم کیا ہے۔ اگر کل اشعار عنوان جمع کیجئے تو
ایک قصیدہ ۷۰ شعر کا مرتب ہو جائے گا جس کی بحر مثنوی کی بحر سے مختلف
ہے اور بحر ایسی اختیار کی ہے جس میں مضمون عنوان کی گنجائش بخوبی ہو سکتی ہے چند

اشعارِ عنوان بطورِ نمونہ نقل کئے جاتے ہیں ؎

شکر گویم که بتوفیقِ خداوندِ جہاں — بر سرِ نامہ زجید نوشتم عنواں
نامِ ایں نامہ والا ست قرانُ السعدین — کز بلندیش بسعدین سپہرست قراں
در تضرع بدرِ حق که گنہگاراں را — داد بارانِ گنہ شوے زعینِ غفراں
نعتِ سلطانِ رسل آنکه مسیحا بدرش — پردہ داری ست نشستہ زپیش شادرواں
وصفِ معراجِ پیمبر که بشب روشن شد — سیر اسراش[1] ز زلفِ سیہ مشک فشاں
۵۔ مدحتِ شاہ که نامش بفلک رفت چنانکه — نقشِ آں داغ شدہ تنگِ فلک را بر راں
در خطابِ شہِ عالم که بسلکِ خدمش — آیم و این گہر چند فشانم ز زباں
۶۔ صفتِ حضرتِ دہلی که سوادِ اعظم — ہست منشور رخے از حرسہا اللہ نشاں
صفتِ مسجدِ جامع که جہاں ست درو — شجرۂ طیبہ ہر سوے چو طوبیٰ بجناں
صفتِ شکلِ منارہ که ز رفعت سنگش — از پے خنجرِ خورشید شدہ سنگ فشاں
۱۰۔ صفتِ حوض که در قالبِ سنگیں گوئی — ریختہ دستِ فلک زآبِ خضر صورتِ جاں

اس دسویں عنوان کے تحت میں اوّل توصفتِ شہر کی طرف بازگشت ہے جس کا بیان عنوان ہفتم میں بھی ہو چکا ہے۔ علاوہ بریں کئی اور مضمون بلا عنوان ہیں مثلاً صفت مردم شہر۔ کیقباد کی تخت نشینی۔ ناصر الدین کی لشکر کشی وغیرہ۔ اور یہ بات اور جگہ بھی پائی جاتی ہے کہ صفت نگاری کے بعد اصل قصے کو بلا عنوان

---

[1] اشارہ ہے اس آیۂ کریمہ کی طرف سبحان الذی اسریٰ بعبدہٖ لیلاً من المسجد الحرام ا لخ
لفظ اسریٰ جو اس آیت میں آیا ہے فعل ماضی ہے جس کا مصدر اسرا ہے جس کے معنی ہیں بشب راہ رفتن۔ "راتوں رات چلنا"

شروع کر دیتے ہیں۔

تضمین غزل خواجہ نظامی سکندر نامے کی داستانوں کے آخر میں دو چار شعر خیالی ساقی کی مخاطبت میں لکھتے اور اُس سے بادہ و پیمانے کی خواہش کرتے ہیں۔ خسرو نے سلطان کیقباد کے اصلی ساقی و مغنّی سے کام لیا ہے اور اُسی کے ساتھ ایک حالیہ غزل بھی تضمین کی ہے۔

مثنوی میں غزل کا اضافہ :-

دو تین غزلوں کے اشعار تو اصل قصے کے ضمن میں ہم لکھ چکے ہیں چند دیگر غزلوں کے چیدہ اشعار مع ساقی نامہ و مغنی نامہ یہاں نقل کرتے ہیں :-

۱- فصل دے یعنی موسم سرما کی صفت کے بعد ایک غزل اپنے حسب حال کہی ہے جس کے مقطع میں حسنِ طلب بھی ہے :-

چاکر او گشتہ سکندر بہ رزم | ساقیِ او خضر بہنگام بزم
بندہ زیادش بہمہ حال شاد | ویں غزل از حالِ منش دا دیاد

غزل

شد ہوا گرم کنوں آتش و خرگاہ کجاست | بادۂ روشن و رخسارۂ دلخواہ کجاست؟
آتش اینک دل و می گریۂ خونیں تن من | خرگہ گرم و لے ماہ بخرگاہ کجاست؟

کتنا مضمون اس شعر میں کھپا یا ہے! یعنی میرا دلِ سوختہ آگ بن گیا ہے اور خون کے آنسو میرے لئے بجائے شراب ہیں اور میرا جسم گرم خیمہ کی مانند ہے مگر افسوس ہے

کہ اس خیمہ کے اندر معشوق ماہرو نہیں ہے۔

دی ہمی رفت و زبس دیدہ کہ غلطید بجاک — گفت یارب کہ کجا پاے نہم؟ راہ کجاست

(وہ کل جاتا تھا اور بہت سی آنکھیں فرش رہ بنگئی تھیں۔ بولا "خدایا! کہاں پاؤں رکھوں؟ ان آنکھوں کے ہجوم میں تو رستہ ہی نہیں ملتا!")

مصرعۂ آخر میں جو تعجب ظاہر کیا ہے وہ نہایت پرلطف ہے ؎

ماہِ من! کور شد ایں دیدہ ز بیداریِ شب — آخر از زلف نہ پرسی کہ سحرگاہ کجاست؟

(صبح کے انتظار میں رات بھر جاگتے جاگتے ہماری تو آنکھیں پھوٹ گئیں۔ آخر تو اپنی زلف سے کیوں نہیں پوچھتا کہ وقتِ سحر کہاں ہے؟ (یعنی) تیری زلفِ سیاہ نے یہ اندھیر ڈال رکھا ہے وہ سرکے اور تیرا رُخِ تاباں کھلے تو صبح نمودار ہو)

عزمِ حج دارد خسرو زپئے توبۂ عشق — توشہ اینک غمِ دل بارگہِ شاہ کجاست؟

(خسرو کا ارادہ یہ ہے کہ حج کو جائے اور وہاں جاکر عشق سے توبہ کرے۔ لیکن زادِ راہ تو یہی غمِ دل ہے (اس سے کیا گزارہ ہوگا) کوئی یہ تو بتائے کہ بارگاہِ سلطانی کہاں ہے؟ (وہیں سے کچھ مانگ لونگا))

۲- جب کیقباد کے لشکر کی تیاری ہو رہی تھی:-

جملۂ عالم بوفا جوئیش — خاطرِ خسرو بہ ثنا گوئیش

ایں غزل از مطربِ موزوں اصول — یافتہ در گوشِ ہمایوں قبول

غزل

سوارِ چابکِ من باز عزمِ لشکری دارد — دلِ من بُرد یار۔ امسال با جان داوری دارد

من اندر خاکِ میدانش لگدکوبِ ستم گشتم — ہنوز آں شہسوارِ من سرِ جولاں گری دارد
مسلماناں! نگہدارید بیچارہ دلِ خود را — کہ تیر اندازِ من مست ست و کیشِ[1] کافری دارد
توئی دیوانہ وش جاناں کہ داری سایۂ گیسو — دلم دیوانہ تر از تو کہ آسیب پری دارد
مرا چوں صید خود کردی شفاعت میکنند جانم — نمی گوید "مکش" لیکن سخن در لاغری دارد
بہ بدنامی برآمد نامِ خسرو گرنہ پے دیدہ — نہ یک تردامنی دارد کہ صد دامن تری دارد

تردامنی کے معنی ہیں گناہ۔ اسی لفظ کو الٹ کر مقدارِ گناہ ظاہر کی ہے اور یہ کمال سخنوری ہے۔

۳۷۔ موسم خزاں کی صفت کے بعد ؎

چنگ نوازں بہ ہوا سر کشید — چنگ نوازندہ نوا بر کشید
گفت بر آہنگ نمطہائے[2] تنگ — ایں غزلِ نغز بر آوازِ چنگ

غزل

برگ ریز آمد و برگِ گل گلزار برفت — سرخ روئی زرخِ لالہ و گلنار برفت
(پت جھڑ کا موسم آگیا۔ گل و گلزار کا سامان رخصت ہوا۔ لالہ اور انار کے پھولوں کی سرخی جاتی رہی)

خونِ دل گرچہ کہ بسیار برفت اندک ماند — صبر ہر چند کہ بود اندک و بسیار برفت
(اگرچہ دل کا خون بہت نکل چکا۔ پھر بھی تھوڑا باقی ہے۔ لیکن صبر تھوڑا بہت جو کچھ تھا وہ سب جاتا رہا یعنی بالکل نہیں رہا)

---

[1] کیش، مذہب و تیردان۔ اس دوسرے معنی سے ایہام کیا ہے ۱۲ [2] نمطہائے تنگ راگ کے باریک پردے ۱۲

هرچه از عقل فزوں شد همه عمرم جو جو — اندریں غارتِ غم۔ جمله بیک بار برفت
(عقل کا سرمایہ جو کچھ میں نے عمر بھر میں تھوڑا تھوڑا کر کے جوڑا تھا اس غم کی لوٹ میں دفعۃً سب غارت ہو گیا)

۴۔ صفتِ بہار کے تحت ہیں۔

شاہ دریں فصل بعشرت گری — با گل و بلبل بطرب گستری
مطربِ بلبل نفس از نغمه مست — ویں غزلش برده بسے دل ز دست

غزل

آمد بہار و شد چمن و لاله زار خوش — وقتے[1] ست خوش بہار که وقتِ بہار خوش
در باغ با ترانۂ بلبل دریں ہوا — مستی خوش ست و باده خوش ست و خمار خوش
مائیم و مطربے و شرابے و محرمے — جائے بزیرِ سایۂ شاخِ چنار خوش
اے باد! کاہلی مکن و سوئے دوست رو — مارا بکن بآمدنِ آں نگار خوش

ذیل کے قطعہ بند اشعار میں بادِ صبا سے درخواست ہے کہ "تو میرے دوست کے پاس جا اور اس کو بُلا کر لا"

چیزے دگر مگوے و ہمیں گو که در چمن — سبزه خوش ست و آب خوش و جویبار خوش
گر خوش کند ترا بحدیثے که باز گرد — پیشش کن و بیار۔ مشو زینہار خوش
(اگر میرا محبوب تجکو بات بنا کر خوش کر دے اور کہے کہ واپس جا تو ہرگز خوش نہونا۔ بلکہ اس کو

[1] یہ جملۂ دعائیہ ہے یعنی اس کو خوش حالی نصیب ہو فعل (باد) یہاں سے محذوف ہے مثلاً "اے وقت تو خوش که وقتِ ما خوش کردی"

اپنے آگے آگے لانا)

در بنیش کہ مست بود خفتنش مدہ | ہم ہمچنانش مست بنزدِ من آر خوش
من مستِ خوش حریفی اویم کہ آں حریف | سرخوش[1] خوش ست و مست خوش و ہوشیار خوش
سروِ پیادہ[2] خوش بود اندر چمن ولیک | آں سروِ من پیادہ خوش ست و سوار خوش
از وے خوش ست بر شکنی[3] ہا براہِ ناز | وز خستہ و شکستہ فغاں ہائے زار خوش

۵- جب وزاسیران مغل کا قتل ہوا ہے اور بادشاہ نے جشن منایا ہے یہ غزل اُس قصے کے ذیل میں تضمین کی ہے اور اشعار کا مضمون مقتولین کی زبان سے ادا کیا ہے۔

نورِ نشاط از افقِ جام تافت | شہ زمے و مے زلبش کام یافت
باد ہمہ وقت بشادی و ناز | بادہ کش و خصم کُش و بزم ساز
گفت ہمی زہرہ بربط زنش | ایں غزلِ تر ز زبانِ منش

غزل

تیغ بر گیر تا زسر برہم | تیر بکشائے کز نظر برہم
آشکارا بکش کہ تا بارے | ہم ز ہمرہم ز دردِ سر برہم
وہ کہ شب درمیاں کنم ہردم | از تو روزے کہ اے پسر برہم

(اے لڑکے! جب وزیر تیرے ہاتھ سے بچ جاتا ہوں تو یہ کہتا ہوں کہ اب تو شب درمیان ہے

---

[1] سرخوش، جس کو تھوڑا نشہ ہو۔ مست جس کو ذرا زیادہ نشہ ہو۔ سیہ مست جس کو بہت زیادہ نشہ ہو ۱۲
[2] سرو پیادہ چھوٹے قد کا سرو ۱۲ [3] برشکنی۔ مونھ پھیرنا۔ روٹھ جانا ۱۲

(یعنی اس وقت تو رہائی ملی) کل کی بات کل دیکھی جائیگی)

غمِ خسرو بگویمت کہ اگر — از رقیبانِ بے ہنر برہم

۶۔ جب خان جہاں مغلوں کو ہزیمت دے کر لاہور کی طرف سے واپس آیا ہی اور کیقباد کو فتح کا مژدہ سُنایا ہی اُس موقع پر یہ غزل تضمین کی ہی۔

زاوّلِ روزش بطرب تا بشام — دور نشدے زکف ولب زجام

گاہ بہر جرعہ گہر می فشاند — گاہ بہر زمزمہ زر می فشاند

(کبھی شراب کے ایک گھونٹ پر کبھی راگ کے ایک ترانے پر لوگوں کو زر و جواہر انعام دیتا تھا)

عمرِ ابد باد بعیش اندرش — وین غزل اندر لبِ خنیا گرش

غزل

دوش ناگہ بمنِ دل شدہ آں مہ برسید — دل بمقصودِ خود المنۃ للہ برسید

آمد آں روشنیِ چشم و باستقبالش — مردمِ دیدہ دواں تا بسرِ رہ برسید

آمد آں سادہ زنخ۔ برمنِ بیہوش زِ آب — بر سرِ تشنہ نگہ کن کہ چساں چہ برسید

گریہ بر سوزِ منش آمد و بر سوختگاں — ایں چہ بارانِ کرم بود کہ ناگہ برسید

خسروا گر بہ سد ابلہ بہشت ایں۔ چہ عجب — عجب آں ہیں کہ بہشتے بتو ابلہ برسید

مقطع کے مصرعہ اولیٰ کا مضمون اس حدیث سے ماخوذ ہی اھل الجنۃ بلہ یعنی اکثر اہلِ بہشت بھولے بھالے آدمی ہونگے۔

مصرع ثانی بادشاہ کی حالت کے مناسب ہی کہ نہ کہیں دشمن پر چڑہائی

کی نہ جنگ میں شریک ہوا۔ خدا نے گھر بیٹھے اُس بے وقوف بادشاہ کو فتح کی مسرت نصیب کی۔

۷۔ کیکاؤس اور کیقباد کی ملاقات کے بیان میں یہ غزل تضمین کی گئی ہے

ہر چہ بہ مجلس غزلِ تر زدند | جملہ بنامِ شہِ کشور زدند
بر درِ او مطربِ فرخندہ فال | دور مبادا از غزل و از غزال[1]
با خوشیٔ دل چو شود بادہ کش | زیں غزلم گوش کرامیش خوش

غزل

بباغ سایہ بدست و آب در سایہ | ازیں سپس من و جاناں و خواب در سایہ
بسایہ خفتہ بُدم دوش کہ یار آمد و گفت | چہ خفتہ کہ رسید آفتاب در سایہ
چو پای بند تو شد جان در آفتاب مگرد | مسوز جانم و باز آ شتاب در سایہ
بگفتِ خسرو بکشای زلف تا شنید | حریف و مطرب و چنگ و رباب در سایہ

۸۔ جس دربار میں ناصر الدین اور کیقباد کی ملاقات ہوئی ہے اُس بیان کے آخر میں:-

چنگی او عقل فزاے جہاں | عاقلۂ عیش و نشاطِ شہاں
ایں غزل از تارِ ترنم سرائے | در سرِ او یافتہ چوں عقل جائے

---

[1] غزال - جوان رعنا ۱۲

غزل

خرم آں لحظہ کہ مشتاق بیارے برسد — آرزو مندِ نگارے بہ نگارے برسد

لذتِ وصل نداند مگر آں سوختۂ — کہ پس از دوریِ بسیار بیارے برسد

قیمتِ گل نشناسد مگر آں مرغِ اسیر — کہ خزاں دیدہ بود پس بہ بہارے برسد

خسروا! یارِ تو گرمی نہ رسد خود میگو — بہرِ تسکینِ دلِ خویش کہ "آرے برسد"

۹- ناصرالدین اور کیقباد کی دوسری ملاقات کے ذکر میں :-

بادلِ آئینہ اسکندرش — ق — بادۂ خوں رنگ صفا پرورش

دادمرا ایں غزلِ پرخیال — بردلِ چوں آئینۂ او جمال

غزل

زسرِ کرشمہ یکبارہ گزرے بسوے من کن — بعنایتے کہ داری نظرے بروے من کن

من از آرزوت مردم دلت ارچہ نیست با من — بتکلف ار توانی شبے آرزوے من کن

منم و دلے و دردے زغمت چو ناتوانا — بزکوٰۃِ تندرستی گزرے بسوے من کن

۱۰- کیقباد نے ایک روز مجلسِ نشاط دھوم دھام سے آراستہ کی ہے :-

شاہِ گراں سر زمئے خوش اثر — باد! مبادش گرانی بسر

دست بیک زخمۂ مطرب برود — عود گراں سر بنواے سرود

مجلسِ ازیں غزلم گشت مست — مست و گراں سر شدہ ہرکس کہ ہست

غزل

آفتِ زہد و توبہ شد ترکِ شرابِ خوارِ من | یار گر او ست کے بود توبہ و زہد یارِ من؟
چوں تو سوار بگذری دیدہ گہرفشاں کنم | خواہ قبول و خواہ رد نیست بجز این شارِ من؟

۱۱- خاتمہ مثنوی کے آخر میں :-

در نظرِ شاہ مباد! کہن | ایں غزلم ختم بریں شد سخن

غزل

نامہ تمام گشت بجاناں کہ می بَرد؟ | پیغام کالبد بسوے جاں کہ می بَرد؟
ایں خطِ پر ز مہر بدلبر کہ می دہد؟ | ویں درد سر بمہر بدرماں کہ می بَرد؟
ما نیم و شرطِ بندگیش با ہزار شوق | ایں بندگی بحضرتِ ایشاں کہ می برد؟
گفتم بباد، گفت کہ "دیوانہ گشتۂ" | اندوہِ مور پیشِ سلیماں کہ می برد؟
گفتی "نگاہدار بفرمانِ خویش دل" | "دارم۔ وے بگوے کہ فرماں کہ می برد؟
درد اکہ دل ز خسرو بیچارہ می رود | وآگاہ نے ز بردن دل آں کہ می برد

مثنوی میں قصیدہ اور غزل کا پیوند

غالباً مثنوی میں قصیدہ اور غزل کا پیوند لگانا حضرت خسرو نے بھاشا کی شاعری سے اخذ کیا ہے۔ حضرت کو بھاشا کی شاعری میں بھی ایسی ہی دستگاہ تھی جیسی کہ فارسی شاعری میں۔

بھاشا کا شاعر آغاز داستان میں ایک دوہا یا چوپائی یا چھند لاتا ہے اور ختم داستان پر کبھی کبھی سورٹھا موزوں کرتا ہے اور اس رنگا رنگی سے اُس کا مقصد

تفننِ طبع ہو کہ ایک ہی مضمون پڑھتے پڑھتے جی اُکتا نہ جائے۔

حضرت امیر خسرو نے آغازِ داستان کے لئے قصیدہ کا شعر اور خاتمے پر غزل کا التزام کیا ہو۔ ہمارے نزدیک یہ جدت طرازی نہایت پر لطف و بامزہ ہو مگر اس کی تقلید یک فنے شاعر کا کام نہیں۔ جو شاعر مثنوی، قصیدہ اور غزل ان ہر سہ اصناف میں ید طولیٰ رکھتا ہو وہی خسرو کی تقلید کر سکتا ہو علاوہ بریں حضرت خسرو کو اس مثنوی کا ممدوح بھی خوش قسمتی سے ایسا ہاتھ لگا ہو کہ ساقی و مغنّی و شاہد و بادہ و ساغر کا ذکر محتاجِ تکلف نہیں۔ بلکہ اُس کی بزم عیش کا ایک معمولی ہنگامہ ہو۔ انوری کی طرح خسرو کو یہ شکایت ہرگز نہ تھی کہ

نیست معشوقے سزاوارِ غزل

وصف اشیا اس مثنوی کی تیسری خصوصیت یہ ہو کہ اصل قصہ کے ضمن میں اشیا کی وصف نگاری موقع بموقع اتنی کی گئی ہو کہ اُن اوصاف کا حجم اصل قصہ سے بھی زیادہ ہو گیا ہو۔ اس کا اندازہ ذیل کی فہرست سے بخوبی ہو سکتا ہو۔

فہرست

۱۔ صفت حضرت دہلی	۴۔ صفتِ حوض
۲۔ " جامع	۵۔ " مردم دہلی
۳۔ " منارہ	۶۔ " آتش

۷۔ صفت شہر نو و قصر نو
۸۔ " فصل خزاں
۹۔ " فصل بہاران
۱۰۔ " موسم نوروز
۱۱ " چتر سیہ
۱۲ " " لعل
۱۳ " " سپید
۱۴ " " سبز
۱۵ " " گل
۱۶ " دورباش
۱۷ " تیغ
۱۸ " کمان
۱۹ " تیر
۲۰ " رایت لعل
۲۱ " موسم گرما
۲۲ " خربزہ
۲۳ " کشتی

۲۴ صفت اسپاں
۲۵ " شب
۲۶ " شمع
۲۷ " چراغ
۲۸ " سیر بروج
۲۹ " اختر و طالع
۳۰ " بادہ
۳۱ " قرابہ
۳۲ " صراحی
۳۳ " پیالہ
۳۴ " ساقی
۳۵ " چنگ
۳۶ " رباب
۳۷ " نامے
۳۸ " دف
۳۹ " پردہ
پردہ شناسان

۴۰ صفت مائدہ خاص
۴۱ " بیرۂ تنبول
۴۲ " نغمہ گری
زنانِ مطربہ
۴۳ " تاجِ مکلّل
۴۴ " تخت
۴۵ " پیل
۴۶ صفت صبح
کلاہ سیاہ
چتر سپید
۴۷ " چشمۂ خورشید
۴۸ " موسم باراں
۴۹ " قلم
۵۰ " محبرہ (یعنی دوات)
۵۱ " کاغذ

امیر صاحب کو یہ خیال تو پہلے سے مرکوزِ خاطر تھا کہ اشیا کی وصف نگاری کریں اور اس کا نام بھی مجمع اوصاف تجویز کرلیا تھا۔ اب کیقباد کی فرمائش ہوئی تو یہ قصہ نہایت مختصر۔ اس میں اتنا پھیلاؤ ممکن نہ تھا کہ ایک معقول مثنوی مرتب ہو سکے۔ کوئی عام دلچسپی کا سامان بھی اس قصہ میں نہ تھا۔ لہٰذا خسرو نے اس مثنوی کو وصف نگاری کے ذریعہ سے نگارستان بنا دیا کہ شاہ و گدا سب کے لئے موجبِ انبساطِ خاطر ہو۔

دلّی اور دلّی کی عمارات کا، ہندوستان کے موسموں، پھولوں، پھلوں جانوروں اور اُس زمانے کی شاہی محفلوں کے تکلفات کا ذکر ہمیشہ کے لئے

ایک دلآویز مضمون ہی اس کارنامے پر حضرت خسرو نے جو فخر کیا ہی بجا ہی:-

آنچہ ز سر جوشش دل نقشبند | معنیِ نو بود و خیالِ بلند
موے بمویش بہ ہنر بیختم | پختہ و سنجیدہ در و ریختم
وصف نہ زانگو نہ شنُد از دل بروں | کاں دگرے را بدل آید کہ چوں

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:-

ہر صفتے را کہ برانگیختم | شعبدۂ تازہ در و ریختم
مور شدم بر شکرِ خویش و بس | ورنہ زدم دست بدامانِ کس
نیست ز کس لولوے لالاے من | ژرف ببیں در تہِ دریاے من
نکتۂ من گوہرِ کانِ من ست | زانِ کسے نیست از آنِ من ست

وصف نگاری کا نقص

البتہ وصف نگاری کی وجہ سے یہ نقص پیدا ہوا کہ اصل قصہ کا سلسلہ ٹوٹ جاتا ہی۔ امیر صاحب نے اس نقص کو محسوس کیا اور خاتمہ میں اس کی معذرت اس طرح فرمائی ہے کہ اصل قصہ میں کچھ جان نہ تھی اس لئے وصف نگاری کی گئی مگر اس کی وجہ سے قصہ کی غرض فوت ہوگئی۔ یہ تکلف اس لئے کیا گیا کہ مثنوی میں ایک ندرت اور خوبی پیدا ہو۔ سو یہ عیب ایسا نہیں جس کو میں نے چھپایا ہو۔ بلکہ جو سب کہیں گے وہی میں خود کہتا ہوں:-

چوں سخن از لطف لسانے نداشت | کالبدش صورتِ جانے نداشت

وصف براں گونہ فرو راندہ ام — کز غرض قصہ فرو ماندہ ام

خالِ تکلف زدمش بر جمال — نغز نماید مگر اندر خیال

عیب جہاں نیست کہ بنہفتہ ام — کانچہ بگویند ہمہ گفتہ ام

ہست امیدم کہ سخن پروراں — چوں نگرند از رہِ بینش دراں

عیب یکے نیست کہ جویند باز — چوں ہمہ عیب ست چگویند باز؟

اب وصف اشیا میں سے ہم "مشتے نمونہ از خروارے" پیش کرتے ہیں:-

صفتِ حضرتِ دہلی

حضرتِ دہلی کنفِ[1] دین و داد — جنتِ عدن[2] ست کہ آباد باد!

ہست چو ذاتِ ارم[3] اندر صفات — حرسہا اللہ عن الحادثات

از سہ حصارش دو جہاں یک مقام — وز دو جہاں یک نفسش دہ سلام

حصنِ برونیش ز عالم بروں — عالم بیرونش بحصن اندروں

حصنِ درونیش تو گوئی مگر — چرخ بزیر ست و حصارش زبر

قبۂ اسلام شدہ در جہاں — بستۂ او قبۂ[4] ہفت آسماں

ساکنِ او جملہ بزرگانِ ملک — گوشہ بگوشہ ہمہ ارکانِ ملک

تختگہِ تاجورانِ بلند — گشتہ ز اقبالِ شہاں سر بلند

---

[1] کنف۔ پناہ ۱۲ [2] نام ایک بہشت کا ۱۲ [3] ایک شہر تھا قوم عاد کا۔ اس شہر کا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُہَا فِی الْبِلَادِ یعنی ارم ستونوں والا ہے جس کی مانند شہروں میں کوئی پیدا نہیں کیا گیا ۱۲ [4] گنبد خیمہ ۱۲

صفت مسجد جامع

مسجدِ جامع کہ زفیضِ آلہ | زمزمۂ خطبۂ او تا بماہ
آمدہ در روے زسپہرِ کبود | فیض زبانگ خواندنِ قرآں فرود
غلغلِ تسبیح بگنبد دروں | رفتہ زنہ گنبدِ بالا بروں
ہر کہ سعادت بودش رہنماے | بر درِ او سر نہد آنگاہ پاے

صفت منارہ

شکلِ منارہ چو ستونے زسنگ | از پے سقفِ فلکِ شیشہ رنگ
دیدنِ او را کلہ افگند ماہ | بلکہ فتاد دش گہِ دیدن کلاہ
از پے بر رفتنِ ہفت آسماں | کردہ زمیں تا بفلک نردباں
مسجدِ جامع ز دروں چوں بہشت | حوض ز بیروں شدہ کوثر سرشت

صفت حوض

در کمرِ سنگ میانِ دو کوہ | آب کہر صفوۃ و دریا شکوہ
ساختہ سلطانِ سکندر صفات | در سدِ کوہ۔ آئینہ زآبِ حیات

یعنی سلطان شمس الدین التمش نے یہ حوض مستحکم پہاڑ میں ایسا بنایا تھا گویا آبِ حیات کا آئینہ ہے ۔ یہ حوض حوضِ شمسی کہلاتا تھا :-

شہر گراز وے بنود آب کش | کس نخورد در ہمہ شہر آبِ خوش
ور نخورد آبِ وے اندر زمیں | کے بزمیں در خورد آبے چنیں

اس کا پانی زمیں میں جذب نہیں ہوتا۔ ایسا پانی زمین میں جذب ہونے کے قابل کب ہے؟ اور یہ امر واقعہ ہے کہ پہاڑ کی وجہ سے اس حوض کا پانی زمین میں جذب نہیں ہوتا بلکہ بہکر جمنا میں جاگرتا ہے ۔

نیم فلک ہست بزیرِ زمیں　　چوں تہش نیست زمیں آں ببیں
حوض نہ گویم کہ حباب ز نور　　نور کز و دیدۂ بد باد دور!

اس کے بعد بغیر عنوان قائم کئے شہر کی صفت پھر شروع کر دی ہے۔ اور اسی کے ضمن میں مردم شہر کی صفت ہے۔

صفتِ مردم شہر

مردم او جملہ فرشتہ سرشت　　خوش دل و خوش خوے چو اہل بہشت
ہر چہ ز صنعت بہمہ عالم ست　　ہست درایشاں و زیادت ہم ست
بیشتر از علم و ادب بہرہ مند　　اہل سخن خود کہ شمارد کہ چند
ہر طرفے سحر بیانے نوست　　ریزہ چیں کمترِ شاں خسروست
پنج ہزار از ملکِ نامدار　　لشکرِ شاں بیشتر از صد ہزار

صفت فصل دے

زالِ جہاں چرخ زدن کرد ساز　　داد بشب رشتہ بغایت دراز
روز چناں تنگ مجال آمدہ　　کش بگہہِ چاشت زوال آمدہ
لبتنِ یخ بود بہر بوستاں　　گرچہ نہ بُد برف بہندوستاں

قطرہ کہ شد ز ابرِ چکاں بر ہوا　　مہرۂ بلّور شدہ در ہوا
ہر کہ شبے کرد گلیمے فراز　　کردہ باندازۂ آں پا دراز
و آنکہ ز اندازہ بروں بُرد پائے　　سردی ایام نمودہ سزائے
گرم شدہ از مددِ جامہ مرد　　مردم بے جامہ بجاں گشتہ سرد
وکدکِ دندانِ برہنہ تناں　　چوں شغبِ چوبکِ چوبک[1] زناں

صفت آتش

آتش از انجا کہ بدل جائے کرد　　دود بر آمد ز نفس ہائے سرد

یعنی چونکہ آگ نے دل میں جگہ کرلی ہو اس لئے ٹھنڈی سانس سے دھواں نکلتا ہو یہ حسن تعلیل ہو کہ سردی کے سبب سے جو مُنہ سے بھاپ نکلتی ہو اس کا سبب یہ قرار دیا ہو کہ دل میں آگ نے جگہ کرلی۔ اور دل میں جگہ کرنا کنایہ محبت والفت سے ہو۔

گرچہ زبردستِ عناصر نشست[2]　　گشت بسرِ ما ہمہ را زیردست
پختہ از و گشت ہمہ دیگِ مرد　　دیگ بسے پخت و بسے خود نخورد
گاہ بہر خانہ وطن ساختہ　　گاہ بسے خانہ بر انداختہ
خلق بہ پیشِ آتش و پنبہ زبس　　خود ہمیاں ماندہ چنیں دید کس؟

---

[1] چوبک ایک ڈنڈا اور ایک تختہ ہوتا تھا جس کو رات کے وقت چوکیداروں کا افسر اس غرض سے بجایا کرتا تھا کہ چوکیدار ہوشیار رہیں۔ سو نہ جائیں ۱۲

[2] یہ قدیم خیال ہو کہ کرۂ نار سب سے بالا ہو۔ اس کے نیچے باد۔ اس کے نیچے خاک۔ پھر آب ۱۲

قصرِ نو و شہرِ نو

یہ وہ قصر اور شہر ہی جو کیقباد نے کیلوکھڑی میں جمنا کے کنارے تعمیر کرایا تھا:۔

قصر نہ گویم کہ بہشتے فراخ　　روفتہ طوبےٰ درِ او را شاخ
بامِ سفیدش بفلک سودہ سر　　کرد بخورشید سفیدی اثر
آئینہ گشتہ زگچ صافِ خشت　　دیدہ در وصورتِ خود را بہشت
ہر چہ کہ در آئینہ بیند جوان　　پیر دراں خشت بہ بیند ہماں

(یعنی اینٹوں پر ایسا چونہ گچ کیا گیا تھا کہ بہشت اس میں اپنی صورت دیکھتا تھا اور جو کچھ جوان آئینہ میں دیکھتا ہی بوڑھا آدمی اُن اینٹوں میں دیکھ لیتا ہی)

یہ ایک عام مثل ہی جس کو اس قصر کی اینٹوں سے مخصوص کر دیا ہی۔ مثل یہ ہی "آنچہ پیر درخشتِ خام بیند جوان در آئینہ نہ بیند" اس مثل کا مطلب یہ ہے کہ اہل تجربہ تو جھٹ پٹ بات کی تہ کو پہنچ جاتا ہی اور نا تجربہ کار غور کرنے سے بھی نہیں سمجھتا۔

ہر چہ کہ نقاشش بیک سو کشید　　عکس بدیوارِ دگر شد پدید
طرفہ عروسے شدہ آراستہ　　آئینہ از آبِ رواں خواستہ

(یہ قصر و شہر نو تو بنی سنوری ہوئی دُلہن ہی اور جمنا کا پانی اُس کا آئینہ ہی یعنی جمنا میں اس کا عکس نمودار ہی)

صفت فصل خزاں

فصل خزاں چوں بچمن خانہ ساخت — باد رواں کرد بہ گلزار تاخت
جامۂ خود کردہ بنفشہ کبود — گشت چو صوفی بر کوع و سجود
سوختہ از آتشِ خود لالہ زار — گشتہ درونش ز خزاں پر غبار
ہر شجرِ باغ ز سر تا بُنہ — ماندہ ز بے برگی خود برہنہ
نرگسِ بے دیدہ رواں کور وش — خار عصا بادِ خزاں کور کش
ریختنی کرد درختاں ز سر — گشتہ زمیں پُر ز درمہائے زر
بر زمیں افتادہ بسے نازنیں — لرزہ کناں بر سرِ شاں یاسمیں
گرچہ ز کہہ لالہ نہاں کرد سے — لالۂ نو ساخت شہ از جامِ مے
گرچہ چمن بود پر از برگِ زرد — شاہ زمیں در تہِ دینار کرد
گرچہ کہ بربست ہوا سیم آب — شاہ کشاد از کفِ خود سیمِ ناب
از کرمِ شہ کہ عدو سوز بود — فصلِ خزاں موسمِ نو روز بود

صفتِ فصل بہاراں

فصل بہاراں کہ عَلَم بر کشید — ابر سراپردہ بر اختر کشید
سکّۂ گل چوں درمِ شہ زدند — سکہ بصد وجہِ موجّہ زدند
جامۂ گل پارہ شدہ بر تنش — غنچہ گرہ بر زدہ بر دامنش
گل ز کرم زر دہد آں را کہ جست — وز پئے خود جامہ نسازد درست

آب کہ آہن شدہ بود از سپہر — آہنِ او آب شد از تابِ مہر
ہر گلِ بالا کہ دہد بوستاں — بیشترے ہست ز ہندوستاں
ویں گلِ ہندی کہ چمن گرد راست — نے بخراساں کہ بعالم نہ خاست
کیورہ ہر برگ چو سیمِ سپید — عود از و سوختہ چوں مشک بید
ماندہ چو در جامہ شمیمش مقیم — جامہ نماند کہ بماند شمیم
یک گلِ بیل وہ دیگر دروں — گل ز گل و گل ز گل آمد بروں
مولسری خرد و بزرگ از ہنر — خرد و بزرگ از ہنرش بہرہ ور
بوے وے آں را کہ بمغز آرمید — بوے دگر گل کہ تواند کشید؟
چند نہ در شہر کہ در روم و روس — جمع شود بر سرِ شاہ و عروس
طرفہ گلِ چنپہ بعالم کہ دید؟ — کانِ زمرد کہ زر آمد پدید
کشت ز سمر شف گلِ زرد وام داد (زرد رنگ ۱۲) — گل بزمیں گونہ زر وام داد (قرض ۱۲)

ہجوِ مغل

جب کہ بادشاہ کے سامنے اسیرانِ مغل پیش کئے گئے ہیں تو اُس موقع پر حضرت خسرو نے مغلوں کی ہجو دل کھول کر کی ہے۔ اس کا سبب ظاہر ہے کہ مغلوں نے اسلامی سلطنتوں کو برباد کیا تھا اور مدت ہائے دراز تک اُن کے متواتر حملے ہندوستان پر بھی ہوتے رہے اس لئے مسلمانوں کو اُس قوم سے سخت نفرت تھی۔

کافرِ تاتار بروں از ہزار | کرد دگر گونہ بر اشتر سوار
رشے چو آتش کلہ از پشم ریش | آتش سوزاں شدہ با پشم خویش
سر تراشیدہ ز بہرِ قلم | زاں قلم انگیختہ خذلاں[2] رقم
رخنہ شدہ طشتِ مس از چشمِ تنگ | دیدہ در انداختہ در رخنہ سنگ
زشت تر از رنگ شدہ بوئے شاں | پست تر از پشت شدہ روئے شاں
چہرۂ شاں و چین[3] ہم یافتہ | جائے بجا کنجلک[4] و خم یافتہ
بینیِ پر رخنہ چو گورے خراب | یا چو تنورے کہ ز طوفانِ آب
موے ز بینی شدہ بر لب فراز | سبلتِ[5] شاں گشتہ بغایت دراز
کردہ زنخ شاں ز محاسن[6] کنار | اہل زنخ را بہ محاسن چہ کار
از بغلشاں سینہ سپید و سیاہ | کاشتہ کنجد[8] بزمینِ تباہ
بر تنِ شاں از سپشِ[7] بے شمار | پشت چو کیمخت شدہ دانہ دار
خوردہ سگ و خوک بدندانِ بد | ہر ہمہ دندانِ[9] خرد بے خرد
شد تعجب زاں ہمہ روہاے زشت | کایں و شاں زآتشِ دوزخ سرشت
دیو سپید آمدہ ہر یک بروے | خلق بہ لاحول ز ہر چار سوے

۱؎ کاٹے جانے کے لئے ۱۲ ۲؎ بے بہرگی۔ بے نصیبی ۱۲ ۳؎ کپہ ۱۲ ۴؎ سلوٹ ۱۲
۵؎ مونچھ ۱۲ ۶؎ بال ۱۲ ۷؎ جوں ۱۲ ۸؎ تل ۱۲ ۹؎ کنایہ ہے احمق سے ۱۲

صفتِ موسمِ گرما

ہر دمِ صبحے کہ دما دم گرفت　　آتشِ خورشید بعالم گرفت

شب شدہ چوں روزِ دے اندر گداز　　روز چو شبہائے زمستاں دراز

خلق کشاں در پئے سایہ رخت　　سایہ گریزاں بہ پناہِ درخت

جانبِ سایہ شدہ مردم دواں　　سایہ بدنبالۂ مردم رواں

خوں برگِ مرد زبوں آمدہ　　خوے شدہ از پوست بروں آمدہ

پائے مسافر بردِ گرم و دور　　زآبلہ پر قبّہ چو نانِ تنور

زآتشِ گرما کہ شد از سر جواں　　آہوئے صحرا شدہ آہوئے خواں

باد زنہ باد بدستِ ہمہ　　وز دمِ او باد بدستِ ہمہ

بر سرِ ہر میوہ ز تابِ تموز[1]　　مرغ شدہ پختہ خور و خام سوز

صفتِ خربزہ

خربزہ گوئی کہ بصحرا کشت　　گوئے ربود از ثمراتِ بہشت

از مزہ گرد آمدہ در وے نبات　　خام خضر پختہ چو آبِ حیات

صفتِ کشتی

ساختہ از حکمتِ کار آگہاں　　خانۂ گردندہ بگردِ جہاں

نادرۂ حکمِ خدائے حکیم　　خانہ رواں خانگیانش مقیم

۱؎ وہ موسم جس میں آفتاب بہت تیز ہوتا ہے ۱۲

ماہِ نوبے کاصلِ شے از سالِ خاست — یک مہِ نو گشت بدہ سال راست

(تو ۱۲ — نام درخت ۱۲)

ہم چو کماں پُر خم و تیر از میاں — تیر ستادہ بہت و کمانش رواں

پیشتر از مرغ پَرد درکشاد — پیشتر از باد رود روز باد

گرچہ بدریا گزرد بیش و کم — آب نباشد مگرش تا شکم

بگزرد از آب و سوارش بخواب — غرق نگردد چو سوارانِ آب

باسبکی بار تواند کشید — از سبکاں بار کشیدن کہ دید؟

صفتِ اسپاں

تیز تگانے ہمہ تازی نژاد — چوں دمۂ[1] آتش و انبانِ[2] باد

تیز تگ و گوش چو پیکاں پدید — بر سرِ یک تیر دو پیکاں کہ دید؟

از ہنر آراستہ پا تا بفرق — گاہِ روش ابر و جستن چو برق

کوہ گراں لیک گراں سنگ نے — یک تگِ شاں جز بدو فرسنگ نے

از تگِ شاں یکاں رہ صرصر زدہ — باد بدیوار بسے سر زدہ

آب رواں از پئے صحرا گشت — باد صبا از پئے گلگشتِ دشت

پیکر آں راہ نوردانِ پاک — بادِ مجسم شدہ بر روئے خاک

تیزیٔ خنگانِ[3] محیط آزموں[4] — آب بر از فلکِ نیل گوں

---

[1] لوہاروں کی تانبے کی دھونکنی ۱۲ [2] لوہاروں کی چمڑے کی دھونکنی ۱۲ [3] سپید گھوڑا ۱۲

[4] کاوہ لگانے والا ۱۲

صفت بیڑۂ تنبول

نادرہ برگے چو گلِ بوستاں ۔۔۔ خوب ترین نعمتِ ہندوستاں
طرفہ نباتے کہ چو شد در دہن ۔۔۔ خوش چو حیواں بدر آید زتن
خوردنِ آں بوئے دہن کم کند ۔۔۔ سستی دنداں ہمہ محکم کند
سیر خورد ۔ گرسنہ در دم شود ۔۔۔ گرسنہ را گرسنگی کم شود

(شکم سیر شخص پان کھاے تو بھوک لگاتا ہی اور بھوکا کھاے تو بھوک کو کم کرتا ہی)

سرخیِ رویش زسہ خدمت گرش ۔۔۔ چونہ و فوفل شدہ رنگ آورش
گرچہ کہ آبش بنوی ہست بیش ۔۔۔ کہنہ شود بیش کند آبِ خویش

(اگرچہ نئے پان کی آبداری زیادہ ہوتی ہی مگر پرانے کی آب اور بھی زیادہ ہوتی ہی)

برگ کہ باشد بدرختاں فراخ ۔۔۔ زود شود خشک چو افتد زشاخ
برگِ عجب بیں کہ گسستہ زبر ۔۔۔ از پسِ شش ماہ بود تازہ تر

صفت پیل

پیل چو کوہے کہ بود بے ستون ۔۔۔ چار ستون ۔ زیر کہِ بے ستون[1]
پیچش خرطوم بسانِ کمند ۔۔۔ اژدرے افتادہ زکوہِ بلند
در زمیں آنجا کہ سرا فراختہ ۔۔۔ مار زسر ۔ غار زپا ساختہ
کشتی عاج ست تو گوئی رواں ۔۔۔ گشتہ دو گوشش ز دو سو بادباں

---

[1] نام ہی ایک خاص پہاڑ کا ۱۲

رفتے چو در حملہ نہد گاہِ کیں　　زآدمیاں حاملہ گردد زمیں
چوں جرسش در روشِ آوازداد　　گنبدِ گردندہ صدا باز داد
بانگِ بلندش زدہ بارعدکوس　　ابرِ بلندش بقدم داد بوس

ق

ہست سہ چیز آنکہ چو آرند پیش　　بیش کُنَد دل چو بیبند بیش
بوزنہ و طفلِ سخنگوے و پیل　　دیدہ ام ایں را بتجارب دلیل

(یعنی تین چیزیں ایسی ہیں کہ ان کو جتنا زیادہ دیکھو اتنی ہی دلچسپی زیادہ ہوتی ہی۔ بندر باتیں کرتا ہوا بچہ اور ہاتھی۔ مجکو یہ بات تجربہ سے ٹھیک ثابت ہوئی ہی)

مقاماتِ مثنوی | شعرا کا دستور ہی کہ مثنوی کے بعض مقامات پر زورِ طبع صرف کرتے اور اپنے فن کا کمال دکھاتے ہیں مثلاً حمد، نعت، معراج، مناجات، ثناے ممدوح، رزم، بزم، سراپا، وصال، فراق، چنانچہ خود مصنف نے بعض مقامات کی نسبت فخریہ کہا ہی۔

ساختہ ام ایں ہمہ لعل و گہر　　از خوے پیشانی و خونِ جگر
ہر خطِ توحید بریں لوحِ راز　　ہمچو بلالے ست ببانگِ نماز
ہر رقمِ نعت رموزش عجیب　　چوں شبِ معراج پر انوارِ غیب
ہر غزلے دستۂ عشاق کش　　پیش کہ بکشد ز دروں پردہ پیش
اوجِ معانی نہ بمقدارِ طبع　　بلکہ گزشتہ ز سماواتِ سبع

اس مثنوی میں حمد، نعت، معراج کے مضامین نہ محض شاعرانہ بلکہ عارفانہ و محققانہ ہیں جس کی توقع ایسے ہی شاعر سے ہو سکتی ہے جو اصحابِ حقیقت و اربابِ معرفت سے ہو۔

اب ہم بعض مقامات کے اشعار جستہ جستہ پیش کرتے ہیں۔

حمد

واجبِ اوّل بوجودِ قِدَم　　　نے بوجود یکہ بود از عدم

(خدائے تعالیٰ کی ذات واجب اوّل ہے جس کی ہستی قدیمی ہے نہ ایسی ہستی کہ عدم کے بعد پیدا ہوئی ہو جیسی مخلوقات کی)

نور فزائے بصرِ دور بیں　　　دیدہ کشائے دلِ عبرت گزیں

(جو نگاہ دور بین ہے اس کو خدا نے ہی روشنی دی ہے اور جو دل کہ آثارِ قدرت کو دیکھ کر نصیحت حاصل کرتا ہے اُس کی آنکھ خدا نے ہی کھول دی ہے)

رخشِ علل در رہش افگندہ سم　　　علت و معلول در و ہر دو گم

(معرفت الٰہی کی راہ میں علتوں کا گھوڑا لنگڑا ہے کیونکہ اس راہ میں علت و معلول دونوں گم ہیں یعنی حکما جو علت و معلول کے طریقے سے استدلال کرتے اور ذات حق کو علت العلل قرار دیتے ہیں اُن کا یہ طریقۂ عرفان ذات حق کے لئے محض ناکافی اور ہیچ و پوچ ہے)

کس نبرد راہ بہ تحقیقِ او　　　ور ببرد الّا کہ بتوفیقِ او

(حقیقتِ ذاتِ الٰہی کی طرف کوئی راہ نہیں پاتا اور اگر کوئی پاتا ہے تو محض اُسی کی مدد سے)

ہستی ما نزدِ خرد اندکے ست　　　واں ہمہ با نیستی ما یکے ست

(ہماری ہستی عقل کے نزدیک بہت ہی تھوڑی ہے اور وہ بھی ہماری نیستی کے برابر ہے)

یعنی ہماری ہستی عارضی ہے حقیقی نہیں اور وہ بھی چند روزہ۔ اس لئے نیستی کی برابر ہے۔

من کہ ہمہ ہستیِ من نیستی ست　　　ہستیِ بے نیست ندانم کہ چیست؟

(میری ہستی سراسر نیستی ہے۔ ایسی ہستی کہ عدم سے پاک ہو میں نہیں جانتا کہ کیسی ہوتی ہے؟)

یعنی ہر مخلوق ایک عدمی تعین ہے، جو صفات و اسمائے الٰہیہ کا مظہر ہے۔ اس لئے بظاہر موجود نظر آتا ہے۔ لیکن وجود حقیقی جو لوثِ عدم سے مُنزّہ ہے وہ ایک عارضی موجود کے ادراک و فہم میں نہیں سما سکتا۔

نیست شناسندۂ ہستی مگر　　　آنکہ ورا نیست ز ہستی گزر

(ہستی مطلق کو کوئی نہیں پہچان سکتا۔ اگر پہچان سکتا ہے تو صرف وہی جس کی ہستی اصلی و حقیقی ہو)

مطلب یہ ہے کہ حق تعالےٰ اپنا شناسا آپ ہے۔

ثابتِ مطلق بصفاتِ احد　　　زندۂ باقی بہ بقاے ابد

(ذاتِ خدا ثابت ہے بغیر کسی قید کے احدیت کی صفت کے ساتھ۔ یعنی باوجود کثرت یگانہ ہے اس کی حیات و بقا ابدی ہے)

بود در اوّل کس ازو پیش نے　　　ماند در آخر کس ازو بیش نے

(وہی اوّل تھا۔ اُس سے پہلے کوئی نہ تھا۔ وہی آخر میں رہا۔ اس کے سوا کوئی نہیں)

کرد خرد وحدتِ اورا سجود ثانیِ او ممتنع اندر وجود

(عقل نے اس کی یگانگی کو سجدے کئے کیونکہ اُس جیسے دوسرے کی ہستی ناممکن ہے)

حکمائے صوفیہ نے حضرات وجود تین قرار دیے ہیں :-

(۱) واجب الوجود

(۲) ممکن الوجود

(۳) ممتنع الوجود

(۱) واجب الوجود جس کی ہستی ضروری ہے۔ وہ وجود حق ہے۔

(۲) ممکن الوجود جس کی نہ تو ہستی ضروری ہے نہ نیستی۔ یعنی ہونا نہونا یکساں ہے اور وہ مخلوقات ہے۔

(۳) ممتنع الوجود جس کی ہستی محال ہے یعنی جس کا نہونا ضروری ہے۔ وہ ثانی ذات حق ہے۔

شرک نہ در مملکتش دست سائے خود نتواں بود بشرکت خدائے

(اُس کی حکومت میں شریک نے ہاتھ نہیں لگایا۔ کیونکہ شرکت کے ساتھ خدا تو ہو ہی نہیں سکتا)

آنکہ نہ گنجد بہ خیال و صُوَر چون؟ وچرا؟ کے کند آنجا گزر؟

(جو خیال و تصور ہی میں نہ سما سکے وہاں چون وچرا کا گزر ہی نہیں۔ یعنی اُس کی نسبت یہ سوال ہی نہیں ہو سکتا کہ وہ کیوں ہے؟ کیسا ہے؟ کس لئے ہے؟

پاک ز آلودگیِ آب و خاک پاک تر از ہر چہ بگوئید پاک

(وہ آب و خاک کی آلودگی سے پاک ہے یعنی وہ جسمانی نہیں ہے بلکہ جس طرح کا پاک اُس کو کہتے ہیں وہ اس سے بھی پاک تر ہے)

دیدنِ اوہست زمردم دروغ ۔ تاہم از و دیدہ نیابد فروغ

(لوگوں کی طرف سے اُس کے دیدار کا دعویٰ جھوٹ ہے جب تک اُسی کی طرف سے آنکھ کو روشنی نہ حاصل ہو)

یعنی ان آنکھوں سے اُس کو کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ بلکہ اُسی کے نور سے اُس کو دیکھ سکتا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے رَئیتُ رَبی بِرَبّی۔

دورِ زمیں را بزماں بار بست ۔ دام و دو داز وے باماں بازرست

(گردش زمین کو زمانہ سے وابستہ کر دیا ہے یعنی کبھی دن ہے کبھی رات کبھی فصل بہار ہے کبھی موسم خزاں اور ان تغیرات کی وجہ سے جملہ حیوانات کو امن و آسایش حاصل ہے)

اس شعر کے مضمون سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت خسرو کے حکمائے معاصر اور ان سے بھی متقدم حکما گردش زمین کے مسئلہ سے واقف تھے گو یہ مسئلہ عام طور پر مسلم نہ تھا۔

ملا نور الحق ابن شیخ عبدالحق محدث دہلوی اس شعر کی شرح میں لکھتے ہیں:-

"بعضے حکما گویند حرکت یومیہ از حرکت زمین ست یعنی فلک و کواکب بر جائے خود ایستادہ اند و زمین حرکتِ دوریہ از مغرب بمشرق می کند و آنچہ بررو ست آنرا بخود ہمرا میگرداند واز وے کواکب گاہ غارب و گاہ طالع نمایند۔ آں چناں کہ سوار کشتی را کہ

کہ چوں کشتی حرکت کند چناں در تخیلہ اش در آید کہ ساحل متحرک ست و در نفس الامر حرکت از کشتی ست۔ بریں مذہب زماں وابستہ بدور زمیں شد"

مناجات | یہ مضمون بھی پر اثر اور عارفانہ ہے:-

سوے خودم کش کہ الٰہی شوم | خازنِ گنجینۂ شاہی شوم
آں عمل آور زمن اندر وجود | کاں بتو ام راہ تواند نمود
آنچہ دلم را زتو دوری دہ است | دور ترک دار کہ دوری بد است
برمنِ رسوا شدۂ عیب کوش | عیبِ تو پوشی کہ توئی عیب پوش
من کہ بحکمِ تو دریں کارگاہ | از عدم ایں سو زدہ ام بارگاہ
جز تو شناسندۂ ایں راز کیست؟ | کامدن و رفتنِ من بہرِ چیست؟
بہ کہ چو آوردی و بازم بری | ہم بسوے خویش فرازم بری
ستر مرا چوں ہمہ دانندۂ | باز رہانم کہ رہانندۂ
گرچہ تنِ من زپۓ سوز راست | رحمتِ تو از پۓ ایں روز راست
از عملِ خود چو نشینم خجل | ذیلِ کرم پوش بریں تنگدل

نعت | پیش روِ کوکبۂ انبیا | کوکبش از منزلتِ کبریا
از حدِ ناسوت[۲] بروں تاختہ | برخطِ لاہوت[۳] وطن ساختہ

---

[۱] انبوہ لشکر ۱۲ [۲] عالمِ اجسام۔ ملکوت، عالمِ ارواح۔ جبروت، عالمِ صفاتِ الٰہیہ ۱۲
[۳] مقامِ ذات ۱۲

نورِ نخستش چو علم بر کشید — شام عدم را سحر آمد پدید

(یعنی سب سے اوّل نورِ محمّدی ظاہر ہوا اور اُس نور سے معدومات پر فیضانِ وجود ہوا)

ہستی او تا بعدم خانہ بود — نقشِ وجود از ہمہ بیگانہ بود

از کرمش غرقۂ آبِ فنا — یافتہ در بحرِ بقا آشنا

بے خط و قرطاس ز علمِ ازل — مشکلِ لوح و قلمش گشتہ حل

(یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا علم حروف و کاغذ کے ذریعے سے نہیں بلکہ ازلی تھا۔ اسی سبب سے آپ کو لوح و قلم کی مشکلات سب حل ہوگئیں)

چوں قلم اندازۂ علمش نداشت — علم بدل کرد و قلم را گذاشت

نعت کے ضمن میں قرآن مبین کے حق ہونے کی ایک مورخانہ دلیل بیان کی ہے کہ رسول کریم صلعم کے زمانہ مبارک سے اس وقت تک سات صدیاں ہونے آئیں مگر فرمان خداوندی ہمارے پاس اُس سے زیادہ تازہ ہے جیسا کہ بوقت نزول تھا۔ اگر یہ دین متین (نعوذ باللہ) لغو ہوتا تو جیسے رسول اکرم صلعم اس جہان سے رحلت فرما گئے ایسے ہی کلام مجید کی عظمت بھی برقرار نہ رہتی کیونکہ جو آیات الٰہی نہیں ہوتیں اُن کا رواج ہمیشہ نہیں رہ سکتا۔

چنانچہ فرماتے ہیں :-

مدتِ ہفصد شد از و تا بجا — تازہ تر ست ایں خطِ والا بجا

گر ز گذافے بُدے ایں رہ بپاے — او شد و ایں نیز نماندے بجاے

صلعم ۱۲

ہرچہ نہ آثارِ خدائی دہد | کے ہمہ وقت روائی دہد
ہیبت شہے کو زجہاں بست بار | دولتِ او تا بہ ابد پائے دار

معراج
رفتہ و باز آمدہ دریک زماں | رفتن و باز آمدنش تواماں

دوسرا مصرعہ پہلے کی تفسیر ہے! اور لفظ تواماں اس مصرع کی روح ہے جو سامع کے دماغ میں مضمون کا پورا پورا نقش بٹھاتا ہے۔

معراج سے مراجعت کا مضمون خواجہ نظامیؒ نے بھی مثنوی مخزن الاسرار میں بیان کیا ہے:-

"واں سفرِ عشق بنبا ز آمدہ | در نفسے رفتہ و باز آمدہ"

مگر خسرو کے شعر میں لفظ تواماں نے بیحد لطافت پیدا کردی ہے۔

چشمِ یقینش چو برحمت فتاد | اُمتِ بیچارہ نزفتش زیاد
آب کہ خود خورد ازاں زمزمہ | قطرہ چکانید بکامِ ہمہ
قطرۂ او چشمۂ والا شدہ | چشمہ چہ گویند کہ دریا شدہ
نیم شب آں پیکِ الٰہی ز دور | آمد و آورد براقے ز نور
داد نویدش کہ ازیں قعرِ چاہ | خیز و بدریائے ابد جوئے راہ
برق صفت جست بہ پشت براق | کردہ بمیثاق شتاب از وثاق
جست بروں جوہرش از کن فکاں | یافت مکانے بحدِ لامکاں
از زبر و زیر بروں بر ذات | زیر و زبر ہیچ نماند از جہات

منزلے یافت منازل نورد — کیف وکم از رہ بروں بردگرد
پردۂ خویشی زمیاں خاستہ — مرتبۂ بے خودی آراستہ
چوں زمیاں رفتہ حجابِ خیال — بے حجبش جلوہ نمود آں جمال
جامِ عنایت زصفا نوش کرد — وز خودی خویش فراموش کرد

مدحتِ شاہ | اگرچہ ممدوح کا رویہ ناممدوح تھا مگر شاعر کو شیوۂ شاعری کے لحاظ سے یہ رسم بھی ادا کرنی تھی :-

سلکِ سخن را کہ دُرافشاں کنم — پیش کشِ حضرتِ سلطاں کنم
اے سخن! از رشتہ بروں آر دُر — وز دُرِ خود کن ہمہ آفاق پُر
زانکہ چو بوسم درِ دولت پناہ — تحفہ ازیں بہ نبود پیشِ شاہ
شاہ سکندر روش و دارانشاں — آئینۂ روئے سکندر وشاں

اس مدح میں ایک شعر خسرو کے قلم سے بے لاگ اور مورخانہ نکلا ہی جو کیقباد کی سہ سالہ سلطنت کا خلاصہ ظاہر کرتا ہی :-

تا تو گرفتی ہمہ عالم بنام — تیغ فرو خفت میانِ نیام

یہ بات بالکل سچ ہی کہ اس کی داد و دہش اور عیش و عیاشی کا شہرہ تو دُور دُور ہوا۔ مگر نہ کوئی جنگ ہوئی نہ کوئی ملک فتح ہوا۔

بزمِ مغربی | سلطان ناصرالدین کی شبینہ ضیافت جس کا ذکر ہم خانگی ملاقاتوں کے تحت میں کر چکے ہیں۔ جس کے بیان میں خسرو نے شعرا نے ہر ایک ادنٰے

اعلیٰ شے کی صفت نگاری کی ہے اُس میں سے کچھ اشعار ضیافتِ طبع ناظرین کے لئے یہاں نقل کئے جاتے ہیں:۔

صفتِ شب

شب چو بیاراست سرِ سپہر — گشت مکلّل تتقِ ماہ و مہر
یافت فلک پردۂ گوہر نگار — رشتۂ شب از پئے آں پود و تار
طاقِ سما کرد چراغ آشکار — طاق یکے بود و چراغش ہزار
جوہریِ شام بسوداگری — کردہ گہر پیشکشِ مشتری
چرخ یکے حلقۂ انگشترین — بر سر یک حلقہ ہزاراں نگین
خوشۂ چرخ از علفِ خانہ خیز — بہر خروسانِ سحر دانہ ریز
کرمکِ شب تاب زہر جہاں — ہمچو شرار از سرِ آتش جہاں

صفت شمع

شمع بہر بزم یکے سر فراز — خاصہ ببزمِ شہ عالم نواز
شمع نہ بل اخترِ عالم فروز — در دلِ شب شعشعہ پیوندِ روز
ساختہ از دود مدادے زسر — دادہ بپروانہ سوادے زسر

صفت چراغ

گشتہ دواں خانہ بخانہ چراغ — آتشِ او در دلِ شب کردہ داغ
پنبہ دہانے بزبانے دراز — باہمہ کس گرم سرِ سوز و ساز

پیش روِ راہ زنورِ بصر　　گم شدہ را در دلِ شب راہبر

صفت بادہ

مَے کہ عرق از تنِ مرداں کشید　　گوہرِ ہر مرد ازو شد پدید
پیشِ چناں گوہرِ یاقوت رنگ　　کوہ زدہ بر سرِ یاقوت سنگ
نامِ حرام ارچہ بر و شد وبال　　ہر چہ نمک خورد مداں جز حلال
طرفہ حرامے کہ بہر دست گاہ　　حقِ نمک دار د ازیں سان نگاہ
لاجرم او داشت نمک را عزیز　　حرمتِ او داشت ہمہ خلق نیز

صفتِ قرابہ

سینۂ قرابہ برآوردہ شور　　وز خسِ خود چشم بداں کردہ کور
خونِ دلش گرچہ بساغر خوری　　ہم نہ کشد سر ز تواضع گری

صفتِ پیالہ

گشت لبالب زمے جاں سرشت　　کردہ حدیثے ز لبِ جوئے بہشت
بادہ تو گوئی کہ درو از صفا　　ہست معلق بمیانِ ہوا

صفت ساقی

ساقیِ صوفی کش و مردم فریب　　بردہ بیک غمزہ ز عالم شکیب
نرگسِ نازندۂ او نیم باز　　نیمے ازو خواب و دگر نیمہ باز
از کفِ او دو دو ما دم خوش است　　ور مثل جور بود ہم خوش است

چوں بدہد بادہ وگوید کہ "نوش" مست بروزِ دگر آید بہوش

صفتِ چنگ

چنگِ سرافگندہ سرافراختہ موے بمویش زہنر ساختہ

صفتِ رباب

کاسِ رباب از شغبِ دلنواز بردہ دلِ مردم و جاں دادہ باز

صفتِ نے

نامے دہاں بستہ و بسیار گوے نامے مگوکش بفسوں مار گوے

باز کند لب چو زباں آورے لیک زبانش بلبِ دیگرے

صفتِ دف

زہرہ زدوش بسرود آمدہ چنبرش از چرخ فرود آمدہ

بستہ جلاجل بکمر جا بجاے چوں کمرِ چرخ جلاجل نماے

ہر سخنِ نغز کہ با دوست کرد آں ہمہ در پردہ و در پوست کرد

صفتِ مائدہ خاص

گرم تریں کارگزارانِ خواں مائدہ کردند ز مطبخ رواں

خوانچہ آراستہ بیشِ ہزار ہر ہمہ الوانِ نعم کردہ بار

صد قدح از شیرۂ آبِ نبات در مزہ ہمشیرۂ آبِ حیات

نانِ تنک صاف بداں گونہ بود کز تنکی رو بدگر سو نمود

نانِ تنوری زطرب قبہ لیست   زاں کہ بخوانِ شہ عالم نشست

صفتِ زنانِ مطربہ

شد زنِ مطرب بنوا پروری   انجمنے پُر زمہ و مشتری

پردہ بر انداختہ از آفتاب   کردہ بیک غمزہ جہانے خراب

روے چو خورشید بر افروختہ   جانِ کساں زآتشِ خود سوختہ

یافتہ از نغمہ گلوشاں خراش   صوتِ خراشیدہ شاں جاں خراش

زابروے خم پشت کماں ساختہ   تیرِ مژہ نیم کش انداختہ

زنانِ مطربہ کی ابرو مثل کمان تھی اور مژہ مثل تیر۔ یہ تشبیہات مبتذل ہیں مگر تیرِ مژہ کا جو وصف بیان کیا ہے کہ "نیم کش انداختہ" اس میں ایک ادا ے خاص کی تصویر کشی کی ہے جس سے مضمون شعر نہایت بلند ہو گیا۔

جشن نوروز معزی دلّی میں کیقباد نے جشن نوروزی کیا ہے۔ خسرو نے اُس کا تمام سامان اِس بیان میں سجایا ہے۔ گھوڑوں اور ہاتھیوں کی قطاریں ساز و یراق سے آراستہ کھڑی ہیں۔ دربار کی آرائش تین قسم کے گل و بوٹوں سے کی گئی ہے:-

(۱) زرّیں   (۲) مومیں   (۳) اصلی یعنی گلدستوں کا

دیواریں اطلس سے سجائی گئی ہیں۔ زربفت کا فرش ہے۔ بادشاہ تخت پر جلوہ فرما ہے۔ فوجی سردار صف بہ صف حاضر ہیں۔ نذریں پیش ہو رہی ہیں۔ صحاب

اُن کا حساب لکھ رہا ہے۔ حاجب پکار پکار کر تفصیل بیان کرتا ہے۔ رات کو بزم مے نوشی کی دھوم دھام ہے۔ اور بادشاہ کی طرف سے خلعت و انعام۔

از دو طرف رایتِ لعل و سیاہ ۔۔۔ سایہ رسانید زماہی بہ ماہ

یک دو ہزار اسپ مرصّع ستام[1] ۔۔۔ از دمِ خود بستہ صبا را مدام

(ایک دو ہزار گھوڑے جن کا زیور جڑاؤ تھا۔ ایسے تیز کہ بادِ صبا کو اپنی دم سے باندھ رکھا تھا)

میمنہ[2] جلہا سیہ انداختہ ۔۔۔ آتشے از دودِ سلب[3] ساختہ

(داہنی طرف گھوڑوں پر سیاہ جھولیں پڑی ہیں۔ گویا گھوڑے آگ ہیں اور اُن کا سیاہ لباس دھوئیں کا)

میسرہ[4] از پوششِ جلہائے لعل ۔۔۔ جلوہ کناں باد[5] زگل ہائے لعل

(بائیں طرف کے گھوڑوں کی جھولیں سرخ تھیں گویا گھوڑے ہوا تھے اور جھولیں لال لال پھول)

وز پسِ اسپان صفِ پیلانِ مست ۔۔۔ ابر و ہوا کردہ بصحرا نشست

قلعہ آہن تنہ بر گستواں ۔۔۔ قلعہ بجا ماندہ ستونش رواں

(ہاتھی ایسا معلوم ہوتا تھا گویا لوہے کے قلعے پر پاکھر پڑی ہے۔ قلعہ قائم ہے اور ستون یعنی ہاتھی کے پاؤں چلتے ہیں)

باغِ زر آراستہ شد جائے بار ۔۔۔ کردہ بر و ابر جواہر نثار

---

[1] ستام۔ گھوڑے کا زیور ۱۲ [2] میمنہ۔ داہنی طرف ۱۲ [3] سلب۔ لباس ۱۲
[4] میسرہ۔ بائیں طرف ۱۲ [5] مراد گھوڑوں سے ۱۲

از دُر و یاقوت درختاں فراخ　　　مرغ ز زر ساختہ بالائے شاخ

شاخ تو گوئی کہ بخواہد چکید　　　مرغ تو گوئی کہ بخواہد پرید

(یعنی وہ مصنوعی شاخ ایسی بنائی گئی تھی کہ گویا اُس میں سے پھل ابھی ٹپک پڑے گا اور چڑیا ایسی ہے کہ گویا اُڑا چاہتی ہے)

ساختہ از موم بسے نخلِ چست　　　کاں بجز از موم نباید درست

باغِ سوم چوں گزری زین و باغ　　　یافتہ از لالہ و ریحان فراغ

بستہ بسے دستہ گلِ دلفریب　　　کوششِ صد دستہ نمودہ بزیب

(بہتیرے دل فریب گلدستے تیار کئے تھے جن کی زیبائش میں سو ہاتھوں کی کوشش صرف ہوئی تھی]

یافتہ سبزہ زچمن ہا درود[1]　　　بہرِ درود آمدہ آں جا فرود

قصرِ ہمایوں ز زمیں تا سماک[2]　　　زیورِ زر بستہ چو فردوسِ پاک

اطلسِ زربفت بدیوارِ سنگ　　　دادہ بہر سنگ زیاقوت رنگ

کردہ مسلسل زگہر بوریا　　　کانِ زرش خواندہ فلک بے ریا[3]

خاک ازاں مفرشِ[4] زر بافتہ　　　خلعتِ نوروز زشہ یافتہ

جشن چو آراستہ شد یک سرہ　　　از طرفِ میمنہ و میسرہ

---

[1] کاٹنا گھاس وغیرہ کا۔ دوسرے مصرعے میں بمعنی دعا۔ آفریں، تحسین ۱۲ [2] نام ہے ایک ستارہ کا ۱۲ [3] بے شک و شبہ ۱۲ [4] فرش ۱۲

شاہِ جہاں نشست بزرین سریر   چشمِ جہاں دوختہ از قدچو تیر
آبِ دُر از تاج و قبا و کمر   تا بکمر تا بہ گلو تا بہ سر

چونکہ بادشاہ کے تاج، قبا اور پٹکے میں موتی ٹکے ہوئے تھے تو پٹکے کی چمک کمر تک اور قبا کی گلے تک اور تاج کی سر تک تھی - اس شعر میں ایک تولف ونشر ہے بترتیب معکوس اور دوسرے ایہام کیا ہے لفظ آب کے حقیقی معنی سے - اگرچہ اس شعر کی بنیاد ایہام پر ہے مگر بندش الفاظ اور حسنِ معنی کے لحاظ سے پُرلطف شعر ہے -

تن چو دراں خلعتِ وشن گرفت   خونِ یواقیت بگردن گرفت

(بادشاہ نے جب یہ خلعت زیب تن کیا تو یاقوتوں کا خون اُس کی گردن پر تھا - یعنی یاقوت اس رشک سے خون ہوگئے کہ خلعتِ شاہی میں ہم کو جگہ نہ ملی یا یہ کہ یاقوت جو گریبان میں ٹکے ہوئے تھے وہ بادشاہ کی گردن کی سُرخی دیکھکر شرمندہ ہوگئے)

جنبشِ سہم الحشم از ہر کراں   سہم زناں بر حشمِ اختراں

(فوجی سردار جو اِدھر اُدھر چل پھر رہے تھے ایسے چست وچالاک تھے کہ گویا ستاروں کی فوج پر بھی تیر مارتے تھے)

شحنہ[1] بار آمد و صف راست کرد   ترکِ فلک ہیبت از و خواست کرد
پیش کشیدند گراں تا گراں   خدمتیِ[2] ہر ہمہ خدمت گراں

---

[1] منتظم دربار ۱۲   [2] نذر ۱۲

(اس سرے سے اُس سرے تک جملہ ملازمان شاہی نے نذریں پیش کیں)

گشت پُر از نافہ چینی زمیں — باد شد از نافِ زمیں نافہ چیں

ہر و صفا از صف شکناں گشت راست[1] — تیغ وراں دست چپ و دست راست

حاجبِ فصّال چو قمری و سار — نغز نوا گشتہ بفصلِ بہار

شب چو برآئینِ بہاراں زمیں — کرد ہوا پُر ز گل و یاسمیں

شاہ بخلوتگہِ دولت شتافت — خلوت از و دولتِ جاوید یافت

کرد رواں برکفِ چوں لالہ زار[2] — بادۂ گل رنگ بہ بوئے بہار

شاہ بہر جرعہ کہ بر خاک ریخت — در جگرِ خاک دُرِ پاک ریخت

متفرق مقامات

اب ہم چند مختلف مقامات کے اشعار بھی (جن میں خاص خاص خوبیاں پائی جاتی ہیں) پیش کرتے ہیں۔

جوش و اثر

مناجات میں فرماتے ہیں ؎

اے گنہ آمرز و شفاعت پذیر — پُرگنہاں را بکرم دستگیر!

گرچہ تنِ من زپے سوز را ست[3] — رحمتِ تو از پے ایں روز راست

من کہ نہ نیکی ہمہ بد کردہ ام — نیک و بدِ خود بتو آوردہ ام

---

[1] تفصیل بیان کرنے والا چوبدار ۱۲ [2] مینا ۱۲ [3] "پے" کے بعد "را" بمعنی برائے زائد اور یہ متقدمین کا محاورہ ہے ۱۲

عذر ز عاصی بود اندر گناہ　　　　طرفہ کہ من عاصی و او عذر خواہ

نعت میں فرماتے ہیں ؎

تا بسریر عرب آں جم نشست　　　　رعب عرب در ہمہ عالم نشست
خطبۂ لولاک بپرداختہ　　　　منبر نہ پایہ ازاں ساختہ
ہستیِ او تا بہ عدم خانہ جود　　　　نقشِ وجود از ہمہ بیگانہ بود
چوں ز وجودش عدم آوازہ یافت　　　　تختہ ہستی رقمِ تازہ یافت

بیان معراج میں فرماتے ہیں ؎

جامِ عنایت بصفا نوش کرد　　　　وز خودیِ خویش فراموش کرد
بسکہ بروں برد وصالش ز پوست　　　　فرق نہ دانست ز خود تا بدوست
راہ کہ پر گم شد ازاں جبرئیل　　　　وہم ملائک نشد آنجا دلیل
عزم ازاں قبلہ گہِ دل کشید　　　　بیشتر از خویش بمنزل کشید
رفتہ و باز آمدہ در یک زماں　　　　رفتن و باز آمدنش تواماں

یہ اُس لشکر کا بیان ہی جو سلطان ناصر الدین کے ساتھ بنگالے سے آیا تھا ؎

لشکرِ مشرق ز او دہ تا بہ بنگ　　　　چیرہ دل و خیرہ کُش و تیز جنگ
ترکِ خدنگ افگن و سنداں گزار[1]　　　　ہر ہمہ شیر افگن و اژدر شکار

---

[1] جو شخص اپنا تیر سنداں سے پار کردے۔ سنداں لوہاروں کا وہ اوزار جس پر لوہا کوٹتے ہیں ۱۲

تا چکِ[1] گردن کش و لشکر شکن | بیشترے نیزہ در و تیغ زن
راوتِ[2] ژو[3] پیں[4] زنِ خارا شگاف | پشت بہ پشت از پئے روے مصاف
خشت زنانے کہ گہِ آزموں | خشت نشانند بہ سنگ اندروں
پایک بازی گرِ موزوں خرام | دادہ ببازی سرِ خود بہرِ نام
پیکِ گراں سنگ سبک ایستاد | تند چو ابرے کہ رود روزِ باد
بحرِ رواں بشکرِ دریا نورد | موج زناں آب زمردانِ مرد

کیقباد کے لشکر کا بیان ہے جو دلی سے روانہ ہوتا ہے

نورِ علمہا کہ بہ کیواں گرفت | آتشے گوئی بہ نیستاں گرفت
پرچمِ بیرق کہ بگردوں رسید | در رخِ مہ کرد محاسن پدید
دمدمۂ کاسہ بآوازِ خوش[5] | کوس زدہ با فلکِ کاسہ وش
نیزہ کہ بر چرخ سر افراختہ | پیرِ فلک خانہ زِنے ساختہ
ہیکلِ پیلاں بزمیں خم فگند | زلزلہ در عرصۂ عالم فگند
زاں ہمہ دنداں کہ بلا سنج بود | روے زمیں عرصۂ شطرنج بود
جنبشِ اسپ[6] از سمِ خارا شگاف | لرزہ در افگند زمیں را بناف
ہر یک از اں کوہ تنانِ چو پیل | رقص ہمی کرد ببانگِ صہیل[7]

---

[1] اولادِ عرب جو عجم میں پیدا ہوئی ۱۲ [2] سردار۔ راجپوت ۱۲ [3] نیزہ کوچک ۱۲ [4] ہندوستان کی ایک قوم ۱۲ [5] آوازِ نقارہ ۱۲ [6] مراد از اسپاں ۱۲ [7] بالفتح آوازِ اسپ ۱۲

گردِ سواراں کہ بخورشید جست | قطرۂ بر چشمۂ خورشید بست
بلکہ ازاں گرد سرافراختہ | چشمۂ خورشید شد انباشتہ
موئے شگافاں بکماں بستہ زہ | زہ زدہ ابروئے کماں را گرہ
تیغ برہنہ کہ بپوشید دشت | برہنہ راہیں کہ چہ پوشیدہ گشت
تیغ نہ۔ بل کاتشِ فولاد خیز | بر دلِ سنگینِ عدو گشتہ تیز

کیقباد کا لشکر کوچ کرتا ہے

صبح چو برزد علمِ آفتاب | لشکرِ سیارہ فروشد بآب
کوسِ عزیمت زدِ شہریار | لرزہ در آورد بروئیں حصار
دمدمہ را کرد دمامہ بلند | دم بدم نائے دمادم فگند

کیقباد کی زبان سے فخریہ پیام ناصر الدین کے نام

من کہ زدر وازۂ اقلیم ہند | لشکرے آراستہ ام تا بہ سند
سدِ سکندر زدہ ام از سپاہ | فتنۂ یاجوجِ مغل را پناہ
روتو۔ چو خورشید زمشرق برائے | من بسم اسکندرِ مغرب کشائے
شو تو۔ سوئے کامرو انگیز رخش | من کنم اقصائے عراقین بخش
خیز تو۔ از قلعۂ چیں جوئے گنج | من زدرِ روم شوم سیم سنج

۱؎ بالفتح پل ۱۲ ۲؎ نقارہ ۱۲

عبرہ ازاں معبرِ دریا تو جوے | من دہم از تیغ بہ بحریں سبوے
از تو ز ہند و شدن پیل و مال | وز قبلِ من بمغل قیل و قال
تاج زمن - سر ز تو افراختن | عاج ز تو - تخت زمن ساختن
تا تو بمشرق بوی و من بغرب | حربہ خورد ہر کہ در آید بہ حرب

سلطان ناصر الدین کشتی میں سوار ہو کر دریاے سرجو کے پار اترتا ہے

آب شد از بحر رواں تختہ پوش | کردہ ز ہر تختہ معلّم خروش

(یعنی کشتیوں کی کثرت سے دریا ڈھک گیا اور ہر تختۂ کشتی پر ایک معلم یعنی کپتان ملاحوں کو چلا چلا کر کشتی رانی کا حکم دینے لگا)

نعرۂ ملاح کہ می شد با وج | بر تنِ خود لرزہ ہمی کرد موج
آب ازاں غلغلہ ز اندازہ بیش | گرد ہمی گشت بگردابِ خویش

جس وقت کشتی منجدھار سے گذرتی ہے تو ملاح سب مل کر یکبارگی زور لگاتے اور نعرے مارتے ہیں اُس وقت کی کیفیت بیان کرتے ہیں کہ۔

"ملاحوں کے شور و غل کو سُن کر موج بھی کانپ رہی تھی اور دریا بھنور کے گرد گھومنے سے رُک گیا تھا"

کشتیِ پوئیدہ کہ چوں تیر بود | بود بجائے کہ زمیں گیر بود

(غیر رو کشتی تیر کی طرح چلی اور فوراً کنارے پر جا لگی)

سوز و گداز

زسر کرشمہ یکرہ گزرے بسوے من کن | بعنایتے کہ داری نظرے بروے من کن
منم و دلے و دردے زغمت چو ناتوانا | بزکوٰۃِ تندرستی گزرے بسوے من کن

ایجاز

گرچہ پدر بر سرِ تختش کشید | نشست و فرود آمد و پیشش دوید

سلطان ناصرالدین نے زبردستی پکڑ کر کیقباد کو تخت پر بٹھا دیا تھا۔ دوسرے مصرع میں کس اختصار کے ساتھ تمام کیفیت کی تصویر کھینچ دی ہو کہ

کیقباد بتعمیل حکم تخت پر جا بیٹھا۔ مگر فوراً اُترا اور دوڑ کر باپ کے پاس چلا آیا۔

تشبیہ و تمثیل اس مثنوی کے اشعار میں تشبیہ و تمثیل اکثر نادر و غیر مکرر ہی اور بعض جگہ معمولی تشبیہ کو کسی نکتہ کے اضافہ سے لطیف و دل پسند بنا دیا ہو۔ لہذا چند اشعار متضمن تشبیہ و تمثیل نذر ناظرین کئے جاتے ہیں۔

لشکرِ اسلام کہ آنجا رسید | بود زمیں تشنہ کہ دریا رسید

(اسلام کا لشکر وہاں پہنچا گویا پیاسی زمین کے پاس دریا پہنچا۔ یعنی وہاں امن و خوشحالی پیدا ہو گئی)

اس شعر میں لشکر اسلام کے پہنچنے کو ایسے دریا سے تمثیل دی ہو کہ پیاسی زمین پر جا پہنچے۔ اور اس کو سیراب و شاداب کر دے۔

خنجرِ شہ قطرۂ آبے شمار | قطرہ کہ بنشاند زمیں را غبار

(بادشاہ کے خنجر کو قطرۂ آب سمجھو۔ مگر ایسا قطرہ جس نے روے زمین سے گرد و غبار کو دبا دیا یعنی

فتنہ و فساد کو دور کر دیا)

خنجر کو قطرہ کے ساتھ تشبیہ دینا ایک معمولی تشبیہ ہے۔ مگر دوسرے مصرع میں جو صفت قطرہ کی اضافہ کی ہے اُس نے اس تشبیہ میں ایک نازک لطف پیدا کر دیا ہے۔

بود بیک جائے صفِ تیغ و تیر ہمچو نیستاں بلبِ آب گیر

(تلواروں اور تیروں کی صف پاس پاس تھی۔ گویا تالاب کے کنارے نیستاں کھڑا تھا)

یہاں صفِ تیغ کو آبگیر سے تشبیہ ہے بوجہ آب و تاب کے اور صفِ تیر کو نیستاں سے۔

شد زمیں از نعل نقش و نگار چوں شکمِ ماہی و اندامِ مار

(گھوڑوں کے نعل سے زمین پر ایسے نقش و نگار ہو گئے تھے کہ وہ شکمِ ماہی اور اندامِ مار کی مانند معلوم ہوتی تھی یعنی زمین پر نعلوں کے نشان کثرت سے تھے۔ جیسے کہ شکمِ ماہی اور اندامِ مار پر ہوتے ہیں)

تیز تگ و گوش چو پیکاں پدید بر سرِ یک تیر دو پیکاں کہ دید؟

(گھوڑا تیز دوڑنے والا ہے اور اُس کی کنوتیاں ایسی معلوم ہوتی ہیں گویا ایک تیر کے سرے پر دو پیکان ہیں)

یہاں گھوڑے کو تیر سے اور اس کے کانوں کو پیکان سے تشبیہ دی ہے۔ اور دوسرے مصرع میں تعجب مفید مدح ہے۔

دائرہ خیمہ بسبزی قطار ابر فرود آمدہ در مرغزار

(ہر بادل میں خیموں کا کیمپ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سبزہ زار میں بادل اُتر پڑے ہیں)

یہاں خیموں کو بادلوں سے تشبیہ دی ہے

پیکِ گراں سنگ سبک التیاؤ تند چو ابرے کہ رود روزِ باد

(ہاتھی ہے تو بڑا وزنی مگر جھٹ پٹ کھڑا ہو جاتا ہے۔ تیز رو ایسا جیسے آندھی کے دن ابر)

یہاں ہاتھی کو ایسے بادل سے تشبیہ دی ہے جو آندھی کے دن ہوا پر دوڑتا ہے۔ وجہ شبہ تیز روی ہے۔

طرفہ عروسی شدہ آراستہ آئینہ از آبِ رواں خواستہ

قصر کیلوکھڑی کی صفت میں بیان کرتے ہیں کہ:۔ (یہ قصر حسن و زیبایش میں ایک عروس ہے جس نے جمنا کے آب رواں کو اپنا آئینہ بنایا ہے تاکہ اُس میں اپنا جمال دیکھے)

اس شعر میں قصر کو عروس سے اور آبِ رواں کو آئینہ سے تشبیہ دی ہے۔

ہیچو دو آئینہ مقابل زتاب آب دراں عکس نما۔ رو در آب

(یہ قصر اور آب جمن دو مصفا آئینے ہیں ایک دوسرے کے مقابل۔ پانی کا عکس تو قصر کی دیواروں میں نظر آتا ہے اور قصر پانی کے اندر) اس شعر میں قصر اور آب جمن دونوں کو آئینہ سے تشبیہ دی ہے مگر ایسے آئینہ سے کہ ایک کا عکس دوسرے کے اندر نمودار ہے۔

نرگس بے دیدہ رواں کو روش خارعصا۔ بادِ خزاں کور کش

(یہ موسم خزاں کا بیان ہے کہ نرگس کے دیدے پٹ ہوگئے۔ اندھوں کی طرح چلتی ہے۔ کانٹا اس اندھی کی لاٹھی ہے اور بادِ خزاں اسکو کھینچکر لئے جا رہی ہے) اس شعر میں نرگس کو اندھی سے کانٹے

؎ استاد ذوق نے ایک قصیدے میں اسی تمثیل کو الٹ دیا ہے ؎

ہوا پہ دوڑتا ہے اس طرح سے ابر سیاہ کہ جیسے جائے کوئی پیل مست بے زنجیر

کو لاٹھی سے اور بادِ خزاں کو آندھی کی رہ نما سے تشبیہ دی ہے۔ وجہ شبہ ہر ایک کی ظاہر ہے۔

نم بکفِ دستِ چنار از روش　　　زیبقِ لرزاں بکفِ مرتعش

(چنار کے پتوں پر تری اس طرح حرکت کرتی ہے جیسے رعشہ والے کی ہتھیلی پر پارہ کانپتا ہے)

یہاں چنار کے پتوں پر نمی کے ہلنے کو ایسے زیبق سے تشبیہ دی ہے جو کفِ مرتعش پہ لرزاں ہو۔

جامۂ گل پارہ شدہ بر تنش　　　غنچہ گرہ بر زدہ بر دامنش

(پھول چونکہ کھل چکا ہے تو اُس کے تن پر جو کپڑا تھا پھٹ گیا۔ مگر کلی ایسی معلوم ہوتی ہے گویا پھول کے پھٹے دامن میں گرہ لگی ہوئی ہے) یہاں پھول کی پتیوں کو جامۂ پارہ شدہ سے تشبیہ دی ہے اور غنچے کو ایسی گرہ سے جو پھٹے ہوئے دامن پر لگی ہوئی ہے۔ پہلی تشبیہ تو مبتذل ہے مگر دوسری میں تازگی و ندرت ہے۔

قطرہ کہ شد زابر چکاں بر ہوا　　　مہرۂ بلور شدہ در ہوا

(شدت سرما کا بیان ہے کہ جو قطرہ بادل سے ٹپکتا ہے وہ سردی سے جمکر مہرۂ بلور بن جاتا ہے)

یہاں قطرۂ آب کو بلوری مہرہ سے تشبیہ دی ہے۔

بادہ چو خورشید پگہ تا بہ شام　　　کردہ طلوعے و غروبے بجام

(شراب صبح سے شام تک پیالے میں آفتاب کی طرح طلوع و غروب کرتی ہے۔ یہاں شراب کو آفتاب سے اور شراب کے پیالے میں بھر جانے اور نکالے جانے کو طلوع و غروب سے تشبیہ دی ہے)

شہ بتہِ چترِ سیہ می چمید　　اوّلِ شب صبحِ دوم می دمید

(بادشاہ چتر کے سایہ میں خراماں چلتا تھا۔ گویا رات کے شروع ہوتے ہی صبح صادق نمودار ہو گئی تھی)

اس شعر میں چترِ سیاہ کو اوّل شب اور بادشاہ کو صبح صادق سے تشبیہ دی ہے۔ وجہ شبہ تشبیہ اوّل تاریکی اور دوم میں نور ہے۔

وکدکِ[1] دندانِ برہنہ تناں　　چوں شغبِ چوبکِ[2] چوبک زناں

(جو لوگ برہنہ تن تھے جاڑے کے مارے اُن کے دانت بج رہے تھے۔ دانتوں کے بجنے کی آواز ایسی تھی گویا چوکیدار چوبک بجا رہے ہیں)

سبزۂ نورستہ تو گوئی مگر　　بچۂ طوطی ست کہ شد سبز پر

(سبزہ جو تازہ اُگا ہوا تھا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ طوطے کے بچے نے ابھی کلیاں نکالی ہیں)

رودزن[3] از سینہ بروں بردہ صبر　　آب چکاں[4] دست چو باراں ز ابر

(مطرب نے ایسا بجایا کہ لوگوں کے دل بیقرار کر دیئے۔ اُس کا ہاتھ نہایت لطیف ہے گویا بادل سے مینھ برس رہا ہے)

در کماں دست برد چوں ہنر بر　　قوسِ قزح داں کہ برآمد ز ابر

کمان کو قوس قزح سے تشبیہ دی ہے۔

پشتِ وے از بارِ گہر خم زدہ　　چوں سحرِ گلشنِ شبنم زدہ

(بادشاہ کے چتر کی صفت ہے کہ موتیوں کے بوجھ سے ایسا جھک گیا تھا جیسے صبح کے وقت گلشن شبنم کے بوجھ سے)

---

[1] شدت سرما سے دانتوں کے بجنے کی آواز ۱۲ [2] چوبک۔ ڈنڈا۔ زمانہ قدیم میں اکثر چوکیداران ایک ڈنڈا اور ایک تختہ رکھتا تھا۔ ڈنڈے سے اس تختے کو بجایا کرتا تھا کہ چوکیدار اپنے اپنے کام پر ہوشیار رہیں ۱۲ [3] رودزن۔ مطرب ۱۲ [4] آب چکاں۔ نہایت ہلکا اور لطیف ۱۲

تو دۂ لعلے کہ بہر گوشہ بود — روئے زمیں پُر ز جگر گوشہ بود

(لعل جو نثار کئے گئے تھے ہر طرف پڑے تھے گویا سطح زمین زنگار رنگ لعلوں سے پُر تھی یا وہ لعل زمین کے جگر کے ٹکڑے تھے۔ کیونکہ لعل زمین کے اندر سے نکلتا ہی)

آمد آں سادہ زنخ بر منِ بیہوش زدآب — بر سرِ تشنہ نگہ کن کہ چساں چاہ برسید

یہاں زنخ کو چاہ سے تشبیہ دی ہے اور یہ نہایت مبتذل تشبیہ ہے مگر دوسرے مصرعہ کے مضمون نے کہ "چاہ بر سرِ تشنہ رسید" اس تشبیہ میں ایک دلآویزی پیدا کر دی ہے۔

موئے میاں در کمرِ زر شدہ — رشتہ بیاقوت و گہر در شدہ

بسایہ بودم خفتہ کہ یار آمد و گفت — چہ خفتہ؟ کہ رسید آفتاب در سایہ

پنجہ کشادہ گلِ لعل از پلہ[1] — غرق بخوں ناخنِ سیرِ پلہ[2] آزاد ۱۲

ز ابروئے خم پشت کماں ساختہ — تیرِ مژہ نیم کش انداختہ

اودہ میں ایک شب سلطان ناصر الدین کیقباد کی خیمہ گاہ میں آیا ہی۔ اور دونوں بادشاہ ایک ہی تخت پر جلوہ فرما ہوئے ہیں۔ اس موقع کے بیان میں

---

[1] پلہ یا پلاس۔ درخت ڈھاک ۱۲ [2] بزم مغزی کے آخر میں اس شعر پر نوٹ دیا گیا ہی ۱۲

خسرو شعرا نے بہت سی تمثیلیں نکالی ہیں جس سے طبیعت کی جولانی اور تخیل کی وسعت ظاہر ہوتی ہے ؎

ہر دو بیک تن چو دو پیکر شدند ۔ بر فلکِ تخت چو مہ بر شدند
گشت بہ برجے دو قمر جاے گیر ۔ گشت قرین بدو سلطاں سریر
ملک بہ یک تخت دو دارا نمود ۔ دہر بیک آب دو دریا نمود
روے زمیں فرِ دو جمشید یافت ۔ چشمِ جہاں نورِ دو خورشید یافت
خاتمِ جم را دو نگیں دست داد ۔ افسرِ کسرے بہ دو فرق اوفتاد
دبدبہ کوسِ دو لشکر زدند ۔ نوبتِ اقبالِ دو سنجر زدند
گلشنِ دولت بدو گل تازہ گشت ۔ صوتِ دو بلبل بیک آوازہ گشت
مصقلۂ چرخ دو خنجر زدود ۔ آئینۂ ملک دو صورت نمود
سایہ یکے کرد دو فرِ ہماے ۔ پایہ یکے ساخت دو لشکر کشاے
شاخ بہم سود دو سرو جواں ۔ موج بہم داد دو آبِ رواں
گشت یکے باغِ دو فوارہ جو ۔ گشت یکے منبع صفارا دو رو
کشتِ زمیں آبِ دو باراں چشید ۔ مغزِ جہاں بوے دو بستاں کشید

چرخ یکے شد بہ دو ماہ تمام
بزم یکے شد بہ دو دورِ مدام

کشتِ زمیں آبِ دو باراں چشید | مغزِ جہاں بوے دو بستاں کشید
چرخ یکے شد بہ دو ماہِ تمام | بزم یکے شد بہ دو دَورِ مدام

صوفیانہ خیالات

صفتِ ساقی کے عنوان میں امیر صاحب نے ظاہرا بزمِ شاہی کے ساقی کی صفت نگاری کی ہے۔ مگر موقع ایسا دلچسپ تھا کہ یہاں مجاز کے پردے میں حقیقت کی جھلک دکھائی ہے اور بعض اشعار ایسے پرلطف ہیں کہ ادنےٰ تامل سے اصلی ساقی (مرشد) کی یاد دلاتے ہیں۔

ساقیِ صوفی کُش و مردم فریب | بُرد بیک غمزہ ز عالم شکیب

ساقی یعنی مرشد کامل صوفی کا قاتل ہے عوام الناس کو دہوکے میں ڈال رکھا ہے کہ اُس کے کمال سے ناواقف ہیں اُس کی ایک ادا نے ایک عالم کے دلوں کو بے صبر و بیتاب کر رکھا ہے

گرچہ کہ چشمش شدہ با خواب جفت | لیک گہے فتنۂ چشمش نہ خفت

بظاہر اُس کی آنکھہ سوتی معلوم ہوتی ہے مگر اُس کی نگاہ باطن کی تاثیر کبھی معطّل نہیں ہوتی ہمیشہ طالبانِ حق کے دلوں کا شکار کرتی رہتی ہے

عکسِ جہاں نرگسِ مست و خراب | ہر ہمہ را سُرمہ دہد در سراب

اُسکی بیخودانہ نظر کی تاثیر جذبۂ محبت کو اور بھی تیز کر دیتی ہے (یا اہلِ محبت کو خاموش بنا دیتی ہے)

ہر کہ بیک جرعۂ او سر نہد | بے ہشیش بیسند و بر تر دہد

جو شخص ادنی فیضانِ مرشد کو تسلیم و رضا سے قبول کرتا ہے تو مرشد اُس کی بیخودی کا اندازہ کرکے اُس کے حال پر اور زیادہ توجہ کرتا ہے

مے دہد وخوں خورد از دل تمام ‌‌‌‌ جرعۂ باقی نگذارد بجام

مرشد فیضان پہونچاتا اور مرید کے دل کو خواہشوں کے لوث سے پاک وصاف کرتا ہے یہاں تک کہ اپنا فیضان پورا کر دیتا ہے

ورنہ شود مست حریف از شراب ‌‌‌‌ رو بنماید کہ بفیتد خراب

اگر طالب پر فیضان مرشد سے بیخودی طاری نہوئی تو مرشد اس کو اپنے انوار کا مشاہدہ کراتا ہے اس مشاہدے سے وہ بیخود ہو جاتا ہے

مست در روبیند داو سوے مے ‌‌‌‌ او شدہ مست از مے ومستاں زوی

پھر یہ حالت ہوتی ہے کہ طالب بیخود جو کچھ دیکھتا ہے مرشد کی ذات میں دیکھتا ہے اور مرشد فیضان غیب کا منتظر رہتا ہے غرض مرشد فیضان غیب سے مست وبیخود رہتا ہی اور طالب انوار مرشد کے مشاہدہ سے۔

بسکہ ہمہ جور بود دور او ‌‌‌‌ ہر کہ بود خون خورد از جور او

ایسے مرشد کا دور سراسر جور ہے یعنی کثرت فیضان لیکن ایسے فیضان کا تحمل کس سے ہو سکتا ہے ناچار طالب بظاہر خراب حال ہو جاتا ہے

از کف او دور دمادم خوش ست ‌‌‌‌ ور مثل جور[1] بود ہم خوش ست

ایسے مرشد کا فیضان بتدریج ہو تو زہے نصیب اور اگر یکایک ہو تو بھی اچھا

چوں بدہد بادہ ذگوید کہ نوش ‌‌‌‌ مست بروز دگر آید بہوش

جب مرشد کامل فیضان پہونچاتا اور طالب کو نوید عطا سناتا ہے تو طالب پر ایسی بیخودی

---

[1] جور ستم۔ جام لبالب پلا کر پینے والے کو لٹا دینا یعنی مست وبیخود کر دینا ۱۲

طاری ہوتی ہے کہ قیامت ہی کے دن ہوش میں آئیگا

حکمت و اخلاق

انسکرہ راگشت بہیں دستگاہ　　از ہنرِ خویش زبردستِ شاہ

تسکرہ کو اپنے ہنر کی وجہ سے بادشاہ کے ہاتھ پر ایک بہتر جگہہ ملی

چوں ہنرِ مرغ فراواں شود　　مرغ زبردستِ سلیماں شود

وائے بر آں آدمی بے خبر　　کو کم ازاں مرغ بود در ہنر

دیگر

گشت چو قاصد بتنِ مرد خوں　　بہ کہ بہ نشتر کند از تن بروں

دیگر

دجلہ چو آمیختہ گردد بہ نیل　　ہست جدا کردنِ آں مستحیل

دیگر

تا بچمن سرو بود سایہ دار　　کس نخزد زیرِ گیا سایہ دار

دیگر

چشمۂ چاہ ارچہ کہ بالا شود　　چشمہ محال ست کہ دریا شود

دیگر

ملک بمیراث نیابد کسے　　تا نزند تیغِ دو دستی بسے

دیگر

تیغ که سهراب بر رستم کشید　　هیچ شنیدی که ز گیتی چه دید؟

دیگر

خواست یکی خواسته لیکن نیافت　　آنکه نمی خواست بر و خود شتافت
رفت یکی در طلب لعل سنگ　　ریزۂ سنگیش نیامد بچنگ
وان دگرے را که غمِ آن نبود　　لعل چناں یافت که در کاں نبود
کوششِ بیہودہ ز غایت بروں　　کوبشِ آب است بہ ہاون درون

دیگر

این همه بیداری ما خفتن ست　　کامدنِ ما ز پئے رفتن ست
گر بودت خوش خور و بد خو مباش　　ور نبود رنجه مشو گو مباش
تنگ مباش از پئے عیشِ فراخ　　کاں پری از باغ که خیزد ز شاخ
هرچه رسد بیش خورد کم مخور　　ور نرسد۔ هم برسد غم مخور
هرچه بجوئی و نیابی۔ مرنج　　زانکه بخواهش نتواں یافت گنج

دیگر

آنکه شکیبش بقناعت درست　　قرصِ خور از قرصِ زرش بهتر است
کاں بغذا لذّتِ کامش دهد　　ویں بطمع خسّتِ نامش دهد

خطاب به نفس

ترک طمع گیر۔ ز خود شرم دار　　تا نشوی چوں خجلاں شرمسار

گرسنہ زانی کہ دریں تنگنائے | ناں ز ملک می طلبی ز خدائے
غرّہ بہ نزدیکی سلطاں مشو | بلبلِ باغی، مگس خوان مشو
ہست وے از خرمنِ ہستی خسے | تا تو چہ باشی کہ کمی زو بسے

بادشاہ عالم موجودات میں ایسا ہے جیسے خرمن میں ایک تنکا۔ پھر تو جو اس سے بھی کم تر ہے کیا چیز ہے !!!

